گلدستۂ مُحاورات

معہ ضرب الامثال

مرتبہ

رائے صاحب لالہ رگھوناتھ لتھا ے. بی - اے

ہیڈ ماسٹر دیال سنگھ ہائی سکول لاہور

لاہور

رائے صاحب منشی گلاب سنگھ اینڈ سنز

ایجوکیشنل پبلشرز

۱۹۳۱ء

1st Edition 1000 Price 1-0-0

اُردو مصادر اور اصطلاحات

(معہ معنی و تشریح - محلِ استعمال اور مثال وغیرہ)

(الف ممدودہ)

آب آب ہونا	پانی پانی ہونا - حد درجہ شرمندہ ہونا - ندامت کے سبب آنکھیں نہ اُٹھانا - کبھی صرف آب ہونا ہی بولتے ہیں +
آب بگڑنا	آبرو میں بٹہ لگنا - عزت بگڑنا - بے چمک ہونا +
آب دینا	صیقل کرنا - چمکانا - چھری یا چاقو کی دھار تیز کرنا +
آب و دانہ اُٹھ جانا	زندگی سے مایوس ہو جانا - سفر اختیار کر لینا - دُنیا سے چل بسنا +
آبرو پر پانی پھر جانا	بے عزت ہو جانا - نگاہوں میں ہلکا یا بے قیمت

ہو جانا ÷

آبرو خاک میں ملانا	عزت برباد کرنا۔ بے عزتی کرنا ÷
آبرو کے پیچھے پڑنا	بے عزت کرنے کی فکر میں رہنا۔ عصمت لینے کے درپے ہونا ÷
آبرو میں بٹّہ لگنا	عزت میں فرق آجانا ÷
آبرو سے ہاتھ اُٹھانا	عزت کی اُمید نہ رکھنا۔ یا عزت سے بے پروا ہو جانا ÷
آبرو بگاڑنا	بے عزتی کرنا۔ گالیاں دینا۔ عزت لینا۔
آپا بسرانا / آپا تجنا	اپنے آپ کو مٹانا۔ دُنیا سے علیحدگی اختیار کرنا۔ نفس کشی کرنا ÷
آپا دھاپی پڑنا	اپنے مطلب نکالنے کی فکر میں رہنا۔ اپنے سوا دوسرے کے مطلب کا خیال نہ کرنا کبھی اپنی اپنی پڑنا بھی بولتے ہیں۔
آپ اپنے پیر میں کلہاڑی مارنا	اپنا نقصان اپنے آپ کرنا۔ خود اپنے آپ کو ضعف پہنچانا ÷
آپ میں نہ رہنا یا آپے میں "	خودی سے گذر جانا۔ مست الست ہو جانا ہوش میں نہ رہنا ÷
آپ میں آنا	ہوش میں آنا۔ خبردار ہونا ÷
آپ کو کھینچنا	کسی سے نفرت کرنا۔ یا الگ رہنا۔ تکبّر کرنا۔ اپنے آپ کو بڑا سمجھنا ÷
آپے سے باہر ہو جانا	اپنے ہوش یا قابو میں نہ رہنا ÷

آنا جاتا	مسافر۔ راہگیر۔ آنے جانے والا ٭
آتش کا پرکالہ	فتنہ انگیز۔ فسادی۔ تُند خو۔ غصّہ ور شوخ طرّار۔ چنچل۔
آتما ٹھنڈی ہونا	جی خوش ہونا۔ فرحت ہونا۔ دل میں ٹھنڈک پڑنا۔
آٹے کے ساتھ گھن پسنا	مجرم کے ساتھ بے قصور کا پھنس جانا۔ بڑے آدمی کے ساتھ چھوٹے آدمی کو بھی نقصان پہنچنا ٭
آٹھ آٹھ آنسو رونا	زیادہ رونا۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا ٭
آٹھوں گانٹھ کمیت	بہت ہوشیار چالاک۔ عیار۔ مکّار ٭
آج کل کرنا	ٹالنا۔ بہانہ کرنا ٭
آخر ہو جانا	تمام ہونا۔ مرجانا ٭
آخور کی بھرتی	خراب اور بے فائدہ چیز۔ نالائقوں کا مجمع ٭
آدمیت پکڑنا	عقل و شعور حاصل کرنا۔ تمیز سیکھنا ٭
آڑے ہاتھوں لینا	بُرا بھلا کہنا۔ دھتکارنا۔ شرمندہ کرنا۔ غیرت دلانا۔ لعنت ملامت کرنا ٭
آسامی بنانا	ٹھگنا۔ احمق بنانا۔ اور لوٹنا۔
آسرا تکنا	بھروسا کرنا۔ اُمید رکھنا ٭
آستین کا سانپ بننا آستین میں سانپ پالنا	بظاہر دوست مگر دراصل دشمن۔ بغلی دشمن بدخواہ دشمن کو اپنے ساتھ رکھنا۔ ایسے شخص کی پرورش کرنا جو آئندہ نقصان پہنچائے ٭

آسمان پہ اُڑنا

شیخی مارنا - اِترانا - غرور کرنا - حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا ؛
فقرہ - خدا کی شان ہے - جن سے بیٹھ کر اُٹھا نہیں جاتا تھا وہ بھی اب آسمان پر اُڑنے لگے - (آسمان پر قدم رکھنا) بھی انہی معنوں میں استعمال ہوتا ہے

آسمان پہ تھوکنا

ایسا کام کرنا جس سے بعد کو شرمندگی اُٹھانی پڑے ؛
فقرہ - آسمان پر تھوکنے سے کیا فائدہ

آسمان پہ چڑھانا

کسی کی بہت زیادہ تعریف کرنا - جھوٹی خوشامد کرنا -
فقرہ - بھائی صاحب - آپ جس کی تعریف کرتے ہیں - اُسے آسمان پر ہی چڑھا دیتے ہیں ؛

آسمان ٹوٹ پڑنا

یکایک کسی سخت مصیبت کا نازل ہو جانا - بیٹھے بٹھائے کسی آفت میں پھنس جانا
فقرہ - خدا کرے میری طرح تیرے سر پہ بھی آسمان ٹوٹ پڑے - کہ مجھے یوں ستایا

آسمان زمین کا فرق

بہت بڑا فرق - بُعد المشرقین - (عموماً زمین آسمان کا فرق) کہا جاتا ہے -
فقرہ - اس تصویر اور اس میں زمین آسمان کا

محاورہ	معنی
	فرق ہے۔
آسمان زمین کے قلابے ملانا	گپ اُڑانا۔ ہرزہ گوئی۔ جھوٹ بکواس کرنا (فقرہ) میاں جھوٹ کی بھی کوئی حد ہے آپ تو زمین آسمان کے قلابے ملاتے ہیں عام لوگ "زمین آسمان کے قلابے ملانا" بولتے ہیں۔
آسمان سر پر اُٹھانا	شور و غل مچانا۔ زور سے چیخنا چلانا کان پڑی آواز سنائی نہ دینا۔ (فقرہ) اُف اس قدر شور و غل۔ آپ لوگوں نے تو آسمان سر پہ اُٹھا رکھا ہے۔
آسمان سے باتیں کرنا۔	نہایت ہی بلند ہونا۔ بہت اُونچا ہونا۔ اپنے آپ کو بڑا سمجھنا۔ بڑائی اور غرور کی باتیں کرنا (فقرہ) ہمالیہ پہاڑ کی بعض بعض چوٹیاں آسمان سے باتیں کرتی ہیں۔
آسمان کے تارے توڑنا۔	سخت مشکل اور ناممکن کام کرنا۔ عیاری کرنا (فقرہ) آپ کے لئے یہ کام کوئی مشکل نہیں اگر آپ چاہیں تو آسمان کے تارے توڑ لائیں
آسمان میں تھگلی لگانا۔	حد درجہ عیاری سے کام لینا۔ جہاں پہنچنے کی مجال نہ ہو وہاں پہنچ جانا۔ از حد فریبی ہونا
آفت توڑنا	بہت خفا ہونا یا سخت ظلم کرنا۔
آگا تاگا لینا	خاطر تواضع کرنا۔

آگ پھانکنا — بے حد جھوٹ بولنا۔ باتیں بنانا۔

آگ پھنکنا — دل میں گرمی کی زیادتی۔ گرمی ہو جانا۔ کلیجہ جلنا ٭

آگ ہو جانا — گرم ہونا۔ غضبناک ہونا ٭

آگ برسنا — سخت گرمی پڑنا۔ تیز اور چلچلاتی دھوپ نکلنا۔

یوں برستی ہے آسماں سے آگ ٭ کوئی ہوتی ہیں جیسے کھیلے پھاگ

رکھتا تھا زمیں سے آسماں لاگ ٭ پانی کی جگہ برستی تھی آگ

آگ بگولا بن جانا — سخت غضبناک ہو جانا۔ غصہ میں بھر جانا۔

(فقرہ) دیکھو ذرا تحمل سے بات کرو سنا تھی کیوں آگ بگولہ ہوئے جاتے ہو

(آگ بنجانا بھی تقریباً) اسی کے ہم معنی ہے۔

آگ بھبھوکا ہونا — غصہ کے مارے لال ہو جانا۔ غصہ میں آگ کی طرح بھبکنا۔

(فقرہ) نجانے کس سے لڑ کر آئے ہیں۔ آج تو وہ آگ بھبھوکا بنے ہو گئے ہیں

آگ پانی میں لگانا — دو دوستوں میں لڑائی کرا دینا۔ ناممکن بات کو ممکن کر دکھانا۔

عام طور پر (پانی میں آگ لگانا) بولتے ہیں۔

خوب بارش میں ہے بجلی بھی چمکتی گویا

آگ پانی میں لگاتی ہے گھٹا ساون کی

آگ پانی میں اب لگائی ہے ٭ دیکھیگا ذرا ہنر میرا (معروف)

آگ لگے پر کنواں کھودنا — صدمہ اور نقصان پہنچنے کے بعد اس کا تدارک کرنا

	بعد از وقت انتظام۔
آگ لگا کر تماشہ دیکھنا۔	دو شخصوں میں فساد یا لڑائی کرا کے خود تماشا دیکھنا۔ یہ محاورہ اُس شخص کے لئے بولتے ہیں۔ جو فساد برپا کرا کے کھڑے تماشہ دیکھتے ہیں۔
آگے کا قدم پیچھے پڑنا۔	تنزل کرنا۔ پیچھے ہٹنا۔ ڈر جانا۔ انتہائی گھبراہٹ میں چلنا
آنا کانی دینا	متوجہ نہ ہونا۔ بہرہ اور بے پروا بن جانا ٹالنا۔ بچوں کو ہر وقت نہ ٹوکو کبھی آنا کانی بھی دو +
آنٹ پڑنا	گرہ پڑ جانا۔ دلوں میں فرق آ جانا۔ دشمنی یا لاگ ضد ہو جانا۔ (اُن کے دل میں میری طرف سے آنٹ پڑ گئی۔)
آنچ آنا	چوٹ لگنا۔ ایذا پہنچنا۔ نقصان ہونا۔ آفت مصیبت آنا۔ (تم کیوں گھبراتے ہو تم پر آنچ نہیں آ سکتی)
آنڈے بانڈے کھانا	اِدھر اُدھر پھرنا۔ آوارہ گردی (اب تو آنڈے بانڈے کھاؤ۔ پھر کبھی آؤ گے تو مل جاؤں گا۔)
آنسو پونچھنا	تسلی یا اُمید ہونا (خداوند مرا بیٹا زندہ رہا۔ اُس کے کچھ تو آنسو پونچھے)

آنسو پونچھنا	تسلّی دینا۔ اُمید دلانا (اس مصیبت میں اس بیچارہ کے آنسو پونچھنے والا کون تھا)
آنکنا	قیمت کا اندازہ کرنا۔ جانچنا۔ اندازہ کرنا (ذرا آنکنا کہ یہ مکان کس قدر مالیت کا ہے)
آنسو پی جانا	آنکھ سے آنسو نہ نکلنے دینا۔ دردِ دل ضبط کر جانا۔ کھُل نہ جائے عشق کا پردہ کہیں آنسوؤں کو اپنے پی جاتے ہیں ہم (نامعلوم)
آنسو تھمنا	رونا بند ہونا۔ تھمتے تھمتے تھمیں گے آنسو رونا ہے یہ کچھ ہنسی نہیں ہے (میر)
آنسو نکل پڑنا	آنسو ٹپک پڑنا۔ درد کے باعث بے اختیار رونا آنا۔ دم رُکتے ہی سینہ سے نکل پڑتے ہیں آنسو بارش کی علامت ہے جو ہوتی ہے ہوا بند (داغ)
آنتوں کا قل ہو اللہ پڑھنا۔	بھوک کے مارے دم نکلنا۔ بھوک کا بہت بیتاب کرنا۔ (فقرہ) بھوک کے مارے میری تو آنتیں قل ہو اللہ پڑھنے لگیں۔
آنکھ بند ہونا	سو جانا مر جانا۔ (ذرا آنکھ بند ہوئی تھی

کہ اس نے آکر جگا دیا۔) ذرا اس کے باپ کی آنکھ بند ہو پھر اُس کا تماشا دیکھنا)

آنکھ پڑنا — اتفاقیہ دیکھنا۔ نگاہِ محبت۔ ع
(جس پہ پڑ جائے نظر تیری وہ دیوانہ رہے)

آنکھ اُٹھا کر دیکھنا — نگاہ اونچی کرنا۔ آنکھ مِلانا ؎
(اُٹھا کر آنکھ تو تم دیکھو یاں کون دیکھے ہے
ذرا قربان ہونے کو وہیں صدقے تمہارے ہم) جرأت

آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا — متوجہ نہ ہونا۔ آنکھ نہ ملانا ؎
دیکھا نہ حور کو بھی امانت نے آنکھ اُٹھا
مارا ہؤا تھا کس کے خدنگِ نگاہ کا (امانت)

آنکھ اُٹھانا — نگاہ اونچی کرنا۔ کسی کام سے باز رہنا
(۱) ذرا آنکھ اُٹھا کر تو دیکھو)
(۲) میں نے آپ کی طرف سے بالکل آنکھ اُٹھائی)

آنکھ لوٹ آنا — آنکھیں دُکھنے آنا۔ آنکھوں کا سُرخ ہو جانا
(آنکھیں رات ہی رات میں لوٹ آئیں۔)

آنکھ جھپکنا — ذرا نیند آنا۔ سو جانا۔ شرمندہ ہونا۔ جھینپنا۔
(ایسا شوخ کہ باپ کے سامنے بھی آنکھ نہ جھپکائے)

آنکھ جھک آنا — آنکھیں دُکھنے آنا (لڑکے کی آنکھیں یکایک جُھک آئیں)

آنکھ لگنا — سونا۔ عاشق ہونا ؎

اب کے کچھ اور ڈھب سے آنکھ لگی
نہ لگی آنکھ جب سے آنکھ لگی

آنکھ مارنا — آنکھ سے اشارہ کرنا۔ منع کرنا (میں نے آنکھ ماردی تھی۔ ورنہ وہ ضرور چلا جاتا)

آنکھ ملانا / آنکھیں ملانا — آنکھ لڑانا۔ سامنے ہونا۔ مقابلہ کرنا (اس نے آنکھ ملاتے ہی میرا دل چھین لیا۔)

آنکھوں پر ٹھیکری رکھ لینا۔ آنکھیں بدل لینا۔ — بے مروت بن جانا۔ احسان فراموش بن جانا (بڑا طوطا چشم نکلا۔ وقت پر آنکھوں پر ٹھیکری رکھ لی۔ آنکھیں بدل لیں)

آنکھوں تلے پھرنا — تصور میں رہنا۔ بار بار خیال آنا۔ نظروں میں پھرنا۔ (مرحوم کی تصویر اب تک آنکھوں تلے پھرتی ہے)

آنکھوں سے — بسر و چشم۔ رغبت اور خوشی سے (آنکھوں سے حاضر ہونگا)

آنکھوں کے نیچے پھر جانا۔ — پورا پورا نقشہ آنکھوں کے سامنے آجانا (جب وہ جلسے یاد آتے ہیں۔ تو سارا سماں آنکھوں کے نیچے پھر جاتا ہے۔)

آنکھوں میں کھٹکنا — بُرا معلوم ہونا۔ آنکھوں میں چبھنا۔ کسی کو دیکھ کر جلنا۔ (بھلا وہ تیری آنکھوں میں کیوں کھٹکتا ہے)

آنکھیں پھٹنا — تکلیف سے آنکھوں کا باہر نکلنے پڑنا۔ حیران

ہو جانا۔ حسد ہونا۔ حرص بڑھ جانا۔
(۱) درد کے مارے آنکھیں پھٹی جاتی ہیں۔
(۲) دولت دیکھ کر آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں۔

آنکھیں چار ہونا
آمنا سامنا ہونا۔ مقابلہ۔ ملاقات۔
(جب آنکھیں چار ہوتی ہیں مروت آہی جاتی ہے)

آنکھیں دیکھنا
کسی کی حالت دیکھنا۔ تجربہ و مشاہدہ کرنا
(اُس نے بڑے بڑوں کی آنکھیں دیکھی ہیں۔ وہ تمہارے قابو میں نہیں آسکتا)

آنکھیں کڑوانا
نیند آنا۔ سونے کو دل کرنا۔
(اب تو میری آنکھیں بہت ہی کڑوا گئیں لو میں سونے جاتا ہوں)

آنکھ نکالنا / آنکھیں نکالنا
آنکھیں خانۂ چشم سے نکال لینا۔ اندھا کر دینا۔ آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر غصّہ سے دیکھنا
(نکل آئے اگر آنسو تو ظالم مت نکال آنکھیں
سُنا معذور ہے مضطر۔ نکل آیا نکل آیا)

آنکھ اونچی نہ ہونا
شرم سے آنکھ اونچی نہ کرنا۔ آنکھ نہ مِلانا۔ نظر سامنے نہ اُٹھانا۔
(فقرہ) جس دن سے میں نے اُن کو ڈانٹا ہے۔ اُس دن سے میرے سامنے اُن کی آنکھ اونچی نہیں ہوتی۔

محاورہ	معنی
آنکھ بچا جانا	چھُپ جانا ۔ کھسک جانا ۔ نظر بچا کر نکل جانا کترا کر نکل جانا ۔ (فقرہ ۔ مجھے دُور سے آتا ہُوا دیکھ کر میاں محمود آنکھ بچا کر نکل جاتے ہیں)
آنکھ بدل جانا	بے مروتی اختیار کرنا ۔ پہلی سی نظر نہ رکھنا بے رُخی کرنا ۔ ہرگز نہ پلائے تو مجھے آنکھ بدل کر ساقی ترے کوچہ سے نہ جاؤنگا سنبھلکر } (ناظر)
آنکھ بند کر لینا	آنکھ موند لینا ۔ بیخبر ہو جانا ۔ قطعی سُدھ بدھ نہ لینا ۔ توجہ نہ کرنا (فقرہ) آپ تو گھر کی طرف سے قطعی آنکھ بند کئے بیٹھے ہیں
آنکھ بنوانا	آنکھ کا علاج کرانا ۔ آنکھ کا ناخونہ یا جالا کٹوانا کبھی کبھی طنزاً کسی چیز کی کامل پہچان نہ کرنے کے موقعہ پر بھی بولتے ہیں ۔ (فقرہ) میاں پہلے آنکھ بنواؤ ۔ تب اِن دونوں کپڑوں کا فرق معلوم ہوگا ۔
آنکھ بھر کر دیکھنا	نظر جما کر دیکھنا ۔ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا ۔ نظر بھر کر دیکھنا ؎ جان سے ہوگئے بدن خالی جس طرف تُو نے آنکھ بھر دیکھا آنکھ بھر کر دشت کو دیکھا تو مجنوں ہو گیا ٹھوکریں کھا کھا کے میری کوہ ہاموں ہوگیا (ناسخ)

آنکھ پتھرا جانا	آنکھ کی پتلی اوپر چڑھ جانا - بے ہوش یا قریب المرگ ہونا ؎ تیرے مریضِ عشق کی پتھرا گئی جو آنکھ اُس کے ہر ایک مونس و ہمدم نے غم کیا (داغ)
آنکھ پر پردہ پڑنا	غفلت اختیار کرنا - دھوکا کھانا - نادان بن جانا - ؎ اِن جاہلوں کی ضد پہ سردار اُڑ گیا کیوں پردہ آنکھ پر تیری منصور پڑ گیا
آنکھ چھپانا	آنکھ چرانا - نظر بچانا - سامنے نہ آنا - شرم کرنا ؎ سُرمہ لگا کے یار چھپاتا ہے مجھ سے آنکھ کُشتہ ہوں اِس بہانۂ دنبالہ دار کا (غافل)
آنکھ دکھانا	بے مروتی کرنا - بے مروت ہونا ؎ ہمیں نرگس کا دستہ غیر کے ہاتھوں سے کیوں بھیجا اگر آنکھیں دکھانی تھیں دکھاتے اپنی آنکھوں سے کبھی محاورہ اشارہ و کنایہ کرنے کے لئے بھی بولا جاتا ہے ؎ منہ پھیر کے ایک مسکرائی آنکھ ایک نے ایک کو دکھائی (نسیم) کبھی "خفا ہونے" "ڈر دکھانے" اور "تیوری چڑھانے" کے موقعہ پر بھی بولتے ہیں ؎

کیوں آنکھ دکھاتا ہے تیرا حلقۂ گیسو
ہے ہم کو اسی چشم نمائی کا غم و رنج (ظفر)
کبھی "گھور کر" یا "دیدے نکال کر دیکھنے"
کے موقعہ پر بولتے ہیں ۵
بگڑ کر اُس نے چلمن سے جو ہم کو آنکھ دکھلائی
غزالِ چشم پر دھوکا ہُوا شیر نیستاں کا

آنکھ روشن کرنا — **آنکھ دیکھنا**
مِلنا - دِل خوش کرنا - دیکھ کر خوش ہونا (نظم)
تعلیم پانا - صحبت برتنا - ۵
(فقرہ) مَیں نے اوائل عُمر سے اب تک
عُلما و فُضلا ہی کی تو آنکھیں دیکھی ہیں"

آنکھ سیدھی ہونا
سیدھی نظر رکھنا - میل جول ہونا - نظر
سے نظر مِلنا -
(فقرہ) وُہ زمانہ گیا جب آپ کی آنکھ
مجھ سے سیدھی تھی"

آنکھ سیدھی نہ ہونا
شرم کے مارے نظر سے نظر نہ مِلنا -
آمنے سامنے نہ ہونا -
(فقرہ) "بھلا اب اُن کی آنکھ میرے
سامنے سیدھی ہو سکتی ہے"

آنکھ سینکنا
کسی حسین کو گھُورنا - نظارہ بازی کرنا
دیدار بازی کرنا - خوبصورت آدمی کو
دیکھ کر دِل کی حسرت دور کرنا - ۵

اُس مہر کا نظارہ تو مشکل ہے اماںت
خورشید سے سینکا کرو دو چار گھڑی آنکھ

آنکھ کا کاجل چُرانا

چوری میں ماہر ہونا۔ کمال عیار ہونا۔
سکھائی کس نے چوری چشم تر اشکوں کے لڑکوں کو
ہوئے یہ چور ایسے آنکھ کا کاجل چُراتے ہیں

آنکھ کھولنا

ہوشیار ہونا۔ بیدار ہونا
(فقرہ) اگر آنکھ کھول کر دیکھو تو ذرہ ذرہ میں خدا کا نور نظر آئے گا۔"

آنکھ گاڑنا

نگاہ جما کر دیکھنا۔ غور سے دیکھنا۔ گھورنا

آنکھ لجانا

شرم کرنا۔ شرم سے نیچی آنکھیں کرنا۔ لحاظ کرنا۔
(فقرہ) منہ کھاتا آنکھ لجاتی ہے۔

آنکھ لڑانا یا آنکھ ملانا

آنکھ سے آنکھ ملانا۔ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا
عشق کرنا۔ محبّت کی نظر سے دیکھنا۔ گھورا گھاری کرنا۔
نرگس سے تمہیں آنکھ لڑانا نہیں اچھا
حیراں کو پریشان بنانا نہیں اچھا
سب سہونگا میں اگر لاکھ بُرائی ہوگی
پر کہیں آنکھ لڑائی تو لڑائی ہوگی

آنکھ لگانا

دل لگانا۔ محبت کرنا۔ دوستی کرنا۔

محاورہ	معنی
	(فقرہ) کسی سے آنکھ لگانا۔ رسوائی مول لینا ہے
آنکھ میں میل لانا یا آنکھ میلی کرنا	غصہ لانا۔ بے رُخ ہو جانا۔ خفا ہونا۔ بگڑ بیٹھنا۔ (فقرہ) ارے بھائی ناحق کیوں آنکھ میں میل لاتے ہو (یا) میلی کرتے ہو
آنکھ میں آنکھ ڈالنا یا آنکھ میں آنکھ ڈال کر دیکھنا۔	آنکھ سے آنکھ مِلانا۔ آنکھ سامنے کرنا۔ غور سے گھور کر دیکھنا۔ (فقرہ) "آنکھ میں آنکھ ڈالتا ہے۔ مگر سوال کی طرف قطعی نہیں دیکھتا"۔
آنکھ میں بسنا	نظر میں سمانا۔ پسند آنا۔ بھانا ؎ آنکھوں میں بس رہا ہے سب کی جمال تیرا
آنکھ میں خاک ڈالنا یا جھونکنا	دھوکا دینا۔ (فقرہ) "وہ فقیر تو ایسا عیّار نکلا کہ میری آنکھ میں خاک ڈال کے الوان لے اُڑا۔
آنکھ میں سمانا	نگاہ میں جچنا۔ ذیل کے محاورات بھی اِس کے ہم معنی ہیں (۱) آنکھ میں بسنا (۲) آنکھ میں گھسنا۔
آنکھ میں کھٹکنا	آنکھ میں رڑکنا یا چبھنا۔ ناگوار گزرنا۔ بُرا معلوم ہونا۔ کھٹک رہی ہے چمن کی بہار آنکھوں میں بغیر یار کے سب گُل ہیں خار آنکھوں میں (نظیر)

آنکھ میں مروت نہ ہونا	آنکھ میں لحاظ یا شرم نہ ہونا۔ طوطا چشم ہونا
آنکھ نہ ٹھہرنا یا آنکھ نہ جمنا	نظر کا نہ جمنا۔ چکا چوند لگنا۔ نگاہ نہ ٹھہرنا (فقرہ) "اِس مندر کا کلس سُورج کی روشنی پڑنے سے ایسا چمکتا ہے کہ اُس پر آنکھ ذرا بھی نہیں ٹھہرتی۔"
آنکھ نہ ڈالنا	نظر نہ ڈالنا۔ پروا نہ کرنا۔ خیال میں نہ لانا۔ کم التفاتی سے دیکھنا۔ حور پر آنکھ نہ ڈالے کبھی شیدا تیرا سب سے بیگانہ ہے اے دوست شناسا تیرا (رند)
آنکھ نیچی کرنا	آنکھ اُوپر نہ اُٹھانا۔ شرمانا۔ (فقرہ) (۱) "جناب اب تو ہمیشہ میرے سامنے اُس کی آنکھ نیچی ہی رہے گی" (۲) "جناب اور شرمندہ نہ کیجئے میری آنکھ خود آپ کے سامنے نیچی ہے" (۳) "جو ہونا تھا سو ہو گیا۔ اب آنکھ نیچی کرنے سے کیا فائدہ"
آنکھوں پر بٹھانا	کمال درجہ محبت و عزت کرنا۔ حد درجہ قدر و تعظیم کرنا۔ وہ ساتھ لائے غیر کو گر بزم میں تو کیا آنکھوں پہ منتوں سے بٹھایا نہ جائے گا (مشتاق) ع سر پہ۔ آنکھوں پہ کلیجہ پہ بٹھاؤں تجھ کو (امانت)

آنکھوں پہ پٹی باندھنا	غافل ہونا۔ بے خبر ہونا۔ "تم نے تو آج کل آنکھوں پر پٹی باندھ رکھی ہے جو کام کرتے ہو وہی خراب"
آنکھوں پر پردہ پڑ جانا	غافل ہو جانا دھوکا کھانا۔ فریب میں آنا (فقرہ)، اُس وقت میری آنکھوں پر ایسا پردہ پڑا کہ بے جانے پہچانے ہی نوکر پر اعتبار کر کے ۲۰۰ روپیہ اُس کے ہاتھ بھیجدیئے۔
آنکھوں پر ٹھیکری رکھ لینا	جان بوجھ کر اندھا بن جانا۔ طوطا چشم ہونا۔ احسان فراموش ہونا۔ بے شرم ہو جانا۔ (فقرہ) چار آدمیوں میں بیٹھ کر فیصلہ کرو۔ آنکھوں پر ٹھیکری رکھنے سے کام نہ چلے گا۔
آنکھوں سے اُترنا	نگاہوں میں ذلیل ہونا۔ نظروں سے گرنا ع۔ "آنکھوں سے تری اُتر گئے ہم"
آنکھوں سے گرنا	نظروں سے گرنا۔ ذلیل اور بے قدر ہونا دل سے اُترنا ؎ جس گھڑی دیکھتا ہوں آپ کو جوں قطرۂ اشک اپنی آنکھوں سے بھی احمد میں گرا جاتا ہوں (احمد)

	آنکھوں سے کسی کی کوئی یارب نہ گرے آنکھوں کا گرا بہت بُرا ہوتا ہے
آنکھوں سے لگانا	آنکھوں پہ رکھنا۔ عزت و تعظیم دینا۔ (نصیر) عزیز رکھنا ۔ اگر وہ خاکِ پا ہم دیکھ پاتے اپنی آنکھوں سے تو سُرمہ کی جگہ اُس کو لگاتے اپنی آنکھوں سے (نامعلوم)
آنکھوں کے آگے پلکوں کی برائی کرنا	ایک ہی خاندان یا گھر کے لوگوں کے سامنے اُسی خاندان یا گھر کے لوگوں کی بُرائی۔ دوست کے سامنے دوست کی بُرائی ۔ یار کی یار دیاں تم بے وفائی مت کرو روبرو آنکھوں کے پلکوں کی برائی مت کرو
آنکھوں میں آنکھیں ڈالنا	آنکھیں لڑانا۔ نظر سے نظر ملانا۔ آنکھیں سامنے (ولگت) کرنا۔ ع د آنکھوں میں آنکھیں ڈال کے بولا کہ کیا کہا
آنکھوں میں دم آنا یا ہونا	مرنے کے قریب ہونا۔ تھوڑی دیر کا مہمان ہونا۔ دنیا سے چل بسنے کا وقت قریب ہونا ۔ تمہاری چشم کے بیمار کا آنکھوں میں دم آیا مناسب تھا کہ اُس کو دیکھ جاتے اپنی آنکھوں سے (معروف) گو ہاتھ کو جنبش نہیں آنکھوں میں تو دم ہے رہنے دو ابھی ساغر و مینا مرے آگے (غالب)

محاورہ	معنی
آنکھوں میں خار ہونا	آنکھوں میں کھٹکنا - بُرا معلوم ہونا - ۱- کھٹک رہی ہے چمن کی بہار آنکھوں میں بغیر یار کے سب گُل ہیں خار آنکھوں میں ۲- سب خزاں تھی بہار آنکھوں میں سارا گلشن تھا خار آنکھوں میں
آنکھ پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا	نہایت شوق کی نظر سے دیکھنا تعجب میں دیکھنا - حیران ہو کر دیکھنا -
آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا	بیتابانہ دیکھنا - غور سے دیکھنا - محبت کی نظر سے دیکھنا - (فقرہ) وہ حالت نزع میں بھی میری طرف آنکھ پھاڑ کر دیکھتا جاتا تھا -
آنکھ پھیر لینا	یکایک مخالف ہو جانا - بے مروت ہو جانا بے رُخ ہونا - (فقرہ) آپ نے میری جانب سے ناحق آنکھ پھیر لی - چونکہ طوطا باوجود محبت اور پیار سے رکھنے کے بھی قفس سے نکلتے ہی آنکھ پھیر لیتا ہے - اس لئے ایسے آدمی کو جو جلد آنکھ پھیر لیتا ہو - طوطا چشم کہتے ہیں -
آنکھ چرا جانا	نظر بچا لینا - ٹال جانا - علیحدگی اختیار کرنا - کترا جانا -

	(فقرہ) وہ مجھ کو دیکھتے ہی آنکھ چُرا جاتے ہیں۔
آنکھ چُرا کر دیکھنا	چھپ کر دیکھنا۔ کن انکھیوں سے دیکھنا تاکا جھانکی سے دیکھنا۔
آنکھ چُرانا	آنکھ چھپانا۔ کترانا۔ نظر بچانا۔
آنکھوں میں خاک جھونکنا یا دھول ڈالنا	فریب دینا۔ دھوکا دینا (فقرہ) کمبخت دوکان دار نے گھی تولتے وقت میری آنکھوں میں دھول ڈال دی۔ یا خاک جھونک دی۔ یہ محاورہ ایسے موقعہ پر بولا جاتا ہے۔ جب کوئی اپنی آنکھوں کے سامنے باوجود غور سے دیکھنے کے بھی دھوکا دیدے یا کوئی چیز کم تول دے۔
آنکھوں سے خون برسنا	غضبناکی اور خونخواری ظاہر ہونا۔
آنکھوں میں رات کٹنا	تمام رات جاگتے رہنا۔ بے چین رہنا۔ رات بھر نہ سونا ع رات آنکھوں میں کٹی مجھ کو ستاروں کی طرح فقرہ۔ (میری داڑھ میں اس قدر درد رہا کہ رات آنکھوں میں کٹی۔ گھڑی بھر بھی آنکھ نہیں لگی۔

آنکھوں میں سبک ہونا ۔ آنکھوں میں ہلکا ہونا	بے عزت اور بے قدر ہو جانا (۱) تم اپنی باتوں سے سب کی آنکھوں میں سُبک ہو۔ (۲) یہ آنکھوں میں ہلکے ہونے کی باتیں ہیں۔
آنکھوں میں سرسوں پھولنا	خوش ہونا مسرور ہونا۔ دولت کے نشے سے اُن کی آنکھوں میں تو ہر وقت سرسوں پھُولی رہتی ہے۔
آنکھیں بچھانا	نہایت شوق سے کسی کا انتظار کرنا ۔ از حد تعظیم کرنا۔ ؎ اگر آتے ہیں وہ تو آنے دو ہم بھی آنکھیں بچھائے بیٹھے ہیں (فقرہ) اگر آپ غریب خانہ پر قدم رنجہ فرمائیں تو بندہ آنکھیں بچھائے۔
آنکھیں چُرانا	آنکھیں چھپانا ۔ چھپنا ۔ چشم پوشی کرنا ۔ عاجز رہنا ۔ انکار خاموش ؎ جتنے طبیب آے وہ آنکھیں چُرا گئے۔ کس پہ ہے آخر اب تیرے بیمار کی نگاہ (فقرہ) جناب آنکھیں چُرانے سے کام نہیں چلے گا ۔ اُوپر تشریف لائیے۔ (اسیر)
آنکھیں زمین سے لگنا	آنکھ شرم سے اُوپر نہ اُٹھانا۔
آنکھیں نیلی پیلی کرنا	بے حد غُصہ اور خفا ہونا (فقرہ) ارے بھائی ایسا بھی کیا غصّہ کہ ہر ایک

ہی سے آنکھیں نیلی پیلی کرتے ہو۔

آواز پر کان رکھنا
آواز پر کان دھرنا
آواز پر کان لگانا
بات غور سے سُننا۔ توجہ سے سُننا۔
(فقرہ) میری نصیحت ذرا کان لگا کے سُنو۔ ؎
تُم اے خود پرستو طبیعت کے بندو۔
ذرا وصف اپنے سُنو کان دھر کے (حالیؔ)

آواز پر لگنا
آواز کے ساتھ کام کرنا۔ آواز پہچاننا۔ بولی سمجھنا۔
(فقرہ) میرا کُتّا آواز پر لگا ہوُا ہے۔

آواز پر لگانا
(آواز پر ڈالنا دیں نے اپنا تیر آواز پر لگا لیا ہے۔)

آواز بیٹھنا
آواز بیٹھ جانا
آواز پڑنا۔ آواز خراش کے ساتھ نکلنا۔ گلا بیٹھنا۔
(فقرہ) گھی کھا کر پانی پینے سے آواز بیٹھ جاتی ہے۔

آوازہ کسنا
طعنہ مارنا۔ طعنہ دینا۔
(فقرہ) آپ کسی پر آوازہ کیوں کستے ہیں؟

آؤ بھگت کرنا
خاطر تواضع کرنا۔ ان کی بڑی ہی آؤ بھگت ہوُئی۔

اوسان خطا ہونا
اوسان خطا ہوجانا
ہوش جاتے رہنا۔ گھبرا جانا

آٹے کرنا
اپنے ذمہ لینا (اُن کے روپئے میرے ہیں

	آئے کر لو۔
آئینہ بن جانا	حالات صاف ہو جانا۔ حیران رہ جانا۔ ہکا بکا رہ جانا۔ (وہ تو مجھے دیکھ کر آئینہ ہی بن گئے۔)

الف مقصورہ

ابتر کرنا	خراب کرنا۔ عادت بگاڑنا۔ آوارہ کر دینا (تم نے میرے لڑکے کو بھی ابتر کر دیا) ۲۔ گنجفہ ملانا اُلٹ پلٹ کرنا (تاش کو ابتر تو کیا ہی نہیں اور کھیل شروع کر دیا)
ابخرے دماغ کو چڑھ جانا	دماغ میں بخارات کے ذریعہ گرمی چڑھ جانا۔ دماغ میں گرمی ہو جانا۔ بے ہوش ہو جانا۔ دیوانہ ہو جانا۔ (دھوپ میں نہ پھرو۔ ورنہ دماغ کو ابخرے چڑھ جائیں گے)
ابلا پری	نازک۔ نازک اندام۔ خوبصورت عورت (وہ کوئی ابلا پری ہے جو اُسے ہماری نظر لگ جائے گی۔)
اُبھارا لینا	اُچھالا لینا۔ ڈوبتے ڈوبتے پانی پر آجانا۔

	(آدمی پانی میں تین بار اُبھارا لینے کے بعد ڈوبتا ہے۔)
اُبھارا دینا	اُکسا دینا ۔ اُوپر اُٹھا دینا ۔ بھکا دینا ۔ بھڑکا دینا ۔ برانگیختہ کرنا۔ (تم نے جو میرے بھائی کو ابھارا دیا تمہارے ہاتھ کیا آیا۔ ۲۔ کسی چیز کو اُونچا کرنا ۔ ہاتھ لگانا سہارا لگانا۔ (ذرا میرے صندوق کو اُبھارا دینا ۔ تاکہ میں سر پر رکھ لوں۔)
اُبھار لانا	کوئی چیز بچا کرلے لینا ۔ چُرا لینا ۔ بھرکا لانا (انہوں نے ہر چند چوکسی کی مگر میں اُبھار ہی لایا) (۲) فریب یا جھانسا دینا ۔ دیگر کوئی چیز حاصل کرنا اُچک لانا (ویسے کتاب نہیں دے گا تو یار اُسے ابھار لائینگے۔)
اُبھر چلنا	اترانا ۔ اینٹھ کر چلنا ۔ اونچے ہو کر چلنا گھمنڈ کرنا ۔ (دو حرف جو پڑھ گیا ہے تو ایسا اُبھر چلا ہے ۔ کہ بات ہی نہیں کرتا)
اُپج کی لینا	نئی بات کرنا ۔ نئی بات نکالنا ۔ گانے میں نیا انداز نکالنا ۔ ذہانت دکھانا۔

	(دیکھنا اُس شاعر نے کیسی اُپج کی لی ہے -)
اپنا سا مُنہ لے کر رہ جانا	دعوٰی پورا نہ ہونے کی وجہ سے شرمندہ ہو جانا (خجل ہونا - لاجواب ہو جانا - (میں جو بولا تو وہ اپنا سا مُنہ لے کر رہ گیا)
اپنی بات پر آنا	ضِد کرنا - جو کہنا وہ کر دکھانا - بات کو پیج کرنا - (اگر میں اپنی بات پر آؤں تو ایسا مزہ چکھاؤں کہ عمر بھر یاد رکھّے -)
اپنے قدح کی خیر منانا	اپنی ہی بھلائی بہبودی چاہنا - اپنی ہی خیر مانگنا - (دُنیا میں جو ہے وہ اپنے ہی قدح کی خیر مناتا ہے)
اپنی ہی گانا	اپنی ہی بات کہے جانا - اپنے ہی مطلب سے کام رکھنا - اپنی رام کہانی کہنا - (جب تُم آتے ہو اپنی ہی گاتے ہو - دوسرے کی سُنتے ہی نہیں)
اپنی گوں کا یار	خود غرض (اجی تمہیں ہزار بار آزما لیا - تم اپنی ہی گوں کے یار نکلے -)
اُپھن جانا -	جھاگوں کا اُوپر آ جانا - جوش آنا - اُبل جانا

	(دیکھتے رہنا کہیں ایسا نہ ہو کہ دودھ کی ہانڈی اُپھن جائے ۔
	(۲) گرمی کی زیادتی سے کسی تر چیز کا خراب ہو جانا ۔ اُبس جانا (دہی گرمی سے اُپھن گیا ۔)
	(۳) خفا ناراض ہو جانا ۔
	(یار تم تو ذرا سی بات میں ہنڈیا کی طرح اُپھن جاتے ہو !
اپنا سا مُنہ لیکر رہجانا	دندان شکن جواب سُن کر یا سوال کا جواب نہ بن پڑنے کی وجہ سے شرمندہ ہو جانا ۔
	مثلاً فلاں آدمی نے جب مجھ سے اپنی بکواس کا جواب سنا تو وہ اپنا سا مُنہ لے کر رہ گیا ۔
اپنا کیا پانا	جیسی کرنی ویسی بھرنی ۔ اپنے کئے ہوئے کی سزا یا جزا پانا ۔
اپنی اپنی پڑنا	آپا دھاپی یا نفسی نفسی پڑنا ۔ (فقرہ) "آج کل سب کو اپنی اپنی پڑی ہوئی ہے ۔"
اپنی بات پر آنا	اپنے وعدہ یا قول کو پُورا کر دکھانا ۔ اپنی ضِد پُوری کر کے چھوڑنا ۔

محاورہ	معنی
اپنے حق میں کانٹے بونا۔	اپنے لئے برا سوچنا۔ اپنے لئے نقصان کا یا تکلیف کا کام کرنا۔
اپنے دنوں کو رونا	اپنی فارغ البالی کے زمانہ کو یاد کر کے موجودہ بدحالی پر افسوس کرنا۔ یا اختیار اور قابو پا کر بھی کسی کام میں کامیابی نہ کر سکے بعد کو پچھتانا۔
اپنی ڈیڑھ چاول کی کھچڑی الگ پکانا اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد جدا بنانا	اپنی رائے سب سے الگ رکھنا خواہ وہ مناسب ہو یا نا مناسب۔ سب سے الگ تھلگ رہنا۔ کسی سے کچھ مطلب نہ رکھنا۔ اپنی ڈیڑھ اینٹ کی جدا مسجد میر ویرانہ میں بنائے گا (میر)
اپنی کھال میں مست رہنا	جیسی اپنی حالت ہو۔ اسی میں خوش رہنا بے زری کی حالت میں بھی دل غنی رکھنا زردار ہیں اپنی شال میں مست کنگال ہیں اپنی کھال میں مست
اپنے گریبان میں منہ ڈالنا۔	اپنے کرتوت پر شرمندہ ہونا
اپنے منہ میاں مٹھو بننا	اپنی تعریف اپنے آپ کرنا۔ (خودستائی)

محاورہ	معنی
اپنی نیند سونا اپنی نیند اُٹھنا	آزادی اور بے فکری سے زندگی بسر کرنا۔
اپنے ہاتھوں قبر کھودنا	اپنی ہلاکت کا انتظام خود کرنا۔ خود اپنے کو فنا کرنا۔ یا ضعف پہنچانا۔
اپنی ہی گانا	اپنی ہی بات کہے جانا۔ اور دوسرے کی نہ سُننا۔
اُتارنا چڑھانا	کسی کی توہین یا تعریف کرنا۔ آسامی بنانا بے جا خوشامد کرنا۔ ؎ خوشامد میں ہم کو وہ قدرت ہے حاصل کہ کرتے ہیں انسان کو ہر طرح مائل کبھی جاہلوں کو بناتے ہیں عاقل کبھی عاقلوں کو بناتے ہیں جاہل کسی کو اُتارا کسی کو چڑھایا یونہی سینکڑوں کو اسامی بنایا (حالی)
اُلّو کرنا	لکیر ڈالنا۔ گڑھے ڈالنا۔ یُوں قدم پھُونک پھونک دھرتے ہو (اسمٰعیل میرٹھی) گویا اُلّو زمیں پہ کرتے ہو
اٹکل پچّو کہنا	بے سوچے سمجھے کسی بات کو مُنہ سے نکالنا
اِدھر کے نہ اُدھر کے رہنا	دین کے نہ دنیا کے۔ نہ اپنوں کے نہ پرایوں کے ؎ آوارہ و سرگشتہ نہ دیوار نہ در کے

محاورہ	معنی
	سایہ کی طرح ہم نہ اِدھر کے نہ اُدھر کے
اُڑتی چڑیا پہچاننا	کسی کے دِل کی بات سے واقف ہو جانا۔ کسی کا ارادہ بھانپ لینا۔ رفقرہ) "آپ ہمیں دِل کا بھید بتائیں یا نہ بتائیں۔ مگر جناب ہم تو اُڑتی چڑیا پہچانتے ہیں"
اڑھائی دِن کی بادشاہت۔	بہت ہی تھوڑے عرصہ کی حکومت۔ چند روز کا عیش۔ جب کوئی کم حیثیت شخص کچھ عرصہ کے لئے بڑے درجہ پر ہو کر مغرور ہو جائے اور جائیز و ناجائیز حکم صادر کرنے لگے تو اُس وقت یہ محاورہ بولا جاتا ہے۔ کہ "اِس عقل کے اندھے کو اڑھائی دِن کی بادشاہت پر کتنا غرُور ہے"
اُلُو سیدھا کرنا	مطلب نکالنا۔ غرض پُوری کرنی۔ رمیاں اُن کے بہکانے میں نہ آنا وہ تو اپنا اُلو سیدھا کرنا چاہتے ہیں۔)
اُلٹے پاؤں واپس پھرنا	جن پیروں جانا اُنہیں پیروں واپس آنا بہت جلد واپس آنا ٭ رفقرہ) "جاؤ دوا لے کر اُلٹے پاؤں واپس آؤ"

اُلٹی پٹی پڑھانا	غلط باتیں تبلانا - بہکانا - ورغلانا - گمراہ کر دینا - کسی بات کو دوسرے پیرایہ میں بیان کر کے اشتعالک دینا -
اُلٹی سیدھی سُنانا	بُرا بھلا کہنا - لعنت ملامت کرنا - گالی گلوچ سے بولنا - (فقرہ) "جناب اُن کو کون سمجھائے وہ سب کو اُلٹی سیدھی سُناتے ہیں"
اُلٹی گنگا بہنا -	دستور کے خلاف کام ہونا - رواج اور قانون کے خلاف چلنا - غلط کام کرنا -
اللہ بیلی ہے -	خدا حافظ و نگہبان ہے - داتا بیلی ہے؎ امیروں کو مبارک ہو حویلی غریبوں کا بھی ہے اللہ بیلی (محمد اسمٰعیل)
ایک آنکھ سب کو دیکھنا	سب سے یکساں سلوک کرنا - سب کی ایک جیسی خاطر تواضع کرنا - اپنے پرائے سب کو برابر سمجھنا - (مہاتما گاندھی ہندو مسلمانوں کو ایک آنکھ سے دیکھتے ہیں ؏
ایک آنکھ نہ بھانا	بالکل اچھا نہ لگنا - پسند نہ آنا (زید عمر کو ایک آنکھ نہیں بھاتا -)
ایک ایک کر کے	نمبر دار یکے بعد دیگرے (سب ایک ایک کر کے کھسک گئے)

محاورہ	معنی
ایک ایک کے دو دو کرنا	ایک ایک چیز کے دو دو ٹکڑے کرنا کام بڑھا دینا۔
اینٹ سے اینٹ بجانا	مکان مسمار کرنا۔ بالکل تباہ کر دینا (قلعہ کی اینٹ سے اینٹ بجا کر دم لیا)
اینڈی بینڈی باتیں کرنا	بے ڈھنگی اور بے ٹھکانے باتیں کرنا سوال کچھ اور جواب کچھ اور آپ تو کچھ عجیب اینڈی بینڈی باتیں کرتے ہیں۔

ب

محاورہ	معنی
بات آنا	الزام یا حرف آنا (اس طرح بات کرنا کہ مجھ پر کوئی حرف نہ آئے) (۲) نسبت یا سگائی آنا (تمہاری لڑکی کی کہیں سے بات آئی یا نہیں)
بات پوچھنا	حال پوچھنا۔ خبر لینا (کبھی کبھی ہماری بات بھی پوچھ لیا کرو۔)
بات نہ پوچھنا	حال نہ پوچھنا خبر نہ لینا (اب تو وہ ہماری بات بھی نہیں پوچھتے)
بات کی بات میں	ذرا سی دیر میں۔ ایک منٹ میں۔ آناً فاناً

	(بات کی بات میں بدل گیا)
بات مارنا	شیخی مارنا - ڈینگ ہانکنا - (پہلے تو بڑھ بڑھ کے باتیں مارتے تھے مگر اب چُپ ہیں)
بات اُلٹنا یا بدلنا یا پلٹنا	بات نہ ماننا - بات کو پلٹ دینا - کاٹ دینا - لاجواب کر دینا - (فقرہ) "آپ میری ہر ایک بات اُلٹ دیتے ہیں"
بات بات میں	ہر بات میں - بالکل قطعی - (فقرہ) "آپ بات بات میں جھُوٹ بولتے ہیں"
بات بگاڑنا	عزت کھو دینا - مطلب مفقود کرنا - کام بگاڑ دینا - (فقرہ) "خدا دنیا میں کسی کی بات نہ بگاڑے"
بات بگڑنا	عزت برباد ہونا - آبرو میں فرق آنا - ساکھ جاتی رہنا -
بات پر آنا	اپنی ہٹ پر آنا - اپنے قول کی پیروی کرنا فقرہ "اگر میں اپنی بات پہ آیا تو یہ کام کیا مشکل ہے"
بات پہ جانا	کسی کے کہنے پر بھروسہ کرنا - کسی کے کہنے پر خیال کرنا -

	فقرہ "آپ اپنا کام کریں اُن کی بات پر نہ جائیں"
بات پکڑنا	نقص نکالنا۔عیب پکڑنا۔ (فقرہ) "کسی کی بات پکڑنا سخت عیب ہے"
بات پھیرنا	بات کو دوسرے پیرایہ سے بیان کرنا تاویل کرنا۔ (فقرہ) "اسی طرح کہو اب بات پھیرتے کیوں ہو"
بات پی جانا	ضبط کرنا۔کوئی بات سن کر ناراض نہ ہونا۔ (فقرہ) "مَیں تو سُن کر بات پی گیا ورنہ بڑی سخت لڑائی ہوتی"
بات رکھنا۔	آبرو رکھنا۔ فقرہ "آج خدا نے میری بات رکھ لی ورنہ سخت بے عزتی کا اندیشہ تھا۔
بات کاٹنا	دوسرے کی بات میں دخل دینا۔ پوری بات نہ سُن کر بیچ میں ہی بول پڑنا۔ (فقرہ) "تمہارے اندر بات کاٹنے کی بہت بُری عادت ہے۔"

بات گھڑنا	جھوٹی بات طبیعت سے بنا کر کہنا۔ من گھڑت کہنا۔ (فقرہ) "وہ تو ایسی ایسی باتیں دل سے گھڑتے ہیں کہ معاذ اللہ"
باتوں میں دھر لینا	باتوں میں دوسرے کو اپنے سامنے نہ بولنے دینا۔ دوسرے کو دبا لینا۔ فقرہ "انسان کو وہ باتوں میں ایسا دھرتے ہیں کہ بیچارہ چُپ ہو جاتا ہے۔"
باتیں بگھارنا	باتیں بنانا۔ ایک بات کے ساتھ دو چار بھی جھوٹی باتیں مِلا کر کہنا۔ (فقرہ) "آپ زیادہ باتیں نہ بگھارا کریں ورنہ کسی دِن مُنہ کی کھائیں گے۔"
باچھیں کِھل جانا	بہت خوش ہونا۔ ہنسی آنا۔ (جب وہ میرے سامنے آیا تو خوشی کے مارے میری باچھیں کِھل گئیں۔
بادی چور	لکّا چور۔ عادی چور۔ چوروں کا بادشاہ (وہ بادی چور ہے۔ جب ہاتھ مارتا ہے لاکھوں ہی پر ہاتھ مارتا ہے۔)
بارہ باٹ	الگ الگ۔ متفرق۔ تین بیٹے اور تینوں ہی بارہ باٹ (۲) بیکار۔ نکمّا۔ بے فائدہ۔ (اناڑی کا سودا بارہ باٹ)

بارہ پتھر باہر	شہر سے باہر۔ سرحد سے باہر۔ چھاؤنی کی حد سے باہر۔ بہت دور۔ (اُسے بارہ پتھر باہر کردو)
باڑ پر چڑھانا	دھار تیز کرنا (تلوار پر باڑ چڑھی ہوئی ہے) (۲) ڈھولس پر چڑھانا۔ ورغلانا (بہتیرا باڑ پر چڑھایا۔ مگر وہ چڑھا ہی نہیں)
بازار دکھانا	بیچنے کے لئے بازار لے جانا۔
بازار گرم ہونا	لین دین کا ترقی پر ہونا۔ بازار کا رونق پر ہونا۔ زیادتی۔ رونق۔ کثرت (آج کل انگریزی تجارت کا بازار گرم ہے۔) (۲) زوروں پر ہونا۔ غلبہ ہونا۔ کسی چیز کی کثرت ہونا۔ (آج کل ہیضہ کا بازار گرم ہے) خوب گرمی کا گرم ہے بازار آنے جانے سے ہو گئے ناچار (شاکر)
بازار کے بھاؤ پٹنا	بہت مار کھانا۔ علانیہ پٹنا۔ (یا تو جوا کھیلنا چھوڑ دو ورنہ بازار کے بھاؤ پٹو گے)
بازار ناپتے پھرنا	بازار میں آوارہ اور بے کام پھرنا۔

(دینا دینا خاک نہیں مگر دن بھر بازار ناپتے پھرتے ہیں)

باگ ڈھیلی چھوڑ دینا — ڈھیل دینا - خود مختار کر دینا - بے پروائی کرنا۔
(آپ نے جب سے ڈھیل چھوڑ دی ہے دونوں لڑکے شریر ہو گئے ہیں)

باگ ہاتھ سے چھوٹنا — قابو سے نکل جانا - کام اختیار میں نہ رہنا - موقع نکل جانا۔

بال کی کھال اُتارنا / بال کی کھال نکالنا / بال کی کھال کھینچنا — بہت تحقیقات کرنا - جرح کرنا۔
(تم بات تو کیا پوچھتے ہو البتہ بال کی کھال اُتارتے ہو) - موشگافی کرنا۔
(۲) فضول خرچی سے بچنا - خوب ہوشیاری دکھانا - ہنڈی کی چنڈی نکالنا
(وہ بڑا ہی عقیل ہے بال کی بھی کھال اُتارتا ہے)
علمی نکتے اور باریکیاں نکالنا - عجیب عجیب باتیں کہنا - بحث کرنا۔

بال بال بچنا — بڑی مشکل سے خطرے سے بچنا - بدنامی میں ذرا سی کسر رہ جانا۔

بال باندھا غلام بننا — تابع - فرماں بردار - دوسرے کے بالکل قابو میں۔

	(وہ تو بیوی کا بال باندھا غلام بنا ہؤا ہے)
بال آنا	بال نکلنا - بال اُگنا - (اب تو تمہارے رخساروں پر بال آ گئے -) (۲) ذرا سا شگاف پڑ جانا -) چینی کے پیالے میں بال آگیا ۔ کب دِل شکستہ لبِ پر یاں عرض حال آیا ہے بے صدا وہ چینی جس میں کہ بال آیا
بانسا پھر جانا	ناک کا بانسا ٹیڑھا ہو جانا - علامت موت (اب تو اس کی ناک کا بانسا بھی پھر گیا - زندگی کی کون اُمید)
بایاں پیر پوُجنا	کمال کا معترف ہو جانا - بڑا ماننا - کسی کی عیاری اور فیلسوفی کا لوہا ماننا بھی آتا ہے - واہ جناب آپ کا تو بایاں پیر پوُجنا چاہیئے -
باوا آدم نرالا ہونا	دنیا سے الگ بات - الگ کام کرنا - جگ بھاتا کام نہ کرنا - (اجی جناب آپ کا تو باوا آدم ہی نرالا ہے)
بتیا پڑنا	مصیبت آنا (اے خدا مجھ پہ یہ

کیا بپتا ڈال دی۔)

بپھرنا — باغی ہونا۔ نافرمانی کرنا۔ مچلنا۔ ضد کرنا۔ پھیلنا۔
(اُس نے اپنے باپ کو جو بگڑتا دیکھ لیا تو بس بپھر گیا)
(۲) طیش میں آنا۔ غضب ناک ہونا آگ بگولا ہو جانا۔
آج میرا گھوڑا بپھر رہا ہے خدا خیر ہی کرے۔

بُتّا دینا — فریب دینا۔ بہانہ کرنا۔ ٹالنا۔ حیلہ کرنا۔
(دیکھو وہ آج کیسا بُتّا دیکر گیا)

بُتّوے میں آنا — دھوکا کھانا۔ جُل میں آ جانا۔
(میں اُس کے بُتّوے میں نہیں آسکتا)

بٹّا لگنا — کٹوتی کٹنا۔ نقص یا کھوٹ کا عوض دیا جانا۔
اس روپیہ پر ایک آنہ بٹّا لگے گا۔
(۲) ساکھ بگڑنا۔ حرف آنا۔ کلنک لگنا۔
(اُن کی عزت کو بٹہ لگ گیا)

بٹّے کھاتے — ناقابل وصولی رقم۔
(اس سال کی چار رقمیں بٹّے کھاتے میں گئیں)

بجوگ — جُدائی ہونا - بچھڑنا -
(ہم میں اور اِن میں کچھ ایسا بجوگ پڑا کہ پھر ملنے کا اتفاق ہی نہیں ہوا)

بچلنا — پھسلنا - سرکنا (میرا پاؤں ایسا بچلا کہ میں نیچے ہی جا پڑا -)
(۲) بہکنا - چوکنا (وہ ڈوم گاتے گاتے بچل گیا)
(۳) بگڑنا - خراب ہو جانا (بچلا ہوا کام مشکل سے قابو میں آتا ہے -)

بخیہ اُدھیڑنا — راز فاش کر دینا - حقیقت ظاہر کر دینا بھانڈا پھوڑ دینا -
شرارت سے باز آجاؤ ورنہ آپ کے بخیے اُدھیڑ دونگا -

بُخار نکالنا — دل کی بھڑاس نکالنا - جوش نکالنا - دشمنی نکالنا - غصہ آتے رہنا - جوش غم نکالنا -
(فقرہ) "اگر گالیاں دے کر بھی دل کا بخار نہ نکلا تو مار بھی لو!"
(۲) آج میں نے شنکر کو جلی کٹی سنا کر خوب دل کا بخار نکالا -

بدن کے رونگٹے کھڑے ہونا — ڈر کے مارے بدن کے بالوں کا

سیدھے کھڑے ہونا - بہت ڈرنا -
(فقرہ) "جنگل میں شیر دیکھتے ہی میرے
بدن کے رونگٹے کھڑے ہو گئے"

بدھیا بیٹھنا	ٹوٹا آنا - نقصان ہونا - دوالہ نکلنا - مفلس ہونا -
بِدا ہونا -	رخصت ہونا (آج لڑکی بِدا ہوگی) (۲) مرنا (کیا تمھارے پتا بدا ہو گئے)
بِدکانا	بھڑکانا - ڈرا دینا - بھگا دینا (تم نے میرا گھوڑا بدکا دیا) (۲) اُچٹانا - بہکانا (تم نے میرا گاہک بِدکا دیا -
بدمزہ	بد ذائقہ - سیٹھا - کڑوا - (آج کا کھانا بد مزہ ہے)
بدّو کرنا	بدنام کرنا - نکو بنانا (ذرا سی چوری نے اُس کا نام تمام شہر میں بدّو کر دیا -)
بِدھ ملانا	میزان جانا - برت پھیلانا - پڑتال کرنا مقابلہ کرنا - (میں پہلے اپنی بِدھ ملا لوں پھر بھاؤ بتاؤنگا -
بدھیاں اُبھرنا	کسی چیز یا کوڑے کا نشان بدن پر پڑ

	جانا ۔ اُڑ آنا ۔ اُستاد نے ایسا مارا کہ تمام بدن پر بدھیاں پڑ گئیں ۔
برابر کرنا	چورس کرنا ۔ ہموار کرنا ۔ ہموزن کرنا ۔ (اس کے برابر کردو ۔) (۲) چکانا ۔ ادا کر دینا ۔ بے باق کر دینا ۔ (اپنا سارا قرض برابر کر دیا) (۳) خرچ کر ڈالنا ۔ اُٹھا لینا (چند ہی روز میں ہزار کے ہزار برابر کر دیئے) (۴) غارت کرنا ۔ مسمار کرنا ۔ خاک میں ملانا (آدھی دلی برابر کر دی)
برابری کرنا	سامنا کرنا ۔ مقابلہ کرنا ۔ گستاخی یا بے ادبی کرنا (میری برابری کرتا ہے) ہمسری یا رقابت کرنا ۔ بھائی تم میری برابری نہیں کر سکتے ۔ اُس کا اور میرا معاملہ کچھ اور ہی قسم کا ہے ۔
بُرا وقت پڑنا	مصیبت پڑنا ۔ مفلس ہو جانا ۔ عاجز و بے کس ہو جانا ۔ سچ تو یہ ہے کہ بُرا وقت نہ دکھلائے خدا دوست پھر جاتے ہیں دشمن کی شکایت کیا ہے
برپا کرنا	مچانا ۔ اُٹھانا ۔ پھیلانا ۔ کھڑا کرنا ۔ (بیٹھے بیٹھے فساد برپا کر دیا)
برسنا	بارش ہونا (مینہ برس رہا ہے)

	(۲) افراط یا کثرت سے آنا (تحصیل میں روپیہ پڑا برستا ہے)
	(۳) ظاہر ہونا ۔ ٹپکنا ۔ (تمہارے چہرے پر اُداسی برس رہی ہے ۔)
	(۴) گالیاں دینا ۔ سخت و سُست کہنا ۔ غصہ اُتارنا ۔
	(بڑے گرجے بڑے برسے)
برسوں جھولنا	مُدت تک اُمیدواری کرتے رہنا ۔ مُدتوں کوشش کرنا ۔
	مقدمہ برسوں سے جھول رہا ہے ۔ فیصل ہونے ہی نہیں آتا ۔
بُرکی ڈالنا	خاک کی چٹکی پر جادو پڑھ کر مارنا ۔ (جادو کی بُرکی ڈال دی)
	(۲) سفوف ڈالنا (زخم پر بُرکی ڈال دو
	(۳) فریفتہ کرنا ۔ موہ لینا (تم نے اُس پر کیا بُرکی ڈال دی کہ وہ تمہارا دیوانہ بنا پھرتا ہے ۔)
برملا سُنانا	صاف صاف کہنا ۔ لحاظ نہ کرنا ۔ (اُس نے برملا سُنائیں ۔)
برانا	سوتے میں کچھ کہنا ۔ بکنا (تم رات کو سوتے میں خوب براتے ہو)

بڑ مارنا	(۲) شیخی مارنا ۔ بیہودہ بکنا ۔ (بس میرے سامنے نہ بڑ مار ورنہ پٹ جائے گا ۔)
بِس اُگلنا	زہر اُگلنا ۔ بُرا کہنا ۔ توہین کرنا ۔ جو جی میں آئے کہدینا ۔ یہاں بیٹھا کیا بِس اُگل رہا ہے ۔ مرد ہے تو جا کر اُس کے مُنہ پر کہہ ۔
بسیرا لینا	جانوروں کا درخت پر سونا (چڑیوں کو بسیرا لینے دو ۔ دق نہ کرو ۔ (۲) رات کو آرام کرنا ۔ رات کی رات ہم بھی یہاں بسیرا لیں گے ۔
بغلیں بجانا	خوش ہونا ۔ خوشی سے اُچھلنا ۔ فقرہ " ذرا محمود کو تو دیکھو پاس ہو کر بغلیں بجاتا پھرتا ہے ۔ "
بغلیں جھانکنا	شرمندہ ہونا ۔ منہ تکتے رہ جانا ۔ جواب نہ بن پڑنا ۔ (فقرہ) " جب منشی جی سے اس شعر کا جواب شعر میں ہی طلب کیا گیا تو بیچارے بغلیں جھانکنے لگے ۔
بکھانا	بُرا بھلا کہنا ۔ سخت سُست کہنا ۔ دارے کچھ چیز نہ لگاڑ دیجو ورنہ

ساس آکر مُفت میں بکھان بکھائیگی۔

بکھرنا — مُنتشر ہونا۔ بکھنڈنا۔ پھیلنا (ساری بکھیر بکھر گئی۔)

(۲) پریشان ہونا۔ بے ترتیب ہونا۔ اُلجھ جانا (تمہارے بال کیوں بکھر گئے)

(۳) ضائع ہونا۔ خراب ہونا۔ پھیلنا۔ بے ترتیبی سے خرچ ہونا۔
اب تو میرا سارا روپیہ بکھر گیا جب وقت آئے گا دیکھا جائے گا۔

(۴) گھبرانا۔ حال ابتر ہونا۔ جی بیٹھ جانا (طبیعت بکھری جاتی ہے)

(۵) حالت غیر ہونا۔ قریب المرگ ہو جانا (دودھ پیتے ہی بکھر گیا۔)

بکھیڑا — اُلجھاؤ۔ جنجال جھگڑا (تُم خواہ مخواہ اس بکھیڑے میں کیوں پڑ گئے۔)

(۲) تکلیف۔ دِقّت۔ دشواری۔ عذاب (تُم کوئی نہ کوئی بکھیڑا مول لیتے رہتے ہو)

(۳) تشویش۔ اندیشہ۔ فکر۔ جھگڑا (جیتے جی کا بکھیڑا ہے)

(۴) اسباب۔ انگڑ کھنگڑ (یہ تُم نے بکھیڑا پھیلا رکھا ہے)

(۵) کام دھندا۔ کاروبار (ہندوؤں کا

	لڑکا ابھی ہوش سنبھالنے نہیں پاتا کہ دُنیا کے بکھیڑے میں پھنس جاتا ہے)
بگلا بھگت	وہ شخص جو ظاہر میں سیدھا اور شریف ہو مگر در اصل ناپاک۔ مکّار اور دغا باز ہو۔ عیّار۔
	رفقرہ) گو موہن لال حد درجہ بد چلن اور بد معاش ہے۔ مگر دیکھنے میں بگلا بھگت ہی نظر آتا ہے۔
بگ ٹُٹ دوڑانا	سرپٹ دوڑانا (اِس گھوڑے کو بگ ٹٹ نہ دوڑانا ورنہ پٹک دے گا۔)
بَل بھرنا	ناراض یا خفا ہو بیٹھنا۔ خواہ مخواہ کسی سے رنجیدہ ہو جانا (ذرا خلاف بات مُنہ سے نکل جائے بَس بل بھرنے شروع کر دیتا ہے۔)
بل پڑنا	فرق آ جانا۔ نفاق یا شکر رنجی ہو جانا اَن بن ہو جانا۔ ہنسے ہنستے پیٹ میں بل پڑ جانا (میرے اور اُن کے دِل میں بل پڑتا جاتا ہے)
بل کی لینا	ٹیڑھا ہونا۔ پیچ و تاب کھانا۔ اکڑنا۔ غصّہ ہونا۔
	(اگر مجھ سے بل کی لوگے تو ٹھیک

محاورہ	معنی
	کر دونگا۔
بل کھانا بل بھرنا	اینٹھنا ۔ غصہ میں پیچ و تاب کھانا ۔ کاکل کی طرح آپ جو بل کھائے ہوئے ہیں ۔ معلوم ہوا غیر کے بہکائے ہوئے ہیں ۔
بل نکلنا	ٹیڑھا پن دور ہونا ۔ شیخی اور گھمنڈ نکلنا ۔ (فقرہ) (۱) "اگر کسی نے ماسٹر صاحب سے شکایت کر دی تو بیت پڑتے ہی آپ کے تمام بل نکل جائینگے"۔ (۲) میری طاقت دیکھ کر اس کے سارے بل نکل گئے ۔
بلکنا ۔	بچّہ کا تڑپ تڑپ کر رونا ۔ پھڑکنا بلبلانا (بچہ بلک رہا ہے)
بلوں بلوں	مانگ ۔ ضرورت ۔ خواہش ۔ تنگی ۔ کمیابی (پانی کی کیسی بلوں بلوں مچ رہی ہے)
بنا ٹھنا	آراستہ ۔ مزین ۔ بنا سنورا ۔ بانکا ۔ (وہ کیسا بنا ٹھنا رہتا ہے ۔)
بن آنا ۔	مطلب یا مراد حاصل ہونا ۔ قسمت یا بھاگ کھل جانا ۔ (آج کل آپ کی بن آئی ہے)

	(۲) ممکن ہونا - ہو سکنا - آن ہیں ہونا (بن آٹے کی مایا ہے)
بن کر بگڑنا بن بن کر بگڑنا	کام پورا ہو کر بگڑ جانا ؎ بن کر بگڑتے ہیں جو گھروندے ہزارہا ہیں کھیل امیر صنعت پروردگار کے (امیر) کوئی کام ٹھیک ہو کر خراب ہو جانا - پیار و محبت کرتے کرتے ناراض ہو جانا جان جان کر خفا ہونا ؎ جان جاتی ہے اور بھی اُن پر جُوں جُوں بن بن کے وہ بگڑتے ہیں
بنجنا	بیاہ - یا سگائی کرنا - بیاہنا - بیاہ کرنا (مجھے کیا کوئی بیٹا بیٹی بنجنا ہے)
بندر بھبکی دینا	بندر کی مانند ڈرانا - دھمکانا - ڈرانا - (یہ بندر بھبکی کسی اور کو دینا)
بنکارنا	شور کرنا - غل مچانا - دھاڑنا (ذرا بھی کام بگڑ جائے تو بنکارتا پھرتا ہے)
بوائی پھٹنا	ایڑی میں سردی کی وجہ سے شگاف ہو جانا - زخم ہونا - تکلیف یا دُکھ ہونا مصیبت پڑنا - (جس کی نہ پھٹی بوائی - وہ کیا جانے پیر پرائی)
بوٹی بوٹی پھڑکنا	نس نس پھڑکنا - چنچل چلبلا ہونا - (اس

	لڑکے کی بوٹی بوٹی پھڑکتی ہے)
بول بالا ہونا	ترقی ہونا۔ قسمت جاگنا۔ شہرت ہونا نا موری حاصل ہونا۔ (اس کا بڑا بول بالا ہے) ۵ آج موزوں ہم سے وصف قد بالا ہوگیا عالم بالا تک اپنا بول بالا ہوگیا (ناسخ)
بولی مارنا بولیاں مارنا / بولیاں سنانا	طعنے دینا (تم بار بار بولیاں کیوں مارتی ہو۔)
بوتا	طاقت۔ زور۔ بل۔ قوت دماغی (اس میں اتنا بل بوتا کہاں)
بوٹا سا قد	موزوں قد۔ لپتہ قد (اس یار کا بوٹا سا قد آنکھوں میں پھرتا ہے۔)
بوچھار کرنا	ان گنت روپیہ لٹانا۔ بکھیر کرنا (اس نے شادی میں روپیہ کی بوچھار کی۔ (۲) باتوں یا گالیوں کا مینہ برسانا۔ بہت بُرا بھلا کہنا۔ (اس نے آتے ہی گالیوں کی بوچھار کردی۔)
بُور بُور کرنا	ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ ریزے ریزے کرنا سفوف کر دینا۔ (گائے نے دوپٹہ چبا کر بُور بُور کردیا)

بول جانا	ہو چکنا۔ نبٹر جانا (آج ہمارے ہاں گیہوں بھی بول گئے)
	(۲) گھس جانا۔ بوسیدہ ہو جانا (میرا کُرتا بھی بول گیا)
	(۳) دُور کر نکل جانا۔ گھاٹا آ جانا۔ بیٹھ جانا (اس سال ہمارا مہاجن بول گیا)
بہار لوٹنا	گُل چھرے اُڑانا۔ عیش کرنا (وہ آج کل خوب بہار لوٹ رہے ہیں۔)
بھاری بھر کم ہونا	سنجیدہ ہونا۔ بردبار ہونا۔ سمجھدار ہونا۔ (اب ہمارے خاندان میں بھاری بھرکم صرف آپ ہی ہیں۔)
بھانڈا پھوٹنا	بھید کھل جانا (اس نے بالکل خفیہ طور سے زہر دیا۔ مگر آخر کار بھانڈا پھوٹ ہی گیا۔
بھاڑے کا ٹٹو بننا	معاوضہ لے کر کام کرنا۔ رشوت کھاکر کام کرنا۔ کسی نشہ کا عادی ہونا۔ نشہ کے بغیر شعر نہ کہہ سکنا۔ اجی وہ شاعر کہاں سے آ گئے۔ وہ تو بھاڑے کے ٹٹو ہیں۔ جب تک پی نہ لیں ایک مصرعہ تک موزوں نہیں کر سکتے۔

	(فقرہ) "رام لال بھاڑے کا ٹٹو بنا ہوا ہے - دو آنہ لئے بغیر اسکول نہیں جاتا۔"
بھاڑ جھونکنا	بھاڑ میں ایندھن ڈالنا - ادنیٰ پیشہ اختیار کرنا - بے فائدہ وقت گنوانا -
	(فقرہ) "بارہ برس دِلّی میں رہے مگر مگر بھاڑ ہی جھونکا"
بھُس کے مول لِید	بیش قیمت چیز کا سستے داموں بِکنا۔
بھنگ کے بھاڑے میں جانا	کسی چیز کا مفت ہاتھ سے نِکل جانا بے فائدہ خرچ ہو جانا -
	(فقرہ) "میری ساری رقم بھنگ کے بھاڑے میں گئی"
بھاگ جاگنا	مراد حاصل ہونا - دولت مند اور با اقبال ہو جانا -
	(اب تو آپ کے بھی بھاگ جاگ گئے
بھانپ لینا	تاڑ لینا سمجھ لینا - جانچ لینا -
	(اس نے ایک ہی نظر میں بھانپ لیا کہ محفل میں غیر کون کون ہے
بھانجی مارنا	کسی کے کام میں خلل ڈالنا - بنا بنایا کام بگاڑ دینا - ہارج ہونا - اُس کا منشا تو کتاب دینے کا تھا - مگر محمود نے بھانجی مار دی اور اُس نے کتاب

	نہیں دی۔
بھاؤ بتانا	ناچنے میں ہاتھ اور بدن اور جوڑوں کے ذریعہ راگ کے بولوں کا رُوپ کھڑا کر دینا۔ راگ کی تصویر کھینچ دینا۔ (دیکھنا یہ نقال کیسا بھاؤ بتاتا ہے کہ رنڈی کو بھی مات کئے دیتا ہے۔)
بھائیں بھائیں کرنا	ویرانی برسنا۔ خوفناک معلوم ہونا (وہ مکان تو بھائیں بھائیں کرتا ہے
بھپارہ دینا	کوئی چیز پانی میں اُبال کر اُس کی بھاپ سے سینکنا (مکوہ کے بھپارہ دینے سے سوجن کم ہو جاتی ہے۔) (۲) دم جھانسا دینا۔ فریب دینا (کیوں مفت میں جھوٹے بھپارے دے کر میرا دِل جلاتے ہو۔)
بُھٹّا سا اُڑا دینا	صفائی کے ساتھ۔ ایک ہی ہاتھ میں۔ آسانی سے۔ جلد۔ (جلاد نے ایک ہی ہاتھ میں اُس کا سر بُھٹّا سا اُڑا دیا)
بھدرک	نیکی۔ بھلائی۔ لیاقت۔ استقلال پائیداری۔ بھلا آپ بھی کوئی آدمی ہیں کہ نہ رونے

	میں بھدرک اور نہ ہنسنے میں (صرف آواز کے واسطے آتا ہے)
بھرّا جانا	بیٹھ جانا - پڑ جانا - بھاری ہو جانا - (میری آواز نزلہ سے بھرّا رہی ہے)
بُھرتا بنا دینا	جھلس دینا - جلا دینا - بینگنوں کا بُھرتا بنا لینا -
	(۲) خوب مارنا - کچلا کر دینا (مارتے مارتے اُس کا بُھرتا بنا دیا)
بھرتی کرنا	مال بھرنا - اناج بھرنا (گیہوں کی بھرتی شروع ہو گئی ہے)
	(۳) فوج میں نئے آدمی نوکر رکھنا - (آج کل فوج میں بھرتی ہو رہی ہے)
	(۴) پورا ڈال دینا - کمی پوری کرنا - (اُن کی امانت میں سو روپئے کم ہو گئے تھے - آخر مجھ کو بھرتی کرنے پڑے -)
بھرمار کرنا	کثرت - ریل پیل (آج کل رشوت کی بھرمار ہے -)
بھرم رکھنا	شک - شبہہ کرنا - بدگمانی کرنا (وہ ہمیشہ مجھ پر بھرم رکھتے ہیں -)
	ساکھ رکھنا - اعتبار رکھنا - (خدا میرا

	بھرم رکھے تو اچھا)
بھرم کھُلنا	راز افشا ہو جانا ۔ فرضی دولت مندی کا راز کھُل کر مفلسی کا ظاہر ہو جانا ۔ (بڑے دولت مند بنے پھرتے تھے آخر اُن کا بھرم کھُل ہی گیا ۔ اب کوئی کوڑی کو بھی نہیں پوُچھتا ۔ (ع) بھرم کھُل جائے ظالم تیری قامت کی درازی کا)
بھرنا بھرنا	کسی کی کمی پوری کرنا ۔ پوشیدہ کچھ دینا (وہ تو ماں ہی کا بھرنا بھرتی رہتی ہے)
بھڑاس نکالنا	دِل کا غبار نکالنا ۔ بخار نکالنا ۔ رو کر یا لڑ کر جی کا رنج دوُر کرنا ۔ (اس نے رو کر دِل کی بھڑاس نکال لی ۔)
بھڑ بھڑیا	جسے جلد غصہ آئے اور جلد ہی اُتر جائے ۔ تنک مزاج ۔ سادہ ۔ صاف دِل ۔ کھری سُنانے والا جو دِل کا کھوٹا نہ ہو (وہ بس بھڑ بھڑیا ہے دِل کا بُرا نہیں)
بھسم ہونا	جل کر راکھ ہو جانا (کئی مکان جل کر بھسم ہو گئے ۔) (۲) ہضم ہو جانا ۔ یہ چوُرن کھاؤ تو

	پتھر بھی بھسم ہو جائے گا۔ (۳) غصّے میں آگ ہونا۔ جلنا۔ حسد کرنا۔ (مجھے جو اس کے پاس بیٹھا دیکھا تو جل کر بھسم ہو گئی)
بھگت بنانا	خوب پیٹنا۔ مٹی پلید کرنا۔ گت بنانا۔ (سیدھے ہو جاؤ ورنہ تمہاری ایسی بھگت بناؤنگا کہ یاد کیا کروگے۔
بھگت لینا	سمجھ لینا۔ سلٹ لینا۔ (تم کچھ فکر نہ کرو۔ اب میں ان سے بھگت لونگا۔
بھگر گانٹھنا	پھٹے پرانے کپڑے پہن کر اپنی مفلسی ظاہر کرنا۔ ڈھونگ دینا۔ بناوٹ کرنا۔ کیسا بھگر گانٹھ کر آیا ہے گویا دال روٹی بھی نہیں ملتی۔
بھنڈ پیرا	جس کے آنے سے نحوست پھیل جائے۔ کم بخت۔ یہ داماد کیسا بھنڈا پیرا کہ ساس رہی نہ سسرا)
بھنڈ خرابا ہونا	بگاڑ ہونا فضیحتی ہونا۔ کام بگڑ جانا۔ بربادی ہونا۔ (ان کے مرتے ہی سارے کاموں کا بھنڈ خرابا ہو گیا۔)

محاورہ	معنی
بھنک پڑنا	آواز کان میں پڑنا۔ سُنائی دینا۔ (اِن کے کان میں بھنک پڑ ہی گئی۔
بھنگ کے بھاڑے میں جانا	بیکار جانا۔ برباد ہونا۔ مُفت میں جانا۔ (کیوں صاحب کیا ہمارا روپیہ بھنگ کے بھاڑے میں جائے گا۔)
بھُوت چڑھنا	سر پہ جِن چڑھنا۔ غصّہ آنا (آج اس کے سر پر کچھ ایسا بھوت چڑھا ہے کہ ہوا سے بھی لڑتا ہے۔)
بھور اُڑانا	خرچ کر دینا۔ ضائع کر دینا۔ برباد کرنا۔ (ایک تو صاحبزادے نے خرچ کے مارے میرا بھور اُڑا دیا)
بھُور کر دینا	بہت مارنا۔ بھُرکس نکال دینا۔ (آج تو اُستاد نے مارتے مارتے بھور ہی کر دیا)
بھینٹ ہونا	مُلاقات۔ مُٹ بھیڑ۔ مِل جانا (آج اُن سے مُٹ بھیڑ ہو ہی گئی)
بھینٹ ہونا	(۲) قربان ہونا۔ جان دے دینا۔ مر جانا (کتنے ہی آدمی گنگا کے بھینٹ چڑھ گئے)
بھیڑ چال	دیکھا دیکھی۔ حرصا حرصی عام رواج (یہاں تو بھیڑ چال ہے جو ایک

نے کیا وہی سب کرنے لگے ۔)

بھیگی بلی بنانا — بہانہ حیلہ کرنا ۔ عذر نکالنا (جب تم سے کام کو کہا ہوگا تم نے بھیگی بلی ہی بتائی ہوگی ۔)

بھیگی مرغی — مسکین صورت بظاہر غریب مزاج ۔ (آج تو وہ بھیگی مرغی بنے بیٹھے ہیں ۔)

بھیمڑا پسارنا — بچے کا منہ بنا بنا کر رونا (پہلے تو بسورہی رہا تھا ۔ مگر ماں کو دیکھتے ہی کیسا بھیمڑا پسار کر رونے لگا ۔

بے آپے ہونا — آپے سے باہر ہو جانا ۔ بے ہوش ہو جانا ۔ بدحواس ہو جانا ۔ غصے سے بدحواس ہو جانا ۔ (ایسا تنک مزاج ہے کہ لحظہ بھر میں بے آپے ہو جاتا ہے)

بے پر کی اڑانا — بے اصل اور جھوٹ بات مشہور کرنا ۔ گپ اڑانا ۔
اجی کیوں بے پر کی اڑاتے ہو ۔

بے تحاشہ — بے اوسان ہو کر ۔ گھبرا کر ۔ اندھا دھند ۔ (بے تحاشہ بھاگا چلا جانا)
(۲) بے سوچے سمجھے ۔ بے دھڑک ۔

(وہ بے تحاشہ مار بیٹھتا ہے)

بیٹھے بٹھائے — بے سبب۔ خواہ مخواہ۔ لا حاصل۔ بے فائدہ (تم نے بیٹھے بٹھائے جھگڑا مول لے لیا)
(۲) یکایک۔ ناگہاں۔
(بیٹھے بٹھائے پر بلا نازل ہوئی)

بیج بونا — تخم ریزی کرنا۔ فساد پھیلانا۔ بنیاد رکھنا۔ بانی فساد بننا۔ (فساد میں سارا بیج آپ ہی کا تو بویا ہوا ہے)

بیج ناس کرنا — نیست نابود کرنا۔ ملیا میٹ کرنا۔ غارت کر دینا۔ (وزیر صاحب نے ریاست کا بیج ناس کر دیا)

بیراگی ہونا — فقیر ہو جانا۔ دنیا چھوڑ دینا۔ بیراگ لینا۔ جوگی بن جانا۔ (تم جو بیراگی ہوئے اس میں کیا فائدہ دیکھا)

بیر باندھنا — دشمنی کرنا۔
(اس بے چارے سے کیوں خواہ مخواہ کا بیر باندھتے ہو۔)

بے رُخ ہونا — روکھا بننا۔ بے مروت ہو جانا۔ بگڑنا۔ طوطا چشم ہونا۔
آپ اتنے بے رُخ کیوں ہوتے ہیں۔

بے روپ کر دینا	خراب کر دینا - بے آب کر دینا - بد نما کر دینا - بگاڑ دینا - (یار تم نے چکنا ہاتھ لگا کر تمام کتاب بے روپ کر دی)
بے سرا ہونا / بن سرا بن جانا	خود سر - آوارہ ہونا - بے سردار بے مالک - (جب کسی کی اولاد بے سری ہو جاتی ہے تو چال چلن ضرور خراب ہو جاتا ہے -)
بیگار ٹالنا	بے دلی سے کام کرنا - بے توجہی کرنا - آفت ٹالنا - بلا ٹالنا - دفعہ الوقتی کرنا - اگر کام کرنا ہے تو کیجئے ورنہ بیگار نہ ٹالئے -
بے لاگ	بے غرض - صاف - کھرا - (بے لاگ - بے باک)
بیل منڈھے چڑھنا	پروان چڑھنا - کام بن جانا - مراد حاصل ہونا - اُمید بر آنا - (جب شروع ہی میں جھگڑے نکل کھڑے ہوئے تو یہ بیل کیسے منڈھے چڑھ سکتی ہے -)
بھورا دینا	خبر دینا - اطلاع دینا -

	کچھ اُن کا بھی تو پورا دو کہ وہ دِلّی بیٹھے کیا کر رہے ہیں۔
بے چراغ کرنا	اُجاڑنا برباد کرنا۔ (فقرہ) "نادر شاہ نے قتل عام کے وقت لاکھوں گھر بے چراغ کر دیئے تھے"
بے حیائی کا برقعہ مُنہ پر لینا	بے شرمی کا پردہ یا نقاب مُنہ پر ڈالنا۔ بے شرمی اختیار کرنا۔ بے شرم ہونا۔ (فقرہ) "اُس نے تو بے حیائی کا برقعہ مُنہ پر لے رکھا ہے۔ پھر وہ کسی کی کیا سنیگا"
بے حیائی کا جامہ پہننا	بے شرمی کا لباس پہننا۔ قطعی بے شرم بن جانا۔ فقرہ "محمود کو کسی بڑے چھوٹے کا خیال تھوڑا ہی ہے۔ اُس نے تو بے حیائی کا جامہ پہن رکھا ہے۔
بے دال کا بودم	(جب بودم سے "د" اُڑائی تو صرف بوم رہجاتا ہے۔ جس کے معنی ہیں اُلّو) اُلّو۔ بے وقوف۔ احمق۔ (فقرہ) ارے یار تُو تو زرا بودم بے دال ہے"
بیڑا پار ہونا	کشتی کا صحیح سلامت ساحل پر پہنچنا۔ مراد پوری ہونا۔ کام بن جانا۔ مشکل

حل ہونا - مصیبت رفع ہونا - کام پورا ہونا۔

(فقرہ) "اگر آپ کوشش سے کام کرتے رہینگے تو پھر بیڑا پار ہے۔"

بیڑا اُٹھانا — کسی کام کے کرنے کا ذمہ لینا - پختہ ارادہ کرنا۔

(فقرہ) میں ایسا بدقسمت ہوں کہ جس کام کے کرنے کا بیڑا اُٹھایا اُسی میں ناکامی ہوئی۔

گلوری پان کی غیروں کو تم کھلاتے ہو
ہمارے قتل کا بیڑا اگر اُٹھاتے ہو (ذوق)

پاپ اُدے ہونا — اپنی کرنی کا پھل ملنا - کئے ہوئے کام کا نتیجہ ملنا۔

پاپ بسانا — جھگڑا یا جنجال خرید لینا - وبال میں پڑنا۔

پاپ کٹنا — مصیبت دور ہونا - تکلیف دینے والی چیز کا دور ہونا۔

پاپ کاٹنا — قصہ پاک کرنا - چھوڑ دینا۔

(فقرہ) "تمہارے دفتر کے صاحب کا تبادلہ سُن کر دل بہت خوش ہُوا۔ اچھا ہوا کمبخت کا پاپ کٹا۔"

پاپڑ بیلنا
مصیبت اور تنگدستی سے دِن کاٹنا مصیبت جھیلنا۔ حد درجہ محنت کر کے بِسر کرنا۔
(فقرہ) "ہماری تو ساری ہی عُمر پاپڑ بیلنے میں گزری۔ سُکھ سے ٹکڑا ایک دِن نصیب نہیں ہُوا۔

پاسنگ بھی نہیں
ذرا بھی برابری نہیں رکھتا۔
(فقرہ) "حامد محمود کے پاسنگ بھی نہیں"

پانچوں اُنگلیاں برابر نہیں
تمام لوگ یکساں عادت و اخلاق کے نہیں فارسی میں اس کو اس طرح بولتے ہیں۔ کہ ؎ (خدا پنج انگشت یکساں نہ کرد)

پانی پانی ہونا
حد درجہ شرمندہ ہونا ؎
وہ پانی پانی ہُوا شرم سے تو محفل میں
بہا کے اشک ہُوا کیا ہی انفعال مجھے
(فقرہ) "آج محفل میں ابراہیم پانی پانی ہو گیا۔"

پار بسانا
بس چلنا۔ ممکن ہونا۔ قادر ہونا۔
(جب تک پار بسائے جھوٹ نہ بولے)

پاس کرنا	رو رعایت کرنا۔ لحاظ کرنا۔ عزت داری کرنا۔ تُم نے میرا ذرا بھی پاس نہیں کیا۔ (۲) امتحان میں کامیاب ہونا۔ کامیاب کرنا۔ (اب کے اُس نے بی۔ اے پاس کیا) (ڈپٹی صاحب نے پاس کر دیا) (۳) کام درست ہونا۔ (صاحب نے کام پاس کر دیا۔
پاکھنڈ پھیلانا	دھوکہ فریب دینا۔ مکر کرنا۔ (یہ فقیر بڑا ہی مکار ہے۔ دیکھو کیسا پاکھنڈ پھیلایا ہے۔)
پالا پڑنا	اوس بحالتِ برف پڑنا۔ آج کل رات کو بہت پالا پڑتا ہے۔ (۲) ساتھ یا واسطہ پڑنا۔ معاملہ پڑنا۔ کسی کے پیچ میں پھنسنا۔ بس میں آنا۔ (خدا جانے وہاں کیسے لوگوں سے پالا پڑے) بچائے گا تو ہی اے میرے اللہ کہ جاڑے سے پڑا بیڈھب ہے پالا
پانی بجھانا	اینٹ۔ لوہا۔ یا چاندی خوب گرم کرکے

اُسے پانی میں ڈالنا۔ اس طرح پانی صاف ہو جاتا ہے۔ اور مریضوں کو دیا جاتا ہے۔

پانی طبیب دے ہے ہمیں کیا بجھا ہُوا
ہے دِل ہی زندگی سے ہمارا بجھا ہُوا

پانی بھرنا	پانی لانا۔ پنہارا بن جانا (ہمارے ہاں قاسم سقہ ہی پانی بھرتا ہے اور نرائن کے ہاں کہار۔ (۲) جُھکنا۔ شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا (پانی بھرتا ہے گُل تیرے آگے)
پانی پھر جانا	ڈوب جانا۔ تباہ ہو جانا (سارے گاؤں پر پانی پھر گیا) (۲) نقصان ہونا۔ ضائع ہو جانا۔ (سو روپئے پر پانی پھر گیا۔) (۳) جلا ہونا۔ رونق آ جانا۔ رنگ نکل آنا۔ نکھرنا۔ (اب تو آپ کے چہرے پر بھی کچھ پانی پھر گیا ہے)
پانی پھیرنا	کسی کا احسان بھول جانا۔ کسی کی کارگزاری ملیامیٹ کر دینا۔ کسی کے کئے کرائے کام پر مٹی ڈالنا۔

	افسوس کہ آپ نے ایک قصور کے پیچھے زید کی عمر بھر کی نیکیوں پر پانی پھیر دیا۔
پانی نہ مانگنا	فوراً مر جانا۔ جھٹ پٹ مر جانا۔ جھٹکا بھی نہ کھانا۔ فوراً بے ہوش ہو جانا۔ بے دم ہو جانا۔ دکالے کا کاٹا پانی تک نہیں مانگتا یعنی فوراً مر جاتا ہے۔
پانی دیوا نہ نام لیوا	مرنے کے بعد نہ کوئی پانی دینے والا اور نہ کوئی نام لینے والا۔ کوئی خاندان میں رشتہ دار باقی نہ رہنا (فقرہ) "سلاطین مغلیہ کا اب کوئی نام لیوا ہے نہ پانی دیوا"
پانی کا بلبلا ہے	بے قیام ہے۔ ذرا سے صدمہ سے فنا ہونے والا ہے ؎ کیا بھروسہ ہے زندگانی کا آدمی بلبلا ہے پانی کا
پانی کے گھڑے پڑنا	نہایت شرمندگی حاصل ہونا۔ (فقرہ) "جب سوہن نے خود اپنے منہ سے چوری کا اقبال کیا۔ تو

	اُس کے اُوپر پانی کے سینکڑوں گھڑے پڑ گئے"
پانی پانی ہونا	شرمندہ ہونا - عرق عرق ہونا - فارسی میں آب آب ہونا بولتے ہیں
	یہ بھی ناچار جی کو کھوتا ہے شرم سے پانی پانی ہوتا ہے (غالب)
پانی کے مول بکنا	بہت سستا بکنا - مفت -
پاؤں پر پاؤں رکھنا	قدم پر قدم دھرنا - پیروی کرنا - تقلید کرنا -
	(فقرہ) "اگر دنیا میں شہرت چاہتے ہو نیک اشخاص کے پاؤں پر پاؤں رکھتے ہوئے زندگی بسر کئے جاؤ -
پاؤں پڑنا	پیروں پر گرنا - خوشامد کرنا - شرم محسوس کرنا ؎
	نہال میرے سخن کا اگر یہ کھینچے قد برنگ سایہ پڑے پاؤں سرو بستانی (ذوق)
پاؤں پوجنا	عزّت کرنا - تعظیم کرنا - پیر چومنا -
پاؤں پھونک پھونک کر رکھنا	نہایت ہی سنبھل سنبھل کر کام کرنا ڈر ڈر کر کام کرنا - احتیاط رکھنا فقرہ "دیکھو پولیس کی ملازمت بڑی سخت ہے - اس میں پاؤں پھونک

	پھونک کر رکھنے کی ضرورت ہے"
پاؤں پھیلنا	لالچ زیادہ بڑھنا۔ ؎ حرص کے پھیلتے ہیں پاؤں بقدرِ وسعت تنگ ہی رہتے ہیں دنیا میں فراغت والے (سودا)
پاؤں پیٹ پیٹ کر مرنا	سختیاں اور مصیبتیں جھیل کر مرنا۔
پاؤں تلے کی مٹی نکل جانا	ہوش و حواس اُڑ جانا۔ حیران و پریشان رہجانا۔ ہوش نہ رہنا۔ (فقرہ) "دریا میں طوفان کی آمد دیکھ کر میرے پاؤں تلے کی مٹی نکل گئی"
پاؤں دھو دھو کر پینا	کسی پر بہت اعتقاد لانا۔ حد درجہ تعظیم و عزت کرنا۔ خوشامد کرنا۔ خدمت کرنا۔ (فقرہ) "اگر وہ شریف ہوتا تو اس احسان کے بدلے آپ کے پیر دھو دھو کر پیتا۔"
پاؤں زمین پر نہ رکھنا	گھمنڈ کرنا۔ خوشی کے مارے بے قابو ہو جانا یا اُچھلنا۔ یہ محاورہ زیادہ تر یوں بولتے ہیں کہ وہ زمین پر پاؤں نہیں رکھتے۔
پاؤں گاڑنا	قدم جما کر کھڑا ہونا۔ مستقل مزاجی

	سے کام لینا۔ ڈٹ کر لڑنا
پاؤں گور میں لٹکائے بیٹھے ہیں	قبر میں جانے والے ہیں۔ جلدی مرنے والے ہیں۔ اصل میں یوں ہے ۔ (وہ گور میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں)
پاؤں اُکھڑ جانا	پاؤں کا اپنی جگہ قائم نہ رہنا۔ ہٹ جانا۔ برپا نہ رہنا۔ ہار جانا۔ بھاگ جانا۔ (ساری فوج کے پاؤں اُکھڑ گئے)
پاؤں ہاتھ نکالنا	بڑھ چلنا۔ حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا۔ اپنے رتبہ اور حد سے بڑھنا۔ آغا آپ نے تو ابھی سے پاؤں نکالے۔
پاؤں اڑانا	کسی کے معاملے میں دخل دینا۔ دخل در معقولات۔ کسی کام میں پڑنا۔ (آپ میرے کام میں پاؤں نہ اڑائیے ورنہ اچھا نہ ہوگا۔)
پاؤں پھنسنا	بکھیڑوں میں پڑنا۔ جھگڑوں میں گرفتار ہونا۔ دنیاوی جھگڑوں میں پڑ جانا۔ (میرا پاؤں تو اُن کے معاملہ میں خواہ نخواہ ہی پھنس گیا)
پاؤں پیٹنا	بُری طرح جینا۔ بدحال زندگی بسر کرنا۔ (یُونہی پاؤں پیٹ پیٹ کر مر جائینگے۔

	(۲) نہایت بے چین ہونا۔ جان کنی حالت نزع۔ (بے چارہ کئی روز سے ہاتھ پاؤں پیٹ رہا ہے۔ مگر دم نہیں نکلتا۔) (۳) بہت کوشش کرنا۔ بے فایدہ کوشش کرنا۔ بہتیرے پاؤں پیٹے مگر خاک فائدہ نہیں ہوا۔
پاؤں مرید	نہایت معتقد۔ بڑا ماننے والا۔ مطیع و فرمانبردار۔ (وہ تو اپنی بیوی کا ایسا پاؤں مرید ہو گیا ہے۔ کہ اس سے پوچھے بغیر کوئی کام ہی نہیں کرتا)
پاؤں نکالنا	چل نکلنا۔ چلتا پرزہ ہو جانا۔ کسی کا کہنا نہ ماننا۔ سرکش اور بدچلن ہو جانا۔ (آج کل تو آپ نے خوب پاؤں نکالے ہیں۔) قطع تعلق کرنا۔ شراب کی عادت گناہ ہے۔ اس لئے میں نے اس سے اپنا پاؤں نکال لیا۔

پپڑا جانا	پپڑی بندھنا ۔ سُوکھ جانا ۔ پھٹ جانا۔ (۱) (میرے ہونٹ گرمی سے پپڑا گئے) (۲) (آٹا پپڑا گیا ۔)
پتّا توڑ بھاگ جانا	جلد بھاگ جانا ۔ ہوا ہو جانا ۔ بے تحاشہ بھاگ جانا ۔ رفو چکر ہونا ۔ (اُستاد کی شکل دیکھتے ہی پتّا توڑ بھاگا)
پتّا مارنا	غصّہ ضبط کرنا ۔ دِل مارنا ۔ نفس کشی ۔ اپنے آپ کو گناہ سے بچانا ۔ محنت کا عادی ہونا ۔ بھائی تم پتّا مار کر بیٹھے ہی نہیں پھر کام کہاں سے آیا ۔
پتّر پانی پڑنا	مُراد پُوری ہونا ۔ ٹھنڈک پڑنا ۔ لو میرا مکان گر پڑا ۔ اب تو تمہارے پتّر پانی پڑا ۔
پتّھر سا کھینچ مارنا	سخت جواب دینا ۔ بے سوچے سمجھے بات کہنا ۔ جب کوئی بات پوچھو وہ بس پتّھر سا کھینچ مارتا ہے ۔ سیدھی طرح بات کرنی نہیں آتی

محاورہ	معنی و استعمال
پتّے لے ڈالنا	بے حد ستانا۔ تنگ کرنا۔ دِق کرنا۔ مارنا۔ ناک میں دم کرنا۔ جان کو آ جانا۔ مَیں جب سے تمہارے ہمسائے میں آیا تُم نے تو میرے پتّے ہی لے ڈالے۔
پترے کھولنا	بھید ظاہر کرنا۔ عیب کھولنا۔ (فقرہ) "بس خاموش رہئے۔ اگر اور بکواس کروگے تو میں بھی آپ کے پترے کھول ڈالوں گا"
پتّھر پڑنا	پتّھر برسنا۔ غضب برپا ہونا۔ مصیبت آنا۔ غارت ہونا۔ ع "پڑیں پتّھر مقدر پر لڑی ہے آنکھ پتّھر سے" حرم کو ہم گئے یا بتکدے کو تو جہاں دیکھا وہیں پتّھر پڑے ہیں (میر تقی)
پتّھر چھاتی پر دھرنا	سخت مصیبت یا تکلیف کی برداشت کرنا۔ غم کھانا۔ ضبط الم کرنا۔ (فقرہ) منشی جی کو سخت جگر کی موت خود اپنے لئے موت ہے۔ مگر اب تو چھاتی پر پتّھر دھرنے ہی سے کام

چلے گا۔"

پتھر ڈھونا — سخت محنت کرنا۔ اگر کوئی شخص کام چور ہو تو اُس کے لئے بولتے ہیں۔
(فقرہ) "تم نے تمام دن کون سے پہاڑ کے پتھر ڈھوتے ہو۔"

پتھر کا دِل یا کلیجہ کرنا — دِل یا کلیجہ سخت بنا لینا۔ مصیبت و تکلیف سے نہ گھبرانا۔ دِل کو کٹھور بنا لینا۔
فقرہ "انسان پہلے پتھر کا کلیجہ کرلے پھر اس پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنے کا ارادہ کرے"

پتھر کو جونک نہیں لگتی — بخیل کا دِل نہیں پسیجتا۔ بدمعاشوں کو نیک نصیحت کا کچھ اثر نہیں ہوتا۔

پتھر کی چھاتی ہونا — چھاتی کا سخت ہونا۔ دِل کا دلیر ہونا حوصلہ بڑھا ہونا۔

داغ پہ جو داغ تو کھاتا ہے قیس یہ
تیری کیا پتھر کی چھاتی ہو گئی (قیس)

پتھر کی لکیر — جو مٹ نہ سکے۔ مضبوط اور پائدار
(فقرہ) "آپ میری ہر ایک بات کو پتھر کی لکیر سمجھا کریں۔"

پٹی پڑھانا — سکھانا۔ بہکانا۔

محاورہ	معنی
چٹم ہونا	اندھا ہو جانا۔ آنکھیں پھوٹ جانا (خدا کرے تو چٹم ہو کر بیٹھے)
پچّڑ اڑانا	بھانجی مارنا۔ منع کرنا۔ خلل انداز ہونا۔ بنا کام بگاڑ دینا۔ (اگر تم پچّڑ نہ اڑاتے تو میرا کام بن جاتا)
پخ پھیلانا	جھگڑا کھڑا کرنا۔ پخ مچانا۔ فساد پھیلانا۔ شور و غل مچانا۔ یہاں پخ نہ پھیلائیے اور ٹھنڈے ٹھنڈے گھر جائیے۔
پخ لگنا	جھگڑا یا مصیبت پلے بندھنا۔ (یہ پخ تمہارے پیچھے بُری لگی)
پر و بال نکالنا	ہوش سنبھالنا۔ فساد پیدا کرنا۔ ع مطلوب کا سُن سمجھ کے سب حال چاہا کہ نکالے کچھ پر و بال (گلزار نسیم)
پردہ پڑنا	اوٹ ہونا۔ اوجھل ہونا۔ پردہ پڑنا۔ عقل۔ آنکھ۔ یا سمجھ کے ساتھ آئے تو وہاں مراد بے وقوف اور مورکھ ہونے سے ہوا کرتی ہے
پردہ رکھنا	بھید چھپانا۔ بھید نہ دینا۔
پردہ ڈالنا	در گزر کرنا۔ چشم پوشی کرنا۔

پردہ ڈھکنا	عیب چھپانا۔ بھید چھپانا۔
پردہ فاش کرنا یا پردہ کھولنا	بھید ظاہر کرنا۔ عیب اور قصور بیان کرنا۔ طشت از بام کرنا۔ پردہ کھولنا بھی اس کے ہم معنے ہیں۔ جیسے ؎ "رہنے دے بات بنی کھول نہ پردہ میرا"
پُرزے اُڑانا	ٹکڑے اُڑانا۔ خوب مار پڑنا ؎ تھی خبر گرم کہ غالب کے اُڑینگے پُرزے دیکھنے ہم بھی گئے تھے پہ تماشا نہ ہُوا (غالب)
پُرزے اُڑانا	ٹکڑے اُڑانا۔ کھال اُڑانا۔ قتل کرنا۔ سخت سزا دینا۔ مارنا۔ پیٹنا ؎ "پُرزے قاصد کے اُڑینگے جو لفافہ دیکھا"
پَرپُرزے نکالنا	چل نکلنا۔ حد سے بڑھ جانا۔ دِن لگنا۔ (فقرہ) اب تو اُنھوں نے بھی پر پُرزے نکالے ہیں۔ خدا خیر کرے۔
پر مارنا	اُڑنا۔ دخل پانا۔ رسائی ہونا۔ وہاں تو پرندہ بھی پر نہیں مار سکتا، یعنی سخت پردہ ہے۔
پڑتال پڑنا	خوب جوتیاں لگنا۔ خوب گت بننا۔ (آج اُن پہ جوتیوں کی خوب ہی پڑتال

	پڑی ۔)
پڑت پھیلانا	حساب کرنا ۔ لاگت کا اندازہ کرنا ۔ بونٹنا ۔ (اُس نے ابھی پڑت نہیں پھیلائی کہ فی چیز کیا لاگت پڑی ۔)
پسلی پھڑکنا	قبل از وقت آگاہی ۔ شگون ۔ دیکھنے کے لئے بے قرار ہونا ۔ ؎ چھانٹا وہ دل کہ جس کی ازل میں نمود تھی ۔ پسلی پھڑک اُٹھی نظر انتخاب کی ۔
پکّا کرنا	پختہ کرنا ۔ بل دے کر مضبوط کرنا ۔ اینٹھنا (یہ سوت پکا کر دو) (۲) ہمت بندھانا (اُس نے میرا لڑکا خوب پکّا کر دیا ۔) (۳) دیواروں یا چھت پر چونا لگانا ۔ (ابھی چھت پکّی کرنی باقی ہے)
پگڑی اُتارنا۔ پگڑی میں خاک ڈالنا	دوسرے کی بے عزتی کرنا (آپ نے اُس بے چارے کی پگڑی کیوں اُتاری ۔)
پگڑی بغل میں لے لینا ۔	خود بے عزت ہونا اور دوسرے کی عزت کی پروا نہ کرنا ۔ (جب تم نے اپنی پگڑی اُتار کر بغل

	میں داب لی۔ تو تم کو دوسرے کی پگڑی اُتارنے میں کیا دیر لگتی ہے)
پگڑی بدلنا	پکا دوست بننا۔ بھائی بننا (اب تو اِن دونوں نے پگڑی بدل لی ہے)
پلّا بھاری ہونا	بہت سے حمایتی۔ مددگار۔ اور طرفدار ہونا (اُس کا پلّا بہت بھاری تھا۔ ہزاروں آدمی اس کے ساتھ تھے۔) (۲) زیادہ فاصلہ ہونا۔ (رام پور سے دہلی کا پلّا بہت بھاری ہے۔ (۳) زیادہ اولاد یا کثیر کنبہ ہونا (بے چارے کا پلا بھاری ہے۔ جورو بچے چھوڑ کر کہاں جائے۔
پل پڑنا	بہت سے آدمیوں کا مل کر حملہ کرنا۔ مل کر چڑھائی کرنا۔ (مجھ پر سارا بازار پل پڑا۔ پھر بھلا میں کیا کرتا۔)
پلیتھن نکلنا	نقصان ہو جانا۔ ناکامی ہونا ؎ یاں پلیتھن نکل گیا واں غیر اپنی ٹکّی لگائے جاتا ہے
پلیتھن نکالنا	خوب مارنا پیٹنا۔ گت بنانا۔ پتلا حال کرنا (اس کے باپ نے مارتے مارتے

	بے چارے کا پیٹ تھن ہی نکال دیا)
پنڈ چھوڑنا	پیچھا چھوڑنا۔ نجات دینا (وہ میرا پنڈ ہی نہیں چھوڑتا)
پو بارہ ہونا	جوے میں جیتنا۔ کامیاب ہونا۔ فائدہ ہونا۔ (اب تو تمہارے پو بارہ ہیں)
پوت پورا ہونا	کمی پوری ہوتی۔ مشکل سے پورا پڑنا تمہارا پوت پورا کبھی نہیں پڑے گا)
پھانس نکل جانا	جسم کے کسی حصے سے چبھا ہوا باریک تنکا نکل جانا۔ تکلیف نہ رہنا۔ موذی کا دفع ہو جانا (اگر زید مر جائے تو میرے دل کی پھانس نکل جائے)
پھیر ڈالے کرنا	جھوٹی محبت۔ خوشامد۔ چوچلے۔ تملق کرنا چلو اپنا رستہ لو اور یہ پھیر ڈالے کسی اَور سے کرو۔
پھٹ پڑنا	خوب موٹا ہونا۔ بدن گد گدا جانا۔ فربہ ہونا۔ (یہ لڑکا چند ہی روز میں پھٹ پڑا۔)
پھڈکا نہ کھانا	فوراً مر جانا (کم بخت حکیم نے دوا دی تھی یا زہر کہ بچے نے پیتے ہی پھڈکا بھی نہ کھایا)

محاورہ	معنی
پھریری آنا۔	خوف یا سردی سے بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جانا۔ خفیف لرزہ آ جانا (جاڑے میں تو ٹھنڈے پانی کی شکل ہی دیکھنے سے پھریریاں آنے لگتی ہیں) غلیظ یا بدبُودار چیزوں سے کراہیت ہونا۔ نفرت آنا (مجھے اس کے دیکھنے ہی سے پھریری آتی ہے۔ کھا کیسے سکتا ہوں۔
پھُریری لینا	پر جھاڑنا۔ پھڑپھڑانا۔ جھرجھری لینا کانپنا (یہ چڑیا پانی میں بھیگ کر کیسی پھریری لے رہی ہے۔
پھُلاسرے میں آنا	حمایت پر نازاں ہونا (کسی کے پھلاوے میں نہ آنا۔ میں تمہیں ٹھیک بناؤں گا)
پھُوٹ ڈالنا	دو آدمیوں میں نااتفاقی یا دشمنی کرا دینا (تم نے دونوں بھائیوں میں پھُوٹ ڈلوا دی۔
پھوکٹ کا	مفت کا (یہ کتاب تو مجھے پھوکٹ ہی میں مل گئی)
پھُولی پھُولی کھانا	بے فکری سے گزارنا۔ بے بھاؤ کی کھانا۔ جب تک ماں باپ زندہ رہے تب

محاورہ	معنی
	تک خوب پھولی پھولی کھائیں۔ مگر اب جو سارے گھر کا بوجھ سر پر آ پڑا تو شہر چھوڑ کر بھاگتا ہے۔
پھیکا پڑ جانا	ہلکا ہو جانا۔ مدھم ہو جانا۔ بے آب و تاب ہو جانا۔ ماند پڑ جانا۔ (اس کوٹ کا رنگ پہلے کی نسبت اب کچھ پھیکا پڑ گیا ہے)
پہاڑ ٹوٹنا ٹوٹ پڑنا	حد درجہ مصیبت پڑنا۔ بلائے ناگہانی کا نازل ہونا۔ (فقرہ) میرے سر پر بیٹھے بٹھائے مصیبت کا پہاڑ ٹوٹ پڑا"
پہاڑ کے پتھر ڈھونا	سخت مشکل اور تکلیف دہ کام کرنا۔ مشکل کام کرنا۔ (فقرہ" آج آپ نے کیا پہاڑ کے پتھر ڈھوئے ہیں۔ جو ابھی سے آرام کرنا چاہتے ہو۔"
پھاگ کھیلنا	ہولی کھیلنا۔ خوشی منانا۔ عیش و عشرت کرنا ہے؎ یوں برسی ہے آسمان سے آگ جیسے ہولی میں کوئی کھیلے پھاگ (شاکر)
بھبھولے پھوڑنا	غصہ نکالنا۔ دل کی عداوت یا بخار

	نکالنا۔
پھٹکار برسنا	چہرہ کی رونق جاتی رہنا۔ چہرے کا نور اُڑ جانا۔ بے رونقی ہونا۔ (فقرہ) "آج تو محمود کے چہرہ پر پھٹکار برس رہی ہے۔"
پھٹکارنا	جھڑکنا۔ لعن طعن کرنا۔ دُر دُر کرنا۔ (فقرہ) "کسی کو مُنہ چڑھا کر پھٹکارنا اچھا نہیں۔"
پھٹے مُنہ	لعنت ہے۔ تُف ہے۔ یہ کلمۂ نفرین ہے۔ جو نفرت کے لئے بولا جاتا ہے۔ پنجاب میں عام رائج ہے۔
پہلو بچانا	علیحدگی اختیار کرنا۔ الگ ہونا۔ سوچ سمجھ کر کام کرنا۔ (فقرہ) "جو کام کرو پہلو بچا کر کرو۔"
پہلو تہی کرنا	جی چرانا۔ پرہیز کرنا۔ فقرہ۔ "آپ ہر ایک کام میں پہلو تہی کرتے ہیں۔"
پہلے مارے سو میری	جو پہلے وار کرے وہی جوانمرد ہے سب سے پہلے کام کرنے والا عزت پاتا ہے۔

پھندے میں پھنسانا	قبضہ یا قابو میں لانا۔ اپنے جال میں پھنسانا۔ فریب میں جکڑنا۔ (فقرہ) میں تو اُس فقیر کے پھندے میں ایسا پھنسا کہ گھر بار بھی بھول گیا۔"
پھوٹ پڑنا	نااتفاقی ہونا۔ عداوت ہونا۔ (فقرہ) ہمارے گھر میں تو ایسی پھوٹ پڑی کہ کسی کی کسی سے نہیں بنتی۔"
پھوٹ کر رونا یا پھوٹ پھوٹ کر رونا	زار زار رونا۔ خوب چلّا چلّا کر رونا زار و قطار رونا۔ (فقرہ) "موتی اپنے باپ کے مرنے کی خبر سُن کر ایسا پھُوٹ پھُوٹ کر رویا کہ تمام محلہ اکٹھا ہو گیا ۔ یہ کون پھوٹ کے رویا کہ درد کی آواز رچی ہُوئی جو پہاڑوں کے آبشار میں ہے (انشاء)
پھُول نہیں پنکھڑی سہی	زیادہ نہیں تھوڑا ہی سہی۔
پیٹ کا ہلکا ہونا	وہ شخص جس میں بات کو دِل میں چھپانے کا مادہ نہ ہو ۔ جو پیٹ کے ہلکے ہیں پچے بات کب اُن سے روکیں تو ابھر جائے شکم اور زیادہ (ذوق)

پیٹ کاٹنا	اپنی مقررہ غذا سے بچانا ۔ معمولی غذا سے کم کھلانا ۔ بھوکا مارنا ۔ (فقرہ) دیکھو کھانا کھلاتے وقت کسی کا پیٹ نہ کاٹو "
پیٹ کی آگ بجھانا	بھوک رفع کرنا ۔ کھانا کھلانا ۔ (فقرہ) " بھائی پہلے کھانا منگاؤ تاکہ پیٹ کی آگ بجھے "
پیٹ پکڑ کر بھاگنا ٹکڑے پھرنا	گھبرا کر بھاگنا ۔ (فقرہ) " اگر میں نے آپ کے پتڑے کھولنے شروع کئے تو پھر یاد رکھنا کہ پیٹ پکڑ کر بھاگو گے "
پیٹ کا پانی نہ ہلنا	سواری میں ذرا بھی نہ ہلنا ۔ سبک رفتار گھوڑے کی تعریف میں بولتے ہیں ۔ فقرہ ۔ میرا گھوڑا ایسا سبک رفتار ہے کہ چلتے وقت سوار کے پیٹ کا پانی نہیں ہلتا ۔"
پی ٹک پیٹا ڈالنا	رونا پیٹنا ۔ ماتم کرنا ۔ تکرار ۔ جھگڑا (ابھی زید کا دم بھی نہیں نکلا تھا کہ سارے کنبے نے پی ٹاک پیٹا ڈال دی ۔)
پیٹھ پیچھے	غیر حاضری میں (مُنہ پر کچھ نہیں کہہ سکتا

پیٹھ پیچھے ہی بکا کرتا ہے۔

پیٹھ توڑنا

کمر توڑنا۔ ہمت توڑنا۔ مایوس ہو جانا (بھائی نے مر کر میری پیٹھ توڑ دی)

(۲) چڑھی توڑنا۔ پیٹھ پر سواری کس کر تھکا دینا۔ (آج لڑکوں نے اس کی پیٹھ خوب ہی توڑی)

پیٹھ دکھانا

سدھارنا۔ رخصت ہونا۔ جانا (جیسے تم نے پیٹھ دکھائی ایسے ہی خدا تمہارا منہ دکھائے)

(۲) پیچھا دکھانا۔ بھاگ جانا۔ شکست کھانا (پٹھان مرتے مر گئے۔ مگر انہوں نے پیٹھ کبھی نہیں دکھائی)

پیچ کھیلنا

داؤ گھات کرنا۔ چال چلنا۔ دھوکا دینا۔ (میں ایک پیچ ایسا کھیلونگا کہ تم بھی یاد ہی کیا کروگے۔)

پیچھے پڑا رہنا

درپے ہونا لپٹنا (وہ دن رات میرے ہی پیچھے پڑا رہتا ہے۔)

(۲) دق کرنا۔ ستانا۔ درپے آزار ہونا۔ (میں دیکھ رہا ہوں کہ تم چند دنوں سے میرے پیچھے پڑے ہوئے ہو)

محاورہ	معنی
	(۳) بار بار مانگنا۔ مانگے جانا (تم میری کتاب کے پیچھے خوب پڑے جب آتے ہو مانگتے ہی آتے ہو۔)
پیش چلنا	قابو چلنا۔ اختیار ہونا۔ پار بسانا۔ (موت کے آگے کسی کی پیش نہیں گئی)
پیں بولنا	عاجز ہونا۔ غرور مٹ جانا۔ چیں بول جانا (آخر کار حریف پیں بول گیا)
پیندے کے بل بیٹھنا۔	ڈوب جانا۔ غرق ہونا۔ سہار نہ سکنا۔ دریا کا پانی شہر میں اتنا چڑھ آیا کہ مکان پیندے کے بل بیٹھ گئے۔
پیٹ میں چوہوں کا قلابازی کھانا	بھوک کی شدت۔ بھوک سے بیچین ہو جانا۔ یہاں تو پیٹ میں چوہے قلابازیاں کھا رہے ہیں۔
پیٹ میں ڈاڑھی ہونا۔	بچپن میں بڑے آدمیوں کی سی باتیں کرنا۔
پیٹھ پر کھانا	نامردی دکھانا۔ بے مقابلہ میدان سے بھاگنا۔ شکست کھا کر بھاگنا۔ واہ منہ پہ نہیں کھائی پیٹھ پر کھائی، بے حیائی تیرا ہی آسرا۔

پیچ و تاب کھانا	بل کھانا۔ غصے ہونا۔ ناراض ہونا۔ جھلانا۔ ہ خط پڑھ کے اور بھی وہ ہوا پیچ و تاب میں کیا جانے لکھ دیا اُسے کیا اضطراب میں (غالب)
پیچھا چھوڑنا پنڈ چھوڑنا	خیال چھوڑنا۔ رہائی دینا۔ باز آنا۔ جناب میں ایسی دوستی سے باز آیا۔ میرا پیچھا چھوڑیئے۔

تاب نہ رہنا	بے اختیار ہو جانا۔ بے قابو ہو جانا۔ ضبط نہ کر سکنا۔ بے ہوش ہو جانا۔ طاقت نہ رہنا۔ تاب جمال یار نہ تھی جب کلیم کو پوچھے کوئی کہ طالب دیدار کیوں ہوئے
تاب نہ لانا	ضبط نہ کر سکنا۔ برداشت نہ کرنا (۱) میں اُس کی گالیوں کی تاب نہیں لا سکتا ہوں۔ نہ لائے تاب جو غم کی وہ میرا راز داں کیوں ہو (غالب)
تارا ہو جانا	بہت اونچا ہو جانا (۱) میرا پتنگ تارا

ہوگیا۔
(۲) پانی کنوے کی تہ میں تارا ہوگیا

تار ٹوٹنا — سلسلہ ٹوٹنا۔ خلل پڑنا (دیکھنا کام کا تار ٹوٹ جانا)

تارے گننا — اِنتظار میں رات گزارنا۔ اختر شماری کرنا۔ تمام رات جاگنا۔

دِن گزرتا ہے تنکے چُنتے ہیں
شب کو رہتے ہیں تارے گنتے ہم (میر تقی میر)

تارے توڑنا — عجیب کام کرنا۔ مشکل کام کرنا۔ چالاکی سے کام کرنا۔ (یہ ایسے چالاک ہیں کہ آسمان کے تارے توڑ لاتے ہیں)

تاک جھانک کرنا — برابر دیکھے جانا۔ گھوراگھاری کرنا۔ دیکھ بھال کرنا۔

کرتی ہے زیر برقعہ فانوس تاک جھانک
پروانے سے ہے شمع مقرر لگی ہوئی (ذوق)

تال میل کھانا — میل جول ہو جانا۔ باہم اتفاق ہونا۔ (یہ ریشم اور تار تال میل نہیں کھاتے)

تالی پٹنا — رسوائی یا بدنامی ہونا (اِن کے پیچھے خوب تالیاں پیٹیں)

تانتڑی سا — بہت دُبلا پتلا (ماں باپ تو ایسے موٹے تازے اور بیٹا تانتڑی سا)

تاؤ آ جانا	چاندی وغیرہ دھات کا آگ میں سرخ ہو جانا - پگھل جانا (چاندی میں ذرا تاؤ آ جائے تو کاٹ دوں) (۲) چاشنی وغیرہ کا پکنے پر آ جانا - (شیرہ پک تو گیا ہے - ایک تاؤ اور آ جائے تو اُتار لوں -) (۳) غصہ آ جانا (میرے مُنہ سے بات نکلتے ہی اُسے تاؤ آ گیا -)
تاؤ بھاؤ	بہت ذرا سا (اس میں اور اُس میں کچھ تاؤ بھاؤ ہی فرق ہے)
تتّا ہونا	گرم ہونا - غصّہ ہونا (بھائی اتنے تتّے کیوں ہوتے ہو -)
تِتر بِتر کرنا	بے ترتیب کرنا - پراگندہ کرنا (واہ میری تمام کتابیں تتر بتر کر دیں -)
ترارے بھرنا	قلانچیں بھرنا - جلد جلد دوڑنا (میرا گھوڑا ہنٹر کھاتے ہی ترارا بھرنے لگا -)
تراہ تراہ مچنا	کمی کے سبب سے مانگ ہونا - خواہش ہونا (آج پانی کی کیسی تراہ تراہ مچ رہی ہے)

	(۲) کسی آفت یا صدمہ سے فریاد کرنا (اس کے ظلم کے باعث مُلک میں تراہ تراہ مچ رہی ہے۔)
ترپھر ہونا	خفا ہونا۔ بگڑنا (آپ اتنے ترپھر کیوں ہوتے ہیں۔
تُرت پھُرت ہونا	فوراً چستی و چالاکی سے (زید کی نسبت عُمر میں زیادہ ترت پھُرت ہے۔)
ترکی تمام ہونا	زور نکل جانا۔ غرور ٹوٹ جانا۔ خاتمہ ہو جانا۔ (اجی بس اُن کی سب ترکی تمام ہوئی)
تڑا بھڑی ہونا	وبائی بیماری سے آدمیوں کا جلد جلد بکثرت مرنا۔ موت کی گرم بازاری۔ (آج کل ایسی ترا بھڑی ہے۔ کہ نہ سو کی گنتی ہے اور نہ دو سو کی)
طشت از بام ہونا	بھید کھُل جانا۔ مشہور ہو جانا (اب اُس کا راز طشت از بام ہو گیا۔)
تصویر بن جانا	حیران ہونا۔ کھڑے کا کھڑا رہ جانا۔ (میں اُس بچے کی باتیں سُن کر تصویر بن گیا)
تمغہ بٹھانا	رعب یا حکومت جتانا (یہ تمغہ جاکر اپنی بیوی پر بٹھانا جو تیری کمائی کھاتی

ہے ۔)

تقدیر جاگنا ؍؍ چمکنا	نصیبا کھُلنا ۔ اچھے دِن آنا (مدت کے بعد تقدیر جاگی)
تقدیر لوٹ جانا	نصیب کا مددگار نہ رہنا ۔ نصیب کا اُلٹ جانا (یار ہماری تقدیر لوٹ گئی ۔)
تکّا بوٹی کرنا	ٹکڑے کرنا ۔ کاٹنا ۔ دھجیاں کرنا ۔ خرچ کر لینا ۔ (دیکھتے ہی دیکھتے تکا بُوٹی کر ڈالی)
تکلے کا گھاؤ	کم صدمہ یا چوٹ ۔ خفیف نقصان (مرغی کو تکلے کا گھاؤ بھی بہت ہے)
تکلے کے سے بل نکال دینا	مار پیٹ کر درست کرنا ۔ غرور توڑنا (اگر مجھ سے اکڑے تو تکلے کے سے بل نکال دونگا)
تلابلی لگنا ترابیلی لگنا	شوق ۔ بے چینی ۔ جلدی پڑنا ۔ گھبراہٹ (اُسے جانے کی تلابلی لگ رہی ہے)
تل پٹ کرنا	نیچے اُوپر کر دینا ۔ بے ترتیب کر لینا ۔ چھُپا دینا ۔ گم کر دینا ۔ (اُس نے آنکھوں ہی آنکھوں میں کتاب تلپٹ کر دی)
تل چھُوناچھو کرتے پھرنا	گھبرائے پھرنا ۔ جلد جلد آنا جانا ۔ نچلا نہ بیٹھنا ۔

(تم کہاں تل چھونا چھو کرتے پھرتے ہو۔ پچھلے نہیں بیٹھ جاتے)

تل ملانا — بے قرار ہونا۔ تلاش میں سرگرداں ہونا تڑپتے یا گھبراتے پھرنا۔
(برق مضطر تل ملانا کوئی ہم سے سیکھ جائے)

تلوؤں سے لگنا — نہایت خیال یا فکر مند ہونا۔ کسی کام کے سر ہو جانا۔ بے قرار ہونا (اُن کے تو تلوؤں سے لگ رہی ہے)

تلوے سہلانا — خوشامد اور بے حد چاپلوسی کرنا۔ (اگر تم بھی جاکر ان کے تلوے سہلاؤ تو شاید وہ تمہیں نوکر رکھا دیں)

تل دھرنے کی جگہ نہ ہونا — ذرا سی بھی جگہ نہ ہونا۔
(فقرہ) محفل میں اس قدر لوگ جمع تھے کہ تل دھرنے کو بھی جگہ نہ تھی"

تلوا کھجلانا — پیر کے تلوے میں خارش ہونا۔ سفر کرنے کا شگون ہونا۔ سفر در پیش آنا ہے۔
رخصت اے زندان جنوں زنجیر در کھڑکائے ہے
مژدہ خار دشت پھر تلوا میرا کھجلائے ہے
(ذوق)

تلواروں کی چھاؤں میں — کافی نگرانی میں۔ از حد حفاظت میں۔

ننگی تلوار کے پہرہ میں۔
رفقرہ) شہزادہ تلواروں کی چھاؤں میں پلا تھا بھلا اس کا بال بیکا کون کرسکتا تھا۔

تلوے چاٹنا — خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
(فقرہ) (۱) حرام خور آدمی دو دو پیسے کے لئے لوگوں کے تلوے چاٹا کرتے ہیں۔"
(۲) "جب مطلب پڑے گا تو آپ میرے تلوے بھی چاٹینگے۔"

تماشا ہونا — نئی یا تعجب کی بات ہونا ؎
ہیں میری آنکھ کی اشکوں کے تماشا گوہر
اک گہر ٹوٹے تو ہوں سینکڑوں پیدا گوہر

تمتما جانا — چہرا بخار سے سرخ ہو جانا۔ (ذوقؔ)
(آج آپ کا چہرا تم تمایا ہوا ہے)

تنکا اُتارے کا احسان ماننا — تھوڑے سے احسان کو زیادہ ماننا ؎
اُتارا تو نے تو سرتن سے اس شامت کے مارے کا
ارے احسان مانوں سر سے ہیں تنکا اُتارے کا (غالبؔ)

تنکے چُنوانا — پاگل یا وحشی بنانا ؎
باعث وحشت ہوئی بے اعتنائی آپ کی
تنکے چُنوانے لگی ہم سے جدائی آپ کی

تنکے کا سہارا — تھوڑی سی مدد۔

	مثل ۔ ڈوبتے کو تنکے کا سہارا ہی کافی ہے ۔"
تن تنا کرنا	اِترانا ۔ غرور کرنا ۔ رُعب دِکھانا ۔ کسی کو خاطر میں نہ لانا ۔ (بھئی آخر تم اِتنا تن تنا کِس بِرتے پر کرتے ہو)
تِنکے چُننا	پاگل ہونا ۔ سودائی بن جانا ۔ (تِنکے چنواتی ہے اب ہم سے جُدائی آپ کی)
طوطا پالنا	پھوڑے پھنسی یا مرض کے علاج میں غفلت کرنا ۔ مرض بڑھائے چلے جانا
تو تو مَیں مَیں کرنا	لڑنا ۔ جھگڑا کرنا ۔ سخت سُست کہنا ۔ "اس ناحق کی تُو تُو میں میں سے کیا حاصل ؟"
تُو توے جوڑنا	بہتان باندھنا ۔ الزام لگانا ۔ لگائی بجھائی کرنا ۔ لوگ جب دو آدمیوں میں دوستی دیکھتے ہیں تو کیا کیا تو توے جوڑتے ہیں ۔
(طوطے) توتے اُڑ جانا	گھبرانا ۔ حیران رہ جانا ۔ ہوش وحواس

(آگ لگنے کی خبر سنتے ہی میرے ہاتھوں کے طوطے اُڑ گئے)

طوطی بولنا — شہرت ہونا۔ دربار میں بات چلنا۔ (آجکل اُن کا طوطی خوب بولتا ہے)

تورہ جتانا — خوب طوطی بولتا ہے۔ اِن دنوں صیاد کا شیخی مارنا۔ غرور کرنا۔ (یار یہ کیسے تورے جتاتے ہو)

توڑ جوڑ — اُدھیڑ بُن۔ اُکھاڑ پچھاڑ۔ داؤ گھات۔ علاج۔ تدبیر۔ چالاکی۔ سازش (آپ تو دن رات یہی توڑ جوڑ کرتے رہتے ہیں۔)

توڑ کرنا — کشتی میں حریف کا پیچ باطل کرنا۔ دشمن کا داؤ بچانا۔ جواب دینا۔ دشمن کی تدبیر باطل کر دینا۔ (حریف نے ایسا توڑ کیا کہ وہ بھی اُس کا لوہا مان گیا)
(۲) عیاری۔ **چال**۔ فریب۔ دھوکا۔ (افسوس آپ دوست ہو کر ہم پر ایسا توڑ کرتے ہیں)

طوطے کی سی آنکھیں پھیر لینا / **طوطے کی طرح آنکھ بدل لینا** — یکایک بے مروت ہو جانا۔ بے وفا ہو جانا۔

خط بھیجنے لگا جو اُس آئینہ رو کو میں
طوطے کی طرح آنکھ کبوتر بدل گیا (امیر)

طوطے کی طرح پڑھنا — بے سمجھے۔ (قرآن شریف طوطے کی طرح پڑھنا بے فائدہ ہے)

تھک کر چور ہونا — بہت تھک جانا۔ تکان سے بدن کا جوڑ جوڑ دُکھنا۔
آج تو بدن تھک کر چور ہو گیا۔

تھوتھے تیروں سے اُڑانا — کُند تیروں سے مارنا۔ کُند چھُری سے ذبح کرنا۔ سخت عذاب سے مارنا۔ قتل میں دیر لگانا۔ سخت تکلیف والی سزا دینا۔
(اُس کا بس چلے تو مجھے تھوتھے تیروں سے اُڑوا دے)

تھاپ پڑنا — طبلہ بجنا۔ ناچ شروع ہونا۔ (طبلے پر تھاپ پڑتے ہی سب سُن ہو گئے)

تھپڑی بجانا — تالی بجانا۔ بے عزت کرنا۔ آبرو لینا۔ شرمندہ کرنا۔
(اگر بازی گر ذرا بھی چُوک جاتا ہے۔ تو لوگ فوراً تھپڑی بجا دیتے ہیں۔)

تہ توڑ دینا — خرچ کر ڈالنا۔ صفایا کر دینا۔ کچھ باقی نہ رکھنا۔

(اولاد ایسی فضول خرچ ہوئی۔ کہ باپ کی جمع کی تہ توڑ دی)

تھڑم تھڑا ہونا — آبرو ریزی ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ بے عزت ہونا۔
بھرے اجلاس میں ایسی تھڑم تھڑا ہوئی کہ آئندہ منہ دکھانے کی جگہ نہ رہی

تھگلی لگانا — پیوند لگانا (۲) عیب پوشی کرنا (تم ہزار تھگلی لگاؤ۔ مگر بات نہیں چھپ سکی
(۳) کمال عیاری دکھانا (وہ تو آسمان میں تھگلی لگاتی ہے۔

تھل بیڑا لگانا — ٹھکانے پر پہنچانا۔ مراد کو پہنچنا (خدا تمہارا بھی تھل بیڑا لگائے)

تھل سے بیٹھنا — بے فکر ہونا۔ آرام سے بیٹھنا۔ قرار پکڑنا (کبھی دو گھڑی تھل سے بھی بیٹھا کرو)

تیا پانچا کرنا۔ — حصہ بانٹ لینا۔ ٹکڑے کرنا۔ بکھیڑا پاک کرنا۔ جھگڑا چکانا (انہوں نے آپس ہی میں مال کا تیا پانچا کر لیا)

تین پانچ کرنا — جھگڑا کرنا۔ دغا کرنا۔ حجت کرنا۔ لڑائی خریدنا۔
(فقرہ) دیکھو اگر تم تین پانچ کرو گے تو تماشے سے نکال دیئے جاؤ گے ؏

تین تیرہ کرنا	الگ کرنا - تتر بتر کرنا - اُڑا دینا - خرچ کر دینا۔ (فقرہ) اُسنے تو وہ دو ہزار کی رقم کبھی کی تین تیرہ کر دی "
تین حرف بھیجنا	لعنت بھیجنا - لعن بھیجنا - چونکہ لعن میں (ل - ع - ن)، تین حرف ہوتے ہیں - اس لئے نفرت یا پھٹکار کے موقع پر یہ محاورہ بولتے ہیں -
تیور بدل جانا	نگاہ بدل جانا - اُلفت نہ رکھنا - بے مروت ہو جانا - (فقرہ) " مجھے کل سے کچھ آپ کے تیور بدلے ہوئے نظر آتے ہیں "

ٹ

ٹاپتا پھرنا	بھٹکتا پھرنا - حیران پریشان پھرنا - (صبح سے شام تک ٹاپتا پھرا مگر نتیجہ کچھ نہیں نکلا)
ٹالے بالے بتانا	حیلے حوالے کرنا - ٹالنا - دیر کرنا (اجی یہ ٹالے بالے کب تک بتاتے رہیگے)

ٹال مٹول کرنا	ٹال دینا۔ حیلہ بہانہ کرنا۔ لیت ولعل کرنا۔ (فقرہ) "اب آپ کو میرے ساتھ چلنا ہوگا۔ ٹال مٹول سے کام نہ چلے گا۔"
ٹانٹ کے بال اُڑنا	مار پیٹ کے سبب سے چاند کے بال اُڑنا۔ سخت مار پڑنا۔ (فقرہ) "اِتنی جوتیاں ماروں گا کہ ٹانٹ کے بال اُڑ جائیں گے۔" "ٹنڑی گنجی ہونا"۔ "ٹانٹ گنجی ہونا" اِس کے ہم معنی ہے۔
ٹانگ اُٹھا کر موتنا	کُتّے کی طرح پیشاب کرنا۔ (فقرہ) "اجی جناب آپ کی برابری وہ کرے جو ٹانگ اُٹھا کر موتے"
ٹانگ تلے سے نکالنا	نیچا دکھانا۔ نادم بنانا۔ مغلوب یا عاجز کرنا۔ (فقرہ) "اگر اس سوال کا جواب نہیں دے سکتے ہو تو میری ٹانگ تلے سے نکلو"
ٹانگ توڑنا	اپاہج کرنا۔ دخل دینا۔

یہ محاورہ عموماً اُس موقعہ پر بولتے ہیں - کہ جب کوئی شخص کوئی زبان اچھی طرح نہ جانتا ہو - اُس میں عالموں کے روبرو دخل دے -

ٹانٹھا
طاقت ور - مضبوط - قوی الجثہ - (گو بڈھا ہے - مگر ہے بڑا ٹانٹھا)

ٹانک لینا
کپڑے سوئی سے ٹانکنا (کپڑے پہ موتی ٹانک لو -)
(۲) درج کرنا - لکھ لینا (بہی میں میرا روپیہ بھی ٹانک لو -)
(۳) کھا لینا - چٹ کر جانا -
(پیٹ بھرے پر دس لڈو بھی ٹانک لئے)

ٹانکے اُدھڑ جانا
سلائی ٹوٹ جانا (آستین کے ٹانکے اُدھڑ گئے)
(۲) تھک کر چور ہو جانا - عاجز آجانا ہار مان جانا -
(آج تو چلتے چلتے میرے ٹانکے بھی اُدھڑ گئے)
(۳) تباہ اور برباد ہونا - غریب ہو جانا -

	اس سال خرچ ایسا آکر پڑا کہ میرے ٹانکے اُدھڑ گئے)
ٹانگ اَڑانا	بیچ میں بولنا - دخل در معقولات کرنا (آپ کو کیا آپ کیوں خواہ مخواہ ٹانگ اَڑاتے ہیں)
ٹانگ برابر	چھوٹا سا - کم سن - (ٹانگ برابر لڑکا ہے اور باتیں کرتا ہے بوڑھے اور بڑوں کی سی)
ٹانگ لینا	کُتّے کا ٹانگ پکڑنا - کاٹنے کو دوڑنا (جاتے ہی کُتّے نے ٹانگ لے لی) (۲) تنگ کرنا - سپر ہونا - پیچھے پڑنا لڑنا - جھگڑنا - (وہ عورت گھر میں گھستے ہی ٹانگ لیتی ہے)
ٹپڑ اُلٹ جانا	دوالہ نکلنا - کوٹھی یا کارخانہ بیٹھ جانا نقصان ہونا - (بے چاروں کا چند ہی روز میں ٹپڑ اُلٹ گیا -)
ٹپس جمانا	تعلق پیدا کرنا - بُنیاد جمانا - اپنے مطلب کی بُنیاد رکھنا - قدم جمانا - (ہم نے بھی اپنی ٹپس جمائی ہے)
ٹپکا پڑنا	زیادتی کے باعث ضبط نہ ہو سکنا

	نہ رُکنا - ظاہر ہو جانا - (۱) (اس کی درو دیوار سے حسرت ٹپکتی ہے) (۲) اس کی صورت ہی سے رنج ٹپکتا ہے -
ٹٹرّوں ٹوں	تن تنہا (میاں ٹٹرّوں ٹوں بیٹھے ہوئے تھے)
ٹٹری مونڈنا	سر مونڈنا - فریب سے لُوٹنا - (جناب وہ تو آپ کی ٹٹری بھی مونڈ کر کھا جائے گا)
ٹرپھس کرنا	اکڑفوں کرنا - اکڑنا - شرارت کرنا - دنگا کرنا - (اگر مجھ سے ٹرپھس کرو گے تو ہیں تمہیں ٹھیک کر دونگا -)
ٹرکانا	ٹالنا - بھگا دینا - دھوکا دے کر بھگا دینا - (آج آپ نے اسے خوب ٹرکایا)
ٹس سے مس نہ ہونا	نہ گلنا - نہ پگلنا (لوہے کا ٹکڑا گھنٹوں آگ پر پڑا رہا مگر ٹس سے مس نہیں ہُوا - (۲) نصیحت سے متاثر نہ ہونا - کارگر

ہونا۔ ڈھیٹ بن جانا۔
(بہتیرا سمجھایا۔ مگر ٹس سے مس نہیں ہوا)

ٹس کی لانا — جھگڑنا۔ شرارت کرنا۔ بے ایمانی کرنا
(دیکھو مجھ سے ٹس کی نہ لانا۔ ورنہ ٹھیک کردوں گا۔)

ٹسوے بہانا — مکر سے رونا۔ بہانے سے رونا۔ فوراً آنسو بہانا۔
(تمہارے ٹسوے بہانا فضول ہے میں تمہیں خوب جانتا ہوں)

ٹکا سی جان — اکیلا۔ (جناب ہماری تو ٹکا سی جان ہے۔ جہاں پڑ رہے دِن نکال دیا)

ٹِک ٹکی باندھنا — نظر باندھ کر دیکھنا۔ برابر دیکھے جانا۔ گھورے جانا۔
(کم بخت کیسا ٹک ٹکی باندھ کر دیکھے جاتا ہے)

ٹکراتا پھرنا — بھٹکتا پھرنا۔ ڈھونڈتے پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔ مارے مارے پھرنا۔
(بے چارہ کیسا ٹکراتا پھرتا ہے)

ٹکر لینا — مقابل ہونا۔ چوٹ سہارنا۔
(آپ اس سے ٹکر کی نہ لیں وہ بڑا

	زبردست ہے۔)
ٹکر جھیلنا	صدمہ برداشت کرنا۔ مصیبت جھیلنا (ہائے جوان بیٹا مر جائے۔ اور میں جیتا رہوں۔ مجھ سے تو یہ ٹکر نہیں جھیلی جائے گی۔) (۲) مالدار کا سامنا کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ (وہ بڑا آدمی ہے میں اُس کی ٹکر کیسے جھیل سکتا ہوں۔
ٹکے گز کی چال	کفایت شعاری۔ میانہ روی۔ (گو وہ امیر ہو گیا ہے۔ مگر اپنی ٹکے گز کی چال نہیں چھوڑتا)
ٹلّے نویسی کرنا	خوشامد کرنا۔ تلوے سہلانہ تضیع اوقات کرنا۔ بیکار پھرنا۔ باتوں میں وقت کھونا (اپنا کام کاج خاک نہیں کرتا۔ البتہ ہر وقت اُنہیں کی ٹلے نویسی میں لگا رہتا ہے۔
ٹل جانا	بے جگہ ہو جانا۔ سرک جانا۔ ہٹ جانا (بوجھ اُٹھانے سے ناف ٹل گئی) (۲) چلا جانا۔ ہٹ جانا۔ چھوڑ دینا (کیا تم ایسا کرنے سے نہیں ٹلوگے!)

	چشم پوشی کرنا۔ بہانہ سے اِدھر اُدھر ہو جانا۔ حیلہ کرکے چل دینا۔ (وہ دانستہ ٹل گیا تھا)
	گزر جانا۔ بیت جانا (بُری گھڑی مُشکل سے ٹلی)
ٹوٹے پڑنا	بوجھ کے مارے جھکا جانا۔ (اب کے آموں میں اتنا پھل لگا ہے۔ کہ ٹہنیاں ٹوٹی پڑتی ہیں)
ٹوٹ پڑنا	اُوپر سے نیچے گرنا (آہ مجھ پر یہ کیسی آفت ناگہانی ٹوٹ پڑی)
	(۲) پل پڑنا۔ بڑی تن دہی کرنا۔ ہمہ تن مصروف ہو جانا (سارا محلہ ٹوٹ پڑا)
	(۳) حملہ یا دھاوا کرنا۔ چاروں طرف سے گھیر لینا۔ (تمام آدمی زید پر ٹوٹ پڑے)
ٹوہ رکھنا	خبر رکھنا۔ ہر ایک سے پوچھتے رہنا (وہ اگرچہ باہر رہتا ہے۔ مگر سارے شہر کی ٹوہ رکھتا ہے)
ٹوہ میں رہنا	تلاش میں رہنا۔ تاک میں رہنا۔ عیب جوئی کے درپے رہنا۔

	نکتہ چینی پر نگاہ رکھنا۔ ساس نند ہی ہمیشہ نئی بہو کی ٹوہ میں رہا کرتی ہیں)
ٹھان لینا	پکّا ارادہ کر لینا (اب تو مَیں نے یہی ٹھان لیا ہے کہ مروں یا ماروں)
ٹھکانا کرنا	جگہ ڈھونڈنا۔ انتظام کرنا۔ شادی کرنا۔ (فقرہ) "میاں لڑکی سیانی ہو گئی ہے اُس بیچاری کا جلد ٹھکانہ کرو" (۲) اب آپ براہ کرم اپنے لئے کوئی اور ٹھکانا تلاش کریں"
ٹھکانے لگانا	بسانا۔ ڈھارس دینا۔ انتظام کرنا۔ حفاظت کی جگہ رکھنا۔ فقرہ۔ دیکھو پیچھے رو لینا۔ پہلے نعش کو ٹھکانے لگاؤ"
ٹھکرانا	ٹھوکر مارنا۔ پیر سے کچلنا۔ حقیر سمجھنا۔ پارس وہ سنگ ہے جسے ٹھکرا کے تو چلے اکسیر جزو ہے تیرے قدم کے غبار کا ٹھکراؤ نہ مدفن کو دبی رہنے دو مٹی (ذوق)

ٹھنڈی مار دینا	گپت مار۔ وہ مار جس میں ظاہرا کوئی زخم نہ ہو۔ اور اندرونی چوٹ کافی آئے۔ بظاہر محبت اور خیر خواہی کرنا مگر دل سے دشمن جان بننا۔ عالم میں میری خاک اُڑانا نہیں اچھا (شاکر)
ٹھوک بجا کے لینا	خوب پرکھ پرکھا کر لینا۔ کھرا کھوٹا دیکھ لینا۔ سب کے سامنے لینا۔ (فقرہ) "اگر دام خرچینگے تو چیز بھی ٹھوک بجا کر لیں گے۔"
ٹھوکر پہ ٹھوکر لگنا	نقصان پر نقصان ہونا۔ تکلیف پر تکلیف پہنچنا۔ فقرہ "کیا آپ کو ٹھوکر لگ کر بھی عقل نہ آئیگی؟" "ٹھوکر پر ٹھوکر کھانا" بھی اسی کے ہم معنی ہیں۔
ٹھوکریں کھانا	خراب اور آوارہ پھرنا۔ صدمہ اُٹھانا۔ (فقرہ) "میاں رشید نوکری چھوڑ کر اب گلیوں میں ٹھوکریں کھاتے پھرتے ہیں۔"
ٹھنڈا پڑ جانا	گرمی نہ رہنا۔ دھیما۔ نرم ہو جانا۔ غصہ کم ہو جانا۔

	(اُس کا غصہ ٹھنڈا بھی جلد ہی ہو ہو جاتا ہے۔) (۲) بے رونق ہو جانا۔ مندا پڑ جانا (آج کل بازار ٹھنڈا پڑ گیا ہے) (۳) قریب المرگ ہونا۔ (اب تو اُس کا تمام بدن سر سے پاؤں تک ٹھنڈا پڑ گیا ہے۔ پھر بچنے کی کیا اُمید ہو سکتی ہے۔) ۴۔ مر جانا (اے مسیحا اب تیرا بیمار ٹھنڈا ہو گیا)
ٹھور بے ٹھور	جگہ بے جگہ موقع بے موقع۔ نازک جگہ (وہ ٹھور بے ٹھور پڑا پھرتا ہے)
ٹھوک بجا کر	دیکھ بھال کر چھان بین کر کے تسلی کر کے۔ ہانڈی بھی لو تو ٹھوک بجا کے لو۔
ٹھیکی لگانا	سر سے بوجھ اُتار کر دم لینا۔ چلنے سے تھک کر بیٹھ جانا۔ ستانا۔ (اگر تم تھک گئے ہو تو اس دوکان پر ٹھیکی لگا لو)
ٹیڑھی سنانا	ٹیڑھی باتیں کہنا۔ گالیاں دینا۔ (آج

ٹے ٹک منجھے میں پڑنا	میں نے انہیں خوب ٹیڑھی سنائیں) تکلیف - دِقّت میں پڑنا - جھگڑوں میں پھنسنا۔ تُم تو ہمیشہ ایسے ہی ٹے ٹک منجھے میں پڑے رہتے ہو - کبھی فرصت ہی نہیں ہوتی -
ٹیکے کا -	نرالا - انوکھا - خصوصیت رکھنے والا (کوئی تُم ہی تو ٹیکے کے نہیں ہو جو سب سے پہلے تمہارا ہی کام کردوں)
ٹیں ہو جانا	فوراً مر جانا - طوطے کی طرح ٹیں کر کے مر جانا - چل بسنا - لو صاحب آج وہ تھانہ دار صاحب بھی جو لوگوں کے حق میں جلاد بنے ہوئے تھے - ٹیں ہو گئے -

جا دھمکنا	بہت جلد جا پہنچنا - جھٹ وارد ہو جانا (میں ابھی وہاں پہنچا بھی نہیں تھا کہ وہ مجھ سے پہلے ہی جا دھمکا)
جال بچھانا جال پھیلانا	پرند پکڑنے کے لئے جال پھیلانا -

محاورہ	معنی و مثال
	(جال پھیلا کر چڑیاں پکڑ رہے تھے۔) جال ہے پھیلا ہوا یاں ہر جگہ مرغ دانا پھر کہاں بچ کر چلے (شاکر) (۲) فریب دینا۔ (گرو جی نے کچھ ایسا جال پھیلایا کہ بڑے بڑے دانا پھنس گئے)
جال میں پھنسانا	پرندوں کو جال میں پھانس کر پکڑنا۔ (۲) دام فریب میں لانا۔ دھوکا دینا مکر کرنا۔ جھانسے دے کر پھانسنا۔ یار کیوں جال میں پھنساتے ہو۔
جامے سے باہر ہونا جامے میں پھولا نہ سمانا	خوشی سے اُچھل پڑنا۔ بے حد خوشی ہونا (وہ خوشی کے مارے جامے سے باہر ہوئے جاتے ہیں۔) (۲) غصہ سے بے قابو ہو جانا۔ بے ہوش ہو جانا۔ (وہ مارے غصے کے جامے سے باہر ہو گئے)
جان پر بننا	سخت تکلیف میں جان کا پھنسنا۔ جان کا خطرے میں پھنسنا۔ جان کی خبر نہ رہنا۔ ہے نظر آسمان پہ سب کی ؛ آبنی اب تو جان پر سب کی (نساخ)

جان پر کھیلنا — "سوہن جلتے ہوئے مکان میں گھس گیا اور جان پر کھیل کر بچے کو نکال ہی لایا۔"

جان پڑنا — ترو تازہ ہونا۔ خوش ہونا۔ محفوظ ہونا۔ جی پڑنا۔
(فقرہ) بارش کے ہونے سے خشک اور مرجھائے ہوئے پودوں میں جان پڑ گئی۔"
(۲) محمود کی رہائی کی خبر سن کر میرے بدن میں جان پڑ گئی۔"

جان جوکھوں ہونا — جان کا خطرہ میں پڑنا۔ جان ہلاکت میں پڑنا (ابھی تو مال جوکھوں ہے پھر آگے جان جوکھوں ہے)

جان چرانا — کام سے بچنا۔ محنت سے بچنا۔ جی چرانا۔ الگ الگ رہنا۔
(کام سے جان چرانا انسانیت نہیں ہے۔)

جان چھڑانا — کسی سے جان بچانا۔ پنڈ چھڑانا۔ پیچھا چھڑانا۔ رہائی پانا۔ کام سے بچنا۔
(فقرہ) "میں نے خاں صاحب کی

	خدمت سے بڑی مشکل سے جان چھڑائی۔
جان بچانا	زندگی بچانا۔ موت سے بچنا۔ میں نے اس موذی اژدہے سے بڑی مشکل سے جان بچائی۔
جان دوبھر ہونا	جان بری معلوم ہونا۔ جینے سے بیزار ہونا۔ (فقرہ) ایسی صورت میں مجھے اپنی جان دوبھر ہوگئی"
جان سے گزرنا	مر جانا۔ مٹ جانا۔ ؎ ہم ہی صنم کے غم میں نہ ایمان سے گئے کتنے ہی بندگانِ خدا جان سے گئے (حکیم)
جان سے ہاتھ دھو بیٹھنا	جینے سے نا اُمید ہو جانا۔ فقرہ "بس اب اس کی جان سے ہاتھ دھو بیٹھو"
جان کا لاگو ہونا	ہاتھ دھو کر جان کے پیچھے پڑنا۔ جان کا دشمن ہونا۔ جان مارنے یعنی قتل کے درپے ہونا۔ فقرہ "تو میری جان کا لاگو کیوں ہو گیا ہے" (۲) "وہ تو میری جان کا لاگو ہے"

جان کو جان نہ سمجھنا۔جان مارنا	جان سے محبت نہ کرنی۔ جان کا خیال نہ کرنا۔ از حد محنت کرنا۔ جان خطرے میں ڈالنا۔ (فقرہ) "میں لڑائی کے وقت جان کو جان نہیں سمجھتا۔
جان کو رونا	بد دعا دینا۔ صبر اختیار کر لینا۔ ت اب کیا رہا ہے جس سے رقیبوں کا توڑ کریں ہم تو بُروں کی جان کو پہلے ہی رو چکے
جان کھانا	تنگ کرنا۔ ستانا۔ دق کرنا (فقرہ) ارے بھائی تم نے تو بک بک کرکے میری جان کھا لی"
جان کے برابر رکھنا	نہایت عزیز سمجھنا۔ آرام اور عزت سے رکھنا۔ بے انتہا محبت رکھنا میں آپ کے دوست کو جان کے برابر رکھتا ہوں۔
جان کے لالے پڑنا	جان دکھوں میں پڑنا۔ زندگی کی اُمید نہ رہنا۔ (جان کے لالے پڑے ہیں عشق میں)
جان آجانا	قوت آجانا۔ پنپ جانا۔ (اب تو گھوڑے میں جان آچکی ہے) (۲) تازگی حاصل ہونا۔ خوشی ہونا۔

	اُمید بندھنا - تسلی ہونا -
	(گرمی میں پانی پینے سے جان سی آ جاتی ہے)
جان دینا	مرنا (بارہ بجے کے بعد جان دی)
	(۲) لالچ کرنا - کنجوسی کرنا - (کوڑی کوڑی پر جان دیتا ہے)
	(۳) بے حد محبت کرنا (والد اولاد پر جان دیتے ہیں)
	(۴) عاشق ہونا (ہم اُس پر جان دیتے ہیں)
جان فشانی کرنا	نہایت محنت کرنا - دِل سے کوشش کرنا (بھئی اتنی جانفشانی کس کام کی -
جان ہلکان ہونا	تھک جانا - تکلیف پانا - دق ہونا - (محنت کرتے کرتے جان ہلکان ہو گئی)
جان مار کر کام کرنا	محنت سے مصیبتیں جھیل کر - (کان کھودنے میں جان مار کر کام کرنا پڑتا ہے)
جان میں جان آنا	اطمینان ہونا - ڈھارس بندھنا - آپ آئے تو میری جان میں جان آئی -

چڑ بڑ ہونا	پریشان ہونا - گھبرانا - جھنجلانا - دِل میں گھٹنا - (وہ مجھے دیکھ کر بڑے ہی چڑ بڑ ہوئے)
جگا جُگا کر رکھنا	جوڑ جوڑ کر رکھنا (وہ اپنا روپیہ بڑا جگا جُگا کر رکھتا ہے)
جگ مگ جگ مگ	بہت سے ستاروں کا ایک ساتھ چمکنا - (آج آسمان کیسا جگمگ جگمگ کرتا ہے -) (۲) مکان کا خوب چمکنا - روشنی کی کثرت - (آج تو اُن کا محل جگمگ جگمگ کر رہا ہے -)
جگ ہنسائی	بُرائی - بدنامی - رسوائی (مفت کی جگ ہنسائی ہے فائدہ خاک بھی نہیں)
جل تھل ایک ہونا	چاروں طرف پانی ہی پانی نظر آنا - (اتنی بارش ہوئی کہ جل تھل ایک ہو گیا -)
جلی کٹی باتیں کرنا	کُڑھنا — ناگوار باتیں کرنا - دشمنی اور رنج کی باتیں کرنا (آپ ہمیشہ ہی جلی کٹی باتیں کرتے رہتے ہیں)
جلے پھپھولے پھوڑنا	دِل کی عداوت اور حسد ظاہر کرنا -

	انتقام لینا۔ دشمنی نکالنا ؎ آم کے آگے پیش جائے خاک پھوڑتا ہے جلے پھپھولے تاک (غالب) مصیبت میں کسی کا ساتھ دینا۔ مدد
جلتی آگ میں گرنا	کرنا۔ دکسی کی جلتی آگ میں کون گرتا ہے ؎ سچ ہے پرائی آگ میں پڑتا نہیں کوئی ہمراہ طور حضرتِ موسیٰ نہ جل گئے
جم ہو جانا	جم کر بیٹھنا۔ نہ ٹلنا (ایسا جم ہو ہو کر بیٹھا کہ لے کر ہی ٹلا) کسی کام کا دوبھر ہو جانا۔ ختم نہ ہونا دکم بخت یہ کتاب کیسی جم ہو گئی کہ ختم ہی ہونے میں نہیں آتی۔
جنجال ہونا	ناگوار ہونا۔ بکھیڑا دکھائی دینا۔ وبالِ جان معلوم ہونا۔ دزندگی کیا ہے - ایک جنجال ہے)
جنم جلا	بد نصیب۔ ذرا سا دنگوڑی نے تیل بھی ایسا جنم جلا دیا۔ کہ وہ گھڑی مشکل سے چلے گا۔)
جوتوں سے خبر لینا	خوب جوتے مارنا دآج اُن کی جوتوں سے خوب خبر لی گئی۔)

محاورہ	معنی
جوتے کا یار	جوتے سے پٹے بغیر نہ ماننے والا باز نہ آنے والا۔ (وہ تو جوتے کا یار ہے۔)
جھاڑ باندھنا	متواتر کیے جانا۔ متواتر ہونا (گالیوں کا جھاڑ باندھ دیا) جھاڑ باندھا ہے منہ نے دن اور رات
جھاڑ کٹنا	پاپ کٹنا۔ دور ہو جانا۔ چلے جانا (چلو اُس کا بھی جھاڑ کٹا۔)
جھاڑ ہونا	لپٹنا۔ پیچھے پڑنا۔ سر ہونا۔ (فقرہ) "تم تو میری جان کے لئے جھاڑ ہو گئے"
جھانسا بتانا یا جھانسا دینا	دم دینا۔ فریب دینا۔ دھوکہ دینا۔ (فقرہ) "چلو چلو یہ دم جھانسا کسی اور کو بتانا" یا دینا)
جھانسے میں آنا	دھوکے یا فریب یا دم میں آنا۔ (فقرہ) میں آپ کے جھانسے میں آنے والا نہیں ہوں"
جھگڑا پاک ہونا یا چُکنا	معاملہ طے ہونا۔ فیصلہ ہونا۔ مر جانا۔ (فقرہ) "مجھے گھر سے نکال دیجئے۔ تاکہ قطعی جھگڑا پاک ہو جائے۔
جی بجھ جانا	طبیعت کا سیر ہو جانا۔ خواہش کا باقی

	نہ رہنا۔ دفقرہ) " بس مجھے اور حلوہ نہ دیجئے میرا جی خوب بھر گیا۔"
جی بھر آنا	ترس آنا۔ دِل میں رحم پیدا ہونا۔ دفقرہ) " اُس قیدی کی حالت دیکھ کر میرا جی بھر آیا۔" (۲) آپ کے والد صاحب کی تکلیف دیکھ کر میرا جی بھر آیا۔
جی ترسنا	دِل للچانا۔ دِل کا کسی بات کے لئے بے قرار ہونا۔ دِل کا آرزو مند ہونا۔ دفقرہ) " تو مٹھائی جلدی بانٹ دو بچّوں کا جی ترسانا اچھا نہیں ہے"
جی ٹوٹ جانا	دِل کا ٹوٹ جانا۔ غم ہونا تکلیف ہونا ہمت ہار بیٹھنا۔ دفقرہ) " وہ مرتبہ متواتر انٹرنس کے امتحان میں فیل ہونے سے محمود کا جی ٹوٹ گیا۔"
جی ٹھنڈا ہونا	جی راضی ہونا۔ جی خوش ہونا۔ اطمینان حاصل ہونا۔ دِل کی خواہش پوری ہونا۔ ارمان نکلنا۔

	(فقرہ) "کہئے صاحب اب تو آپ کا جی ٹھنڈا ہوا؟"
جی جلانا	جی دکھانا۔ آزردہ دل کرنا۔ چھیڑنا۔ صدمہ پہنچانا۔ (فقرہ) "کسی کا جی جلانا اچھا نہیں ہے۔" "نہ ستانا نہ جی جلانا تھا یوں تجھے آدمی بنانا تھا" (اسمٰعیل میرٹھی)
جی چلنا	خواہش ہونا۔ طبیعت کا کسی طرف راغب یا مائل ہونا۔" (فقرہ) "سوہن تمہارا جی حلوہ پر بہت چلتا ہے۔"
جی چُرانا یا جی چھپانا	کسی کام سے بچنا۔ چھپنا۔ بہانہ بنانا۔ کنارہ کرنا۔ (فقرہ) "(۱) تم ہر ایک مشکل کام سے جی چُراتے ہو۔" (۲) لکھنے پڑھنے سے کبھی جی نہ چُرایا کرو۔ (یا چھپایا کرو)
جی چھوٹنا	ہمت ٹوٹنا۔ دل ٹوٹنا۔ سرمہ کیا کوہ پیکروں کا جی چھوٹ گیا دلاوروں کا (گلزار نسیم)

جی چھوڑ بیٹھنا

ہمّت ہار بیٹھنا - لاچار ہونا - نااُمید و عاجز ہونا -

(فقرہ) "کسی کام میں ذرا ذرا سی مشکلات سے گھبرا کر جی چھوڑ بیٹھنا مناسب نہیں"

جی کی جی میں رہنا

دِل کی حسرت یا آرزو کا دِل ہی میں رہنا - خواہش یا ارمان پورا نہ ہونا -

(فقرہ) "عدیم الفرصتی کے باعث آپ سے نہ مِل سکا یہ خواہش میرے جی کی جی میں رہ گئی ؎

"رہی جی کی جی میں ہی حسرتیں کہ نشان قضا نے مٹا دیا"

؎

اب تک ہیں وہ خار جی کے جی میں گداز
جلد آ کہ ہے مصلحت اسی میں نسیم

جی لڑا دینا

جی تک سے دریغ نہ رکھنا جان جانے کی پرواہ نہ کرنا - جان و دِل سے مصروف ہو جانا - جان کھپانا - ؎

جی لڑا دیتا ہے کیسی ہو زمین سنگلاخ
خامہ تیشہ ہے ناسخ کوہکن سے کم نہیں (ناسخ)

جی ملنا	دِل مِلنا۔ دِل کا موافقت کھانا۔ یک دِل ہونا۔ (فقرہ) "جناب یہ سب جی ملے کی باتیں ہیں"
جی میں جی آنا	دم میں دم آنا۔ جان میں جان آنا۔ ڈھارس بندھنا۔ تسلی ہونا۔ زندگی کی اُمید بندھنا۔ (فقرہ) "شیر کے بھاگ جانے سے میرے جی میں جی آیا"
جی میں جی ڈالنا	کسی کے جی کو اپنے جی کے برابر بنانا۔ یقین دلانا۔ اعتماد حاصل کرنا (فقرہ) "اب آپ کو یقین آئے یا نہ آئے کسی کے جی میں جی تھوڑا ہی ڈالا جاتا ہے۔
جی میں بیٹھنا یا جی میں گھر کرنا	دِل میں جم جانا۔ یقین ہو جانا۔ دِل میں اثر کرنا۔ (فقرہ) میرے جی میں چور کا ایسا ڈر بیٹھا کہ مارے خوف کے تمام رات نیند نہیں آئی"
جی میں بیٹھنا	دِل میں کھبنا دل میں اثر کرنا۔

۵
ڈر جانوروں کا جی میں بیٹھا گلزار
اک نخل کہن پہ چڑھ کے بیٹھا نسیم

جی ہلنا
دِل کا لرزنا۔ ترس کھانا۔
(فقرہ) "قیدی کو بید لگتے دیکھ کر میرا جی ہل گیا۔"

جیتے جی
زندگی میں زندہ رہتے ہوئے تمام عمر۔
۵
ہیں یہ سارے جیتے جی کے واسطے
کون مرتا ہے کسی کے واسطے

جیتے جی مرجانا
زندگی ہی میں مرنے کے برابر ہو جانا برباد ہو جانا۔ بے حد صدمہ ہونا بے حد بیمار یا ضعیف ہو جانا۔
(فقرہ) "میں تو مکان جل جانے سے جیتے جی ہی مر گیا۔"

جی اُٹھنا یا جی اُچاٹ جانا
دِل بیزار ہونا۔ طبیعت قطعی نہ لگنا
فقرہ (۱) میرا جی تو اس شہر سے اُٹھا ہوا ہے یا دجی اُٹھ گیا ہے۔
(۲) میرا تو اِس محلہ سے جی اُچاٹ گیا۔

جی اُڑا جانا
دِل کا بے قرار ہونا۔ طبیعت گھبرانا

محاورہ	معنی
	جی اُداس ہونا۔ (فقرہ) "آج تو میرا جی خود بخود اُڑا جاتا ہے" (یا جی اُڑان ہے)
جی بھٹکنا	دل للچانا۔ جی میں خواہش پیدا ہونی۔ فقرہ "آپ کے بغیر میرا جی بھٹکتا رہتا ہے"

چ

محاورہ	معنی
چاٹ لگنا	خواہش ہونا چسکا پڑنا۔ یہ لگی چاٹ میرے زخموں کو سیری نہ ہوئی ہو گئے کھلتے ہی قاتل کے نمکداں خالی (ناسخ)
چادر سے باہر پاؤں پھیلانا	حیثیت سے باہر ہو کر چلنا۔ آمدنی سے زیادہ خرچ کرنا۔ (فقرہ) قرض لیکر شادی کرنا چادر سے باہر پاؤں پھیلانا ہے۔
چار آنکھیں ہونا	آمنے سامنے ہونا۔ ملنا۔ ملاقات کرنا دیکھنا۔ (فقرہ) "جب میری اور اُن کی چار

	آنکھیں ہوئیں تو وہ شرما سے گئے"
چار پیسے جمع ہونا	دولت جمع ہونا۔ (جس کے پاس چار پیسے وہی سب سے بڑا)
چار چاند لگنا	اترانا غرور کرنا۔ (جب تک باپ جیا بیٹے کو چار چاند لگے رہے۔
چار چاند لگانا	آبرو بڑھانا۔ رونق بخشنا (آپ کے دیباچے نے میری کتاب کو چار چاند لگا دیئے۔
چاروں خانے چت گرنا / چاروں شانے چت گرنا	بالکل چت گرنا۔ اس طرح گرنا کہ دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں اپنی اپنی سیدھ میں پھیل جائیں۔ (میاں پھسلتے ہی چاروں شانے چت گر پڑے)
چال کرنا یا چال چلنا	دھوکا فریب دینا۔ دم دینا (وہ چال چلا ہے کہ کئے سارے ہی گھر بند)
چاندنا کر دینا	تمام مال چرا کر لے جانا۔ فضول خرچی سے تمام مال برباد کر دینا۔ (اب تو چاندنا ہی چاندنا ہے۔)
چاندی ہو جانا	جل کر راکھ ہو جانا۔ اثر بالکل جاتا رہنا۔ (یہ سلفہ تو بالکل چاندی

	ہو گیا فورا اور بھر لو -
	فائدہ ہونا - روپیہ حاصل ہونا (اب تو یاروں کی چاندی ہی چاندی ہے -)
چاؤ میں آنا	محبت میں آنا - اظہار محبت کرنا مزے میں آنا - بہت خوش ہونا نازکرنا اندائیں دکھانا - (جب چاؤ میں آتے ہو تو پتھر ہی مارتے ہو)
چپڑ قناتیا	خوشامدی - کمینہ - (اجی ایسے چپڑ قناتیوں کو مُنہ لگانا ہی کیا)
چت پہ چڑھنا	ہر وقت خیال رہنا - دِل پر نقش ہونا - (وہ کچھ ایسا میرے چت پر چڑھا ہؤا ہے کہ کسی حال میں نہیں بھُولتا)
چٹ پٹ ہونا جانا	فوراً چٹ پٹ کام ہو گیا)
چنخ جانا	دوستی نہ رہنا (تمہاری اُن کی کس بات پر چنخی) (۱) اُچٹ جانا (۲) چل دینا - (وہ فوراً چنخ گئے)

چٹ کرنا	کھا جانا۔ نگل جانا۔ اُڑا جانا (ایک ہی وقت میں سارا سالن چٹ کر گئے۔) (۲) ضائع کر دینا۔ اُڑا دینا۔ لٹا دینا۔ (سارا روپیہ چار ہی دن میں چٹ کر گئے۔)
چٹکیوں میں اُڑانا	باتوں کو خیال میں لانا۔ ہنسی میں ٹال دینا۔ ہنسی اُڑانا (وہ اب تو اپنے باپ کو بھی چٹکیوں میں اُڑاتا ہے) (۲) کام فوراً کر دینا (ابھی یہ کام تو چٹکیوں میں اُڑا دوں گا)
چٹے بٹے لڑانا	لگائی بجھائی کرنا۔ چغلی کھانا۔ (یہ چٹے بٹے لڑانے کہاں سے سیکھے)
چٹی بھرنا	ڈنڈ دینا۔ عوضانہ دینا۔ نقصان اُٹھانا۔ (کتاب کوئی چرا کر لے گیا۔ اور مجھے مفت میں چٹی بھرنی پڑی۔)
چسکا پڑنا	مزہ پڑنا۔ عادت ہو جانا۔ شوق ہو

جانا۔ لت ہو جانا۔ شراب کا چسکا بڑا بُرا ہوتا ہے۔

چشمک ہونا — ہلکی رنجش ہونا۔ شکر رنجی ہو جانا (دو چار روز سے اُن کی چشمک ہے)

چکما کھانا — چال میں آ جانا (دیکھئے ہم بھی چکما کھا گئے) (۲) نقصان گوارا کرنا۔ زک اُٹھانا۔ (ہم نے چاولوں میں بڑا چکما کھایا)

چکما دینا — دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔ نقصان پہنچانا۔ (ہم نے بھی ایسا چکما دیا کہ یاد ہی کرے گا)

چوری چھپے / چوری چوری — چھپ کر۔ دوسرے کو خبر نہ کر کے پیچھے سے۔ (وہ چوری چھپے مل ہی لیتے ہیں)

چوڑیاں پہننا — بُزدل بن جانا۔ نامرد ہو جانا۔ (راجہ صاحب آپ چوڑیاں پہن کر گھر میں بیٹھئے۔ میں میدان جنگ میں جاتی ہوں۔)

چور پہ مور — چوروں کے چور۔ چالاک سے زیادہ

	چالاک۔
	آپ تو بڑے چالاک بنتے تھے۔
	مگر زید چور پر مور بن گئے۔ تمہاری
	کتاب لے اُڑے)
چولھے میں پڑے	تباہ ہو جائے۔ آگ لگے۔ دفع
	ہو جائے۔ ہمیں کیا واسطہ!
	(اگر وہ کہنا نہیں مانتا تو چولھے میں
	پڑے)
چوکڑی بھول جانا۔	گھبرانا۔ اوسان خطا ہونا۔ سُدھ
	بُدھ نہ رہنا۔
	(جب پولیس نے ہتھکڑیاں لگادیں
	تو وہ چوکڑیاں بھول گئے)
چوکنا ہونا	ہوشیار خبردار ہونا۔ بدکنا۔
	(ہرن میرے پہنچتے ہی چوکنا ہو
	گیا)
چوپٹ کر دینا	اُجاڑ دینا۔ ویران کر دینا۔ سارا
	کھیت چوپٹ کر دیا)
	(۲) سب لکھا پڑھا بھول جانا (اگر
	تاریخ ایک دن بھی نہ دیکھی جائے
	تو یاد کیا چوپٹ ہو جاتا ہے)
چوٹ کرنا	ضرب لگانا۔ حملہ کرنا۔ ڈنک مارنا

	ڈستا دسانپ شیر پہ بھی چوٹ کرتا ہے۔)
	(۲) جادو کرنا۔ (اس پیپر پر دو چار چوٹیں کر کے دکھاؤ۔)
	(۳) آوازہ کسنا۔ طنز کرنا (اُن کے دوستوں نے مجھ پر کئی چوٹیں کیں)
چوٹ کھانا	ضرب لگنا۔ عاشق ہونا ؎ چوٹ کھانا دلِ حزیں نہ کہیں درد رہ جائے گا کہیں نہ کہیں
چھاتی ٹھکنا	اعتبار۔ یقین بھروسا کرنا۔ (اگر تمہاری چھاتی ٹھکے تو تم اپنی امانت میرے پاس چھوڑ جاؤ ورنہ خیر۔)
چھان بین کرنا	تحقیقات۔ دیکھ بھال۔ تلاش کرنا۔ (یہ مجسٹریٹ مقدمے میں بڑی چھان بین کرتا ہے)
چھاتی بھر آنا	رحم آنا۔ ترس آنا۔ (فقرہ) "جب اُس ملزم کو بید لگے تو میری چھاتی بھر آئی"
چھاتی پتھر کی بنا لینا	دِل کٹھور کر لینا۔ رحم اور ترس نہ آنا۔ بے رحم بن جانا۔

فقرہ "لڑائی کے میدان میں چھاتی پتھر کی بنانے سے کام چلتا ہے"۔

چھاتی پر پتھر رکھنا — دل سخت کر لینا۔ صبر کرنا۔
فقرہ "میاں محمود بھائی کی وفات پر کب تک رو بیٹھو گے۔ بھئی اب تو چھاتی پر پتھر رکھ کر بیٹھ جاؤ"۔

چھاتی پر سانپ لوٹنا — حسرت آنا۔ رہ رہ کر افسوس آنا۔
فقرہ "جب مجھے اپنا جوانی کا زمانہ یاد آتا ہے۔ تو چھاتی پر سانپ لوٹنے لگتا ہے"۔

چھاتی پر مونگ دلنا — ہر وقت اپنے پاس رہکر جلانا یا رنج پہنچانا۔
فقرہ "یہ کمبخت گھر سے نکلتا بھی تو نہیں۔ ہر وقت چھاتی پر مونگ دلتا رہتا ہے"۔ ؎

مونگ چھاتی پہ جو دلتے ہیں کسی کی دیکھنا
جوتیوں میں دال اُن کی اے ظفر بٹ جائیگی

چھاتی تلے رکھنا — ہر وقت اپنے پاس رکھنا۔ بیحد حفاظت کرنا۔
فقرہ "میں ہر وقت اپنی دولت کو چھاتی تلے رکھتا ہوں"۔

	دل میں صبر آنا - خوش ہونا۔ (فقرہ) "میری چھاتی تب ہی ٹھنڈی ہوگی - جب وہ بھی میری طرح مصیبت میں پھنسے"۔
چھاتی دھڑکنا	خوف سے دل لرزنا - دل دھڑکنا فقرہ شیر کا نام سنتے ہی مری چھاتی پھڑکنے لگی ہے"۔
چھاتی سے لگا کر رکھنا	بہت ہی عزیز رکھنا۔ (فقرہ) "میں آپ کے بچّہ کو ہر وقت چھاتی سے لگا کر رکھتا ہوں"۔
چھاتی سے لگانا	پیار کرنا - تسلّی اور دلاسا دینا۔ (فقرہ) "دیکھو تمہارے رونے سے حامد بھی زار زار رو رہا ہے - اُٹھو اُس غریب کو چھاتی سے لگاؤ"۔
چھاتی نکال کر چلنا	اکڑ اکڑ کر چلنا۔ (فقرہ) "دیکھو موتی دولت پانے سے کیا چھاتی نکال کر چلتا ہے"۔
چھپر پہ پھولس نہ ہونا	حد درجہ غریب اور محتاج ہونا۔ فقرہ "سوہن باتیں تو امیروں جیسی بناتا ہے - مگر حضرت کے چھپر پہ

پھوٹس بھی نہیں۔"

چھٹی کا دودھ یاد آنا — تکلیف کے وقت پچھلا آرام یاد آنا۔ عبرت حاصل ہونا۔
فقرہ "ایسا مارونگا کہ چھٹی کا دودھ یاد آجائے گا۔"

چھٹی کا کھایا نکلنا — سارا آرام اور لطف جاتا رہنا۔ سخت مصیبت آنا۔
فقرہ "نُنج کھانا کھا کر میرا جی متلانا شروع ہوا۔ پھر اس زور کی قے آئی کہ چھٹی کا کھایا پیا نکل گیا۔

چھینٹے لڑنا — آمنے سامنے ہو کر گفتگو کرنا۔

تیری شمشیر خون کے چھینٹوں سے
چھینٹے آب بقا سے لڑتی ہے (ذوق)

چین آنا — آرام اور سُکھ حاصل ہونا۔
فقرہ۔ میں جب تک بھائی صاحب سے نہ مل لونگا۔ مجھے قطعی چین نہ آئے گا۔"

چین سے کٹنا — آرام سے دن بسر ہونے۔
فقرہ "اب تو آپ کی خوب چین سے گزرتی ہوگی۔"

چین کرنا — موج اُڑانا مزے اُڑانا

(فقرہ) "بہت شرارت کر چکے جاؤ اب چین کرو۔"

چیونٹی کو پر لگنا / چیونٹی کے پر نکلنا — موت قریب آنا۔ ع

چیونٹی کے جو پر نکل آئے
ہے یقین جلد اب اجل آئے (اسمٰعیل)

چیٹک ہو جانا — شوق ہو جانا۔ دِل میں خیال ہو جانا۔ فکر ہونا۔
(اُسے چیٹک نہیں تو عِلم کیسے آئے)

چیں مان جانا / چیں بول جانا — ہار جانا۔ تھک جانا۔ ہو چکنا۔ توبہ کرنا۔
(سِکھ اوّل اوّل خوب لڑے مگر آخر کار چیں بول گئے)

ح

حاشیہ چڑھانا — شرح یا تفسیر لکھنا (گلستان پر خوب حاشیہ چڑھایا)
(۲) بات بڑھا کر کہنا۔ باتوں میں نمک مرچ لگانا۔
دیکھو ذرا سی بات پر کتنے حاشیے چڑھے۔

حال سے بے حال ہو جانا	آپے سے باہر ہو جانا۔ حواس جاتے رہنا۔ بُری حالت ہونا۔ (وہ غریب روز بخار کی وجہ سے حال سے بے حال ہو جاتا ہے۔)
حامی بھرنا	اقرار کرنا وعدہ کرنا۔ اپنے ذمے لینا۔ (اُس نے جانے کی حامی بھری ہے)
حبّہ بھر	ذرا سا۔ بہت تھوڑا (ایک حبّہ بھر زہر سے آدمی مرجاتا ہے)
حجامت بنانا	سر کے بال مونڈنا۔ خط بنانا۔ لوٹنا ٹھگنا پیٹنا۔ (میاں خلیفہ میری بھی حجامت بناتے جانا) ؎ یار کے کوچے میں ان کی بھی حجامت ہوگئی)
حرف آنا	الزام آنا۔ کلنک کا ٹیکا لگنا (تُم پر کسی قسم کا حرف آنے سے رہا)
حشر توڑنا / حشر برپا کرنا	آفت ڈھانا۔ شور کرنا (اُس لڑکے نے صبح ہی سے حشر برپا کر رکھا ہے۔
	(۲) خفا ہونا۔ غصّے ہونا (دیکھو آج

	تمہارے باوا جان تم پر کیسا حشر توڑتے ہیں۔)
	(۲) ظلم کرنا دیکھنا اُس پر کیسا حشر توڑا ہے۔)
حلق دبانا حلق کا دربان بننا	بولنے سے زبردستی روکنا۔ بولنے نہ دینا (کیا آپ میرا حلق بھی دبا سکتے ہیں) واہ اچھے آئے میرے حلق کے دربان بننے والے
حیص بیص کرنا	تکرار کرنا۔ کج بحثی کرنا۔ حجت کرنا (ارے میاں حیص بیص کرنی فضول ہے۔ اِس کا نتیجہ کچھ بھی نہیں ہے)

خ

خاطر میں نہ لانا	کچھ توجہ یا خیال نہ کرنا۔ (فقرہ) "ہم جیسے غریبوں کو کون خاطر میں لاتا ہے"
خاک اُڑانا	مٹی اُڑانا بدنام کرنا۔ ٹھکراؤ نہ مدفن کو دبی رہنے دو مٹی عالم میں میری خاک اڑانا نہیں اچھا (شاکر)

خاک چھاننا	جگہ جگہ ڈھونڈھنا - خوب تلاش کرنا آوارہ پھرنا - فقرہ " (۱) میں نے برسوں پہاڑوں کی خاک چھانی مگر اکسیر کی بوٹی کا کہیں پتہ نہ مِلا " (۲) اگر نہ پڑھو گے تو یوں ہی گلیوں کی خاک ہی چھانتے پھرو گے "
خاک ڈالنا	درگذر کرنا - فقرہ " میاں اس کی نالائقی اور بے وفائی پر خاک ڈالو - جہاں تک ہو سکے اپنی طرف سے اچھا سلوک کرو "
خاک میں مِلانا	برباد کرنا - (فقرہ) " بھائی صاحب نے اپنی فضول خرچی سے تمام دولت خاک میں مِلا دی "
خانہ خراب	مُنہ سے بد دُعا نکالتے وقت کہا کرتے ہیں - (فقرہ) " جا تیرا خانہ خراب ہو "
خار کھانا	حسد کرنا - جلنا (وہ مجھ سے بڑا خار کھاتے ہیں -)

خار گزرنا

ناگوار ہونا۔ کھٹکنا۔
(بھئی تمہیں کیوں خار گزرتا ہے۔ اس میں تمہارا کیا نقصان ہے)

خاکہ اڑانا

بدنام کرنا۔ ہجو کرنا۔ میں بھی اس کا ایسا خاکہ اڑاؤں کہ یاد ہی کرے۔
(۲) تصویر یا چربہ لینا۔ روش یا انداز اڑانا۔ نقل کرنا۔
(مگر یہ آپ نے خاکہ خوب اڑایا مانتا ہوں یار)

خاک پھانکنا

بے حد جھوٹ بولنا
(ارے خدا سے ڈر اتنی خاک کیوں پھانکتا ہے)
(۲) آوارہ پھرنا۔ بے فائدہ وقت ضائع کرنا۔
(دن بھر خاک پھانکتا پھرتا ہے گویا کوئی کام ہی نہیں ہے)

خالصہ لگنا

ضبط ہو جانا۔ سرکاری قبضے میں آجانا۔ کسی رشتے دار کے کام نہ آنا۔
جوڑ جوڑ مر جائیگا مال جنوائی کھائیگا
اور جنوائی نہ ہوگا تو خالصہ لگ جائیگا

خبر لینا	پالنا۔ مدد کرنا (کبھی کبھی ہم غریبوں کی بھی خبر لے لیا کرو) (۲) حال پوچھنا۔ مزاج پرسی کرنا۔ (مرتا ہوں تیرے ہجر میں اے یار خبر لے) (۲) دیکھ بھال کرنا۔ نگہبانی کرنا۔ خبرگیری کرنا۔ (آدھے آدھے گھنٹے بعد یار کی خبر لینا) (۳) ٹھیک بنانا۔ مارنا۔ سزا دینا (ابھی تیری خبر لیتا ہوں آ تو سہی)
خدا لگتی	سچ سچ ایمان کی بات۔ ؎ تمہیں ہو کہ اس بُت کی یا میری خطا لگتی مسلمانو! ذرا ایمان سے کہنا خدا لگتی
خط بنانا	خط درست کرنا۔ حجامت بنانا۔ (فقرہ) "حجام سے کہو کہ خط بنائے"
خمیازہ اٹھانا	دُکھ اُٹھانا۔ رنج سہنا۔ پچھتانا۔ فقرہ "دیکھو تم ایک نہ ایک دن اِس غلطی کا ضرور خمیازہ اُٹھاؤ گے"
خورد بُرد کرنا	کھا پی جانا۔ کوئی چیز لے کر ہضم کر جانا۔ ضائع کر دینا۔
خونِ جگر پینا	غصّہ کھانا۔ تکلیف اُٹھانا۔ سخت محنت کرنا۔ ضبطِ غم کرنا۔

خونِ دل پینا	(فقرہ) "بس مجھ پر اور سختی نہ کیجئے آخر کب تک خونِ جگر پیتا رہونگا۔
خون خشک ہونا یا سوکھنا	خائف ہو جانا۔ دم خشک ہو جانا حد درجہ وہشت ماننا۔ (فقرہ) "مارشل لا کے دِنوں میں اپنے بھائیوں کو پھانسی کا حُکم مِلتا ہُوا دیکھ کر میرا خون خشک ہوتا تھا"
خون سر چڑھنا	مارنے کو تیار ہونا۔ اپنی جان سے بیزار ہو کر قتل کرنے کے لئے کسی دوسرے کے پیچھے پڑنا۔
خون سفید ہونا	محبت قطعی نہ رہنا۔ فقرہ "ہائے دنیا کا خون سفید ہوگیا"
خون کا پیاسا	جان کا خواہاں ہونا۔ دشمنِ جان ہونا فقرہ "حامد محمود کے خون کا پیاسا ہے"
خیالی پلاؤ پکانا	ایسی باتیں سوچنا جن کا ہونا غیر ممکن ہو۔ (فقرہ) "میں اس وقت تنہائی میں بیٹھا ہُوا خیالی پلاؤ پکا رہا تھا کہ اتنے میں آپ آپہنچے" من کے لڈو پھوڑنا ہی اسی کے

ہم معنی ہے"

و

محاورہ	معنی
داغ اُٹھانا داغ پر داغ اُٹھانا	رنج اُٹھانا مصیبت پر مصیبت اُٹھانا۔
داغ دینا	رنج دینا۔ جلانا۔ گرم لوہے کو جسم کے کسی حِصّہ پر لگانا کہ نشان رہے۔ رنج دینا۔ (فقرہ) "آپ گل کے بجائے داغ دیتے ہیں۔"
داغ لگنا	بدنامی آنا۔ عیب لگنا۔
دال دلیا	غریبوں کا سا کھانا۔ فقرہ "جو دال دلیا مجھ سے ہوسکیگا ضرور دونگا (یا کھلاونگا)"
دال میں کچھ کالا کالا ہونا	شک گزرنا۔ شبہ نظر آنا۔ بدگمان ہونا۔ فقرہ "تحقیقات سے ہم کو معلوم ہوا کہ دال میں کچھ کالا کالا ہے۔"

دال نہ گلنا	رسائی نہ ہونا۔ کامیاب نہ ہونا۔ (فقرہ) "جب ہری رام کی دال میرے پاس نہ گلی تو پھر آپ کے پاس آیا ہے"۔
دام کھرے کرنا یا دمڑے کرنا	بیچ کر قیمت وصول کرنا۔ بیچ ڈالنا فروخت کر کے لاگت وصول کرنا (فقرہ) "جناب بشیر احمد کو سیدھا سادہ نہ سمجھئے۔ وہ تو ہمارے اور آپ کے دام کھرے کر کے چھوڑے"
دام میں لانا	جال میں پھنسانا۔ قابو میں لانا۔ مکر و حیلہ سے اپنا بنانا۔ (فقرہ) "وہ چکنی چپڑی باتیں بنا کر مجھے دام میں لانا چاہتا تھا۔ مگر میں ایسا کہاں تھا۔ کہ اُس کے فریب میں آ جاتا"۔
دامن پکڑنا	سہارا لینا۔ کسی کی پناہ میں آنا۔ (فقرہ)، اب تو میں نے آپ کا دامن پکڑ لیا ہے۔ خواہ دھوپ میں ڈالو یا چھاؤں"
دامن چھڑانا	پیچھا چھڑانا۔ بھاگنا۔ کنارہ کرنا۔ فقرہ "میں بمشکل تمام اُس سے

	دامن چھڑا کر یہاں آیا ہوں۔"
دامن گیر ہونا	پیچھا کرنا۔ پیچھے پڑنا۔ دامن پکڑنا۔ سنگ دینا۔ پس از مردن بھی دامنگیر دنیا ہو کہ اس کتے کی مٹی سے بھی کتا گھاس پیدا ہو (ذوق)
دانت پیسنا یا دانت کچکچانا	نہایت ہی غضبناک ہونا۔ غصّہ میں ہونا۔ (فقرہ) "آپ کا مجھ پر دانت پیسنا عبث ہے۔ اس میں میرا کوئی قصور نہیں ہے۔"
دانت توڑنا	دانت اکھاڑنا۔ سخت سزا دینا۔ بے بس کرنا۔ (فقرہ) "اگر بک بک کروگے تو دانت توڑ دیئے جائینگے۔"
دانت دِکھانا	ڈرانا۔ گڑگڑانا۔ خوشامد کرنا
دانت رکھنا	قصد رکھنا۔ ارادہ رکھنا۔
دانت کھٹے کرنا	زک دینا۔ مات کرنا۔ (فقرہ) "آج کشور چند نے اپنی دانشمندی سے تمام سوالوں کے جواب ایسے معقول دیئے۔ کہ پنڈت جی کے دانت کھٹے کر دیئے۔"
دانت ہونا	ارادہ ہونا۔ طبیعت رجوع ہونا۔

میرے نگلنے کی لے رہی ہو خبر
دانت ہے آپ کا میرے اُوپر (محمد اسمٰعیل)
یہ محاورہ کبھی ذلیل و رسوا کرنے کے موقعہ پر بھی بولا جاتا ہے جیسے (فقرہ) "اُس کا دانت مدّت سے میرے اُوپر ہے مگر میں اپنی دانائی سے اُس کے قابو میں نہیں آتا۔

دانتا کلکل
ہر روز کا جھگڑا۔ ہر وقت کی تکرار (فقرہ) "ہم کو یہ ہر روز یا ہر وقت کی دانتا کلکل اچھی نہیں لگتی"

دانتوں میں اُنگلی دبانا
اچنبھے میں ہونا۔ رنج و افسوس ظاہر کرنا۔ حیران ہونا۔
(فقرہ) "(۱) اُس چھوٹے بچّے کے فلسفیانہ جواب سُن کر سب دانتوں میں اُنگلی دبانے لگے"

داؤں کھیلنا
گھات لگانا۔ موقع کا انتظار کرنا۔ بازی یا شرط لگانا۔ مکر و فریب یا دانشمندی سے صاف نکل جانا (فقرہ) "محمود نے خوب داؤں کھیلا کہ پیشاب کے بہانہ سے چوردن

دائی سے پیٹ چھپانا	سے بچ کر صاف نکل آیا۔" اپنے بھیدی سے بھید چھپانا۔
دبے پاؤں جانا	آہستہ آہستہ جانا۔ دھیرے دھیرے جانا۔ اس طرح جانا کہ نہ پاؤں کی آہٹ ہو اور نہ کسی کو خبر ہو۔ فقرہ "دیکھو کمرہ میں ابا جی سو رہے ہیں دبے پاؤں جا کر قلمدان اُٹھا لاؤ۔"
دردِ سر	دِقّت۔ مشکل۔ تکلیف سہ درد سر کے واسطے صندل لگانا ہے مفید اُس کا گھِسنا اور لگانا دردِ سر یہ بھی تو ہے
دردِ سر مول لینا	تکلیف مول لینا خود بخود عذاب (زنا معلوم) میں پھنسنا۔ (فقرہ) "دو بیویوں کا رکھنا دردِ سر مول لینا ہے۔"
دریا کوزے میں بند کرنا	بہت بڑے قصہ کو مختصر طور سے بیان کر دینا۔ بڑے مضمون کو تھوڑے سے الفاظ میں ہی بیان کر دینا۔

(فقرہ) "آپ نے اتنے بڑے مضمون کو چند ہی سطروں میں کیا لکھا گویا دریا کوزے میں بند کر دیا ہے۔

دریا میں رہنا اور مگرمچھ سے بیر
اپنے افسر یا حاکم سے لڑنا جھگڑنا جن آدمیوں میں رہے اُن سے دُشمنی یا فساد رکھنا۔
فقرہ "ماسٹر صاحب آپ کو اپنے ہیڈ ماسٹر صاحب کی نافرمانی کر کے انہیں مخالف نہیں بنانا چاہیئے بھلا دریا میں رہنا اور مگرمچھ سے بیر"۔

دُکان بڑھانا
دوکان بند کرنا۔
(فقرہ) ۔"جاؤ دوکان بڑھا کر جلدی واپس آؤ"

دُکھڑا رونا
مصیبت بیان کرنا ۔ دُکھ کہنا۔
(فقرہ) بھلا میں کس کس کے سامنے اپنا دُکھڑا روؤں"

دل اٹکانا
دِل پھنسانا۔
(فقرہ) میرا دِل خدا کی یاد سے اٹکا ہوا ہے"

دِل اُچاٹ ہونا	دِل کا نہ لگنا۔ دِل اُکتانا۔ فقرہ "اب تو میرا دل یہاں رہنے سے اُچاٹ ہو گیا ہے"
دِل اُچٹنا	دِل گھبرانا۔ (فقرہ) "آپ کا مجھ سے کیوں دل اُچاٹ ہے۔"
دل اُلٹنا۔	دِل پریشان ہونا۔ دیوانہ یا پاگل ہونا۔ ؎ میرے دِل اُلٹنے کی جو خبر اُس کو دی کسی نے وہیں نیم رہ سے قاصد بصد اضطراب اُلٹا
دِل اُمنڈنا دِل اُمنڈ آنا	دِل کے اندر رِقّت پیدا ہونا۔ دِل بھر آنا۔ (فقرہ) "موتی کے جسم کے زخموں کو دیکھ کر میرا دِل اُمنڈ آتا ہے"
دِل آنا	کسی پر دِل کا مائل ہونا۔ کسی سے محبّت پیدا ہونا۔ شیدا ہونا۔ (فقرہ) "میرا دِل تصویر پر کئی روز سے آیا ہوا ہے مگر اِتنی قیمت ادا کرنے سے مجبور ہوں"
دِل باغ باغ ہونا	دِل کا بہت خوش ہونا۔ (فقرہ) "آپ کے باغ کی سیر سے

	میرا دِل باغ باغ ہو گیا۔"
دِل بجھنا	دِل کا اُداس یا نا اُمید ہونا۔ شعر دُنیا کی محفلوں سے اُکتا گیا ہوں یا رب کیا لطف انجمن کا جب دِل ہی بجھ گیا ہو
دِل بُرا ہونا	جی متلانا۔ جی کھٹا ہونا۔ بیزار ہونا۔ (فقرہ) "باسی روٹی اور دال کھا کر میرا جی بُرا ہو گیا"
دِل برداشتہ ہونا	دِل اُکتانا۔ دِل اُچٹنا۔ (فقرہ) "میں آپ کے خراب اعمال دیکھتے دیکھتے دِل برداشتہ ہو گیا۔"
دِل بڑھنا	حوصلہ افزائی ہونا۔ خوش ہونا۔ (فقرہ) "آپ کے تشریف لانے سے میرا دِل بڑھ جاتا ہے"
دِل بھاری کرنا	رنج کرنا۔ رونا۔ (فقرہ) "دِل بھاری نہ کرو بھائی مشیتِ ایزدی ہے کس کا چارہ ہے"
دِل بہلانا	دِل کو سیر و تماشے میں لگانا دِل خوش کرنا۔ (فقرہ) "میں تنہائی میں کتابوں سے

	مطالعہ سے دل بہلا لیا کرتا ہوں"
دِل بیٹھ جانا	ہمّت ٹوٹ جانا ۔ دِل میں خوشی نہ رہنا ۔ (فقرہ) "آپ کی بے وفائیاں دیکھ کر میرا دِل بیٹھا جاتا ہے ۔
دِل پر سانپ لوٹنا	رنج پیدا ہونا ۔ حسرت آنا ۔ افسوس آنا ۔ فقرہ "جب مجھے اپنی گذشتہ مصیبت کے دِن یاد آتے ہیں تو دِل پر سانپ لوٹ جاتا ہے"
دِل پر میل آنا	دِل میں رنج پیدا ہونا ۔ دِل مکدّر ہونا ۔ (فقرہ) "آپ کے دِل میں تو ذرا ذرا سی باتوں میں میل آ جاتا ہے"
دل پر نقش ہونا	دل میں جمنا ۔ کالنقش فالحجر ہو جانا ۔ دل میں ہمیشہ رکھنا ۔ (فقرہ) "آپ کے تمام احسانات میرے دِل پر نقش ہیں"
دل پسیجنا	دِل نرم ہونا ۔ رحم آنا ۔ ترس کھانا (فقرہ) "اُف آپ کس قدر سنگدل ہیں

	کہ میری بُری حالت دیکھ کر بھی کبھی آپ کا دِل نہیں پسیجا۔
دِل پھٹنا	دِل ہٹ جانا۔ دِل میں نفرت پیدا ہونا۔ (فقرہ) بس اب آپ کی جانب سے میرا دِل قطعی پھٹ گیا۔"
دِل پھرنا	دِل کا متنفر ہونا۔ (فقرہ) "کوئی خواہ کتنی ہی آپ کی بُرائی کرے مگر میرا دِل آپ کی جانب سے کبھی نہیں پھرے گا"
دِل پیچھے پڑنا	کسی چیز کا خیال بھولنا۔ دِل کا دوسری طرف لگنا۔ (فقرہ) "آپ کوئی اور ذکر چھیڑیئے تاکہ دِل پیچھے پڑے۔"
دِل توڑنا	نا اُمید کرنا۔ ہمت توڑنا۔ رنجیدہ کرنا۔ (فقرہ) "دُنیا میں کسی کا دِل توڑنا اچھا نہیں ہے۔"
دِل ٹوٹنا	ہمت ٹوٹنا۔ دِل پر چوٹ لگنا۔ یا صدمہ گزرنا۔ (فقرہ) "امتحان میں دو مرتبہ فیل

	ہونے سے میرا دِل ٹوٹ گیا۔"
دل جلانا۔	دِل رنجیدہ کرنا۔ ناراض یا ناخوش کرنا۔ ۵ جلے دِل کو میرے ہر دم جلانا کس سے سیکھا ہے لگی ہیں اور بھی ظالم لگانا کس سے سیکھا ہے
دِل چُرانا	جی چُرانا۔ جی چھپانا۔ (فقرہ) "پڑھنے لکھنے سے دِل چُرانا نالائق بچوں کا کام ہے۔"
دل دھکڑ پکڑ ہونا	ڈرنا خوف کھانا۔ (فقرہ) "جب تک حاکم حکم نہ سنادے میرے دل میں دھکڑ پکڑ ہی رہیگی"
دل رکھنا	(فقرہ) منظفر بیچارہ یتیم بچّہ ہے۔ اُس کا ہر طرح سے دِل رکھنا آپ کا فرض ہے۔"
دِل سے اُترنا	دِل کو پسند نہ آنا۔ دِل کو نہ بھانا نظروں میں ذلیل معلوم ہونا۔ (فقرہ) "میں اس کوٹ کو ہرگز نہ پہنوں گا۔ یہ میرے دِل سے اُتر گیا۔"
دل سے دھواں اُٹھنا دل سے بخار نکلنا	دل سے آہ نکلنا۔ دِل سے رنج نکلنا۔ دِل کا جوش

ٹھنڈا ہونا۔ ~

چشم سے خون ہزار نکلنے لگا
کوئی دل کا بخار نکلنے لگا (دبیر)

دل کا کنول کھلنا

دل کا باغ باغ ہونا۔ دل کا خوش ہونا۔

(فقرہ) "پاس ہونے کی خبر پڑھ کر میرے دل کا کنول کھل گیا"

دل کباب ہونا

دل جلنا۔

(فقرہ) "آپ نے تو جلتی کٹی باتیں کہہ کر میرا دل کباب کر دیا"

دل کو دل سے راہ ہونا

دونوں طرف سے محبت ہونا۔ ~

دونوں جانب سے چاہ ہوتی ہے
دل کو دل ہی سے راہ ہوتی ہے

دل کھٹا ہونا

دل کا متنفر ہونا۔ دل کا ناراض ہونا

(فقرہ) "اب ملازمت سے میرا دل کھٹا ہو گیا"

دل کے پھپھولے پھوڑنا

غصہ نکالنا۔ بُرا بھلا کہہ کر دل کا جوش یا غصہ نکالنا۔ ~

دل کے سارے پھپھولے پھوڑوں میں
نکتہ ساقی کوئی نہ چھوڑوں میں

فقرہ۔ دیکھو آج اُس مردود کو سزا

دیکر دِل کے پھپھولے پھوڑوں گا۔"

دِل کی دِل میں رہنا — دِل کی تمنّا یا حسرت پوری نہ ہونا۔ ؎
رہیں دِل کی دِل ہی میں حسرتیں کہ نشان قضا نے مٹا دیا"

دِل مارنا — دِل کو نفس امارہ کی طرف سے پھیر لینا۔ طبیعت میں شوق یا جوش نہ رکھنا۔
(فقرہ) "اُس بیچاری بیوہ نے شوہر کی وفات کے بعد اپنا دِل مار لیا ہے۔

دِل میں جگہ کرنا — دِل میں بیٹھنا۔ دِل میں رہنا۔ ؎
کیا اگر پائی کسی نے کسی محفل میں جگہ
آدمی عرش نشیں ہے جو کرے دِل میں جگہ (اکبر)

دِل میں چٹکیاں لینا — دِل دکھانا۔ طعنے دینا۔ ؎
بلبلو ایسا اثر پیدا کرو فریاد میں
چاہیے منقار چٹکی لے دِل صیاد میں (ناسخ)

دِل میں دِل ڈالنا — دوسرے کا دِل اپنے جیسا بنا لینا۔ جی میں جی ڈالنا۔
(فقرہ) "آپ مجھ پر یقین کریں یا نہ کریں۔ مجھ کو کسی کے دِل میں دِل ڈالنا نہیں آتا۔"

دِل میں کانٹا سا کھٹکنا — دِل میں ناگوار معلوم ہونا۔

(فقرہ) "اپنی شرارتوں کے باعث شریف احمد میرے دِل میں کانٹا سا کھٹکتا ہے۔"

دِل میں گرہ پڑنا — دِل میں فرق آنا۔ ؎
طبع بگڑی ہوئی ظالم کی سنبھالی نہ گئی
جو گرہ دِل میں پڑی تھی وہ نکالی نہ گئی

دم بخود ہو جانا — حیران ہو جانا۔ چُپ ہو جانا (دنا معلوم)۔
(فقرہ) "میں تو اُس بد بخت کی بد کلامی سُن کر دم بخود رہ گیا۔"

دم بھرنا — محبت کا دعویٰ کرنا۔ ؎
حباب آسا میں دم بھرتا ہوں تیری آشنائی کا
نہایت غم ہے اِس قطرہ کو دریا کی جدائی کا

دم پر بن جانا — قریب المرگ ہو جانا۔ جان پر آبنا۔

دم توڑنا — مرتے دم آخری سانس لینا۔
فقرہ "اب اس مریض کی زندگی سے ہاتھ دھوؤ غور سے دیکھو بیچارہ دم توڑ رہا ہے۔"

دَم چُرانا — اپنے آپ کو سانس روک کر مُردہ ظاہر کرنا۔
(فقرہ) "جب اس چور پر مار پڑی تو یک بیک اُس نے دم چُرا لیا

جونہیں لوگ اُسے مُردہ سمجھ کر ذرا الگ ہوئے وہ اُٹھ کر بے تحاشہ بھاگ گیا۔"

دم خشک ہونا

دم سُوکھنا۔خون کھانا۔
میں کل پہاڑ کی سیر کر رہا تھا کہ یک بیک ایک ٹیلہ پر شیر بیٹھا دیکھ کر میرا دم خشک ہو گیا۔

دم خفا ہونا

دم گھٹنا۔ ع
"قفس میں دم خفا ہوتا ہے مُرغِ رشتہ برپا کا"

دم دلاسا دینا

تسلی دینا۔دم جھانسا دینا۔عیاری سے دل بہلانا۔
(فقرہ)"میں اُس کو دم دلاسا دے کر یہاں تک لے آؤنگا پھر آپ گرفتار کر لینا"

دم فنا ہونا

دم نکلنا۔ جان نکلنا۔
(فقرہ)"مزدوروں کو مزدوری دیتے ہوئے اُس کا دم فنا ہوتا ہے"

دم غنیمت ہونا

دم کی قدر کرنا۔زندگی کی قدر کرنا
(فقرہ)"اب اِس گھر میں آپ ہی کا دم غنیمت ہے"

دم مارنا

قول دینا۔اقرار کرنا۔بات کرنا۔

	فقرہ آپ کی باتوں میں مجھے دم مارنے کی طاقت نہیں ہے۔“ کبھی کبھی پلک جھپکنے کے معنی میں بھی بولا جاتا ہے۔ جیسے۔ ع دم مارنے کی ہوئی جو دیری سبحان اللہ شان تیری } (نظیر)
دم میں آنا	فریب میں آنا۔ دھوکا کھانا۔ (فقرہ) ”خواہ کوئی کتنی ہی چکنی چپڑی باتیں بنائے تم کسی کے دم میں نہ آنا۔
دم میں دم آنا	زندگی کی اُمید ہونا۔ جان میں جان آنا۔ تسلی ہونا۔ ع تیرے آتے ہی دم میں دم آیا ہوگئی یاس اُمیدواری آج } (مومن)
دم میں دم رہنا	زندگی قائم رہنا۔ فقرہ ”اگر میرے دم میں دم رہا تو اپنے بھائی کو بی۔اے پاس کرا کے چھوڑوں گا۔“
دم ناک میں آنا	یہ محاورہ عموماً (ناک میں دم آنا) بولا جاتا ہے۔ بمعنی تنگ آ جانا۔ دِق ہونا۔ جان سے بیزار ہونا۔

محاورہ	معنی و مثال
	(فقرہ) "آپ کی ہر روز کی شکایتیں سُنتے سُنتے میرا دم ناک میں آگیا
دم نہ مارنا	ہمّت نہ ہارنا ۔ چُپ رہنا ۔ سر شمع سان کٹائیے پر دم نہ ماریئے ؎ منزل ہزار سخت ہو ہمت نہ ہاریئے
دُم دبا کر بھاگنا یا دُم دبا کر بھاگ جانا	عاجز آکر بھاگنا ۔ فقرہ "جب سوہن سے جواب نہ بن پڑا تو بیچارہ دُم دبا کر بھاگ گیا ۔"
دماغ چاٹنا یا دماغ خالی کرنا	مغز کھانا ۔ بکنا ۔ فقرہ "آپ تو بے فائدہ بک بک سے میرا دماغ چاٹ گئے ۔"
دِن پورے کرنا	عمر بسر کرنا ۔ مصیبت کے دِن پُورے کرنا ۔ فقرہ "وہ بے چارہ آج کل مصیبت کے دِن پورے کر رہا ہے ۔"
دِن دونا رات چوگنا	حد درجہ ترقی کرنا ۔
دِن دہاڑے	دِن کے وقت سب کے رو برو ۔ (فقرہ) "رہزن دن دہاڑے لوگوں کو لُوٹ لیتے ہیں ۔"

محاورہ	معنی و فقرہ
دِن سیدھے ہونا	مقدر سیدھا ہونا ۔ تقدیر جاگنا۔ (فقرہ) "آئے دِن میرے سر پر ایک نہ ایک مصیبت نازل ہوتی رہتی ہے ۔ نہیں معلوم میرے دِن کب سیدھے آئینگے ۔
دِن عید رات شب برات ہونا	رات دِن آرام سے گزرنا۔
دِن کاٹنا	تکلیف اور مصیبت سے عمر بسر کرنا ۔ دِن بھرنا۔ فقرہ آپ کو کیا خبر ہے کہ میں کس طرح دِن کاٹتا ہوں"
دن لگنا	غرور کرنا ۔ اِترانا (فقرہ) " دیکھو محمود کو جب سے پیٹ بھر روٹی مِلنے لگی ہے ۔ کیسے دِن لگ گئے "
دن کو تارے دکھانا	ایسی چوٹ مارنا جس سے دماغ پر صدمہ پہنچے ۔ آنکھوں کے آگے تِرمِرے سے دکھائی دینا ۔ فقرہ "کل میرے سر کو دروازہ کی ایسی ٹکر لگی کہ دن کو تارے دکھائی دینے لگے ۔

محاورہ	معنی
دن کو دِن اور رات کو رات نہ جاننا	کسی کام میں دن یا رات کی پرواہ نہ کرنا۔ متواتر کام میں لگے رہنا۔ (فقرہ) "میں نے آپ کے کام میں دِن کو دِن اور نہ رات کو رات جانا"
دِنوں کو دھکے دینا	جوں توں کرکے دِن کاٹنا۔ مصیبت سے وقت گزارنا۔ (فقرہ) "آپ کا میری جانب سے امیری کا خیال غلط ہے۔ بھائی صاحب میں تو دِنوں کو دھکے دے رہا ہوں"
دو ٹوک جواب دینا	صاف صاف انکار کر دینا۔ صاف جواب دینا۔ (فقرہ) "وہ مُدت سے ہمیں روپیہ قرض دینے کے لئے کئی مرتبہ بہانہ بنا رہے تھے۔ کل میرے سخت اصرار پر انہوں نے آخرکار دو ٹوک ہی جواب دے دیا۔
دو چار ہونا	سامنے ہونا۔ چار آنکھیں ہونا۔ (فقرہ) "جب میں میاں سید حسین صاحب سے دو چار ہو جاتا ہوں وہ بیچارے شرم سے آنکھیں نیچی

	کر لیتے ہیں "۔
دودھ کی بُو مُنہ سے آنا	ابھی تک بچّہ یا ناتجربہ کار ہونا۔ (فقرہ) "لڑکے ہماری باتوں میں تو کیا دخل دے سکتا ہے۔ تیرے مُنہ سے تو ابھی دودھ کی بُو آتی ہے۔
دودھ کی سی مکھّی نکال کر پھینک دینا	کسی کو باوجود حقدار ہونے کے بھی قطعی بے دخل کر دینا۔ (فقرہ) "دیکھو محمود نے اپنے والد کی وفات کے بعد اپنے حقیقی بھائی حامد کو ایک کوڑی بھی نہ دی۔ اور دودھ کی مکھّی کی طرح گھر سے نکال کر پھینک دیا۔
دوڑ دھوپ کرنا	خوب کوشش اور پیروی کرنا۔ (فقرہ) "میں اس کتاب کو بڑی دوڑ دھوپ کے بعد حاصل کر سکا ہُوں۔
دھجّیاں اُڑانا	ذلیل کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ عیب نکالنا۔ خوب خبر لینا۔ (فقرہ) "اگر آپ لوگوں میں میری برائی کریں گے۔ تو یاد رکھنا میں آپ کی

	خوب دھجیاں اُڑاؤنگا۔"
دُھرّے اُڑانا	خوب مارنا ۔ بدنام کرنا ۔ شرمندہ کرنا ۔
	(فقرہ) "میں نے چوری پر بشیر کے ایسے دُھرّے اڑائے کہ اب وہ کبھی چوری کا نام بھی نہ لے گا ۔
دھک سے رہ جانا	حیرت میں کھڑے کا کھڑا رہ جانا ۔ متحیّر ہو جانا ۔
	(فقرہ) جب آندھی کے زور سے درخت کا ٹہنا کڑاک سے ٹوٹا تو میں دھک سے رہ گیا۔"
دھما چوکڑی مچانا	شور و غل کرنا ۔ اودھم مچانا ۔
	(فقرہ) "بھائی تُم لوگوں نے ایسی دھما چوکڑی مچا رکھی ہے کہ کان پڑی آواز بھی سُنائی نہیں دیتی ۔"
دھوم دھڑکّا	شور ۔ غُل غپاڑہ ۔
	(فقرہ) "آج میلہ میں ایسا دھوم دھڑکا تھا کہ اگر دکاندار سے لڈو مانگو تو جلیبی دیتا تھا ۔"
دھونی رمانا	آگ جلا کر بیٹھنا ۔ فقیر بن جانا ۔

	تارک الدنیا ہو جانا۔ انتظار میں جم کر بیٹھنا۔ جوگی بننا۔ (۲) سارے گھر میں دھواں کر دینا۔
	(۱) رمائے بیٹھے ہو دھونی جو اُن کے در پہ تُم ہُوا ہے کیا تمہیں سیّد ذرا سنو تو سہی
ڈھاک بندھنا	مشہور ہو جانا (آتا جاتا خاک نہیں مُفت کی ڈھاک بندھ گئی ہے۔) (۲) دل میں رعب بیٹھ جانا۔ (چور اور سانپ کی ڈھاک بندھی بُری ہوتی ہے)
ڈھاڑا کرنا	بُری حالت بنا دینا۔ خراب کر دینا۔ تُم بڑی بہو پھوڑ ہو۔ دری کا ڈھاڑا کر دیا۔
دھان پان	نازک۔ دُبلا۔ سا یار میں دھان پان ہیں دونوں ہم نزاکت کی شان ہیں دونوں (بحر)
دھاندل کرنا } دھاندلی کرنا }	بے ایمانی کرنا (دیکھو دھاندل نہ کرو۔ اب کے میری باری ہے)
دھتا بتانا	ٹالنا۔ حیلہ کرنا (جو جاتا ہے اسے

دھتا بتا دیتا ہے۔

دھچکا لگنا — ہچکولے لگنا۔ صدمہ پہنچنا۔ دھکے لگنا۔
(اگر سڑک ٹوٹی ہوئی ہو۔ تو بیل گاڑی میں بہت ہی دھچکے لگتے ہیں۔)

دھرنا دیکے بیٹھنا — دروازے پر اڑ کر بیٹھ جانا۔ بے لئے نہ ٹلنا۔
(بھئی دھرنا دھر کے نہ بیٹھو)

دھڑے سے بندھ جانا — دو گروہ یا دو فریق ہو جانا۔ بگاڑ یا نفاق ہو جانا۔
(ان کے کنبے کے کتنے دھڑے بندھ گئے ہیں۔ ایک دولہا والوں کی طرف ہے اور دوسرا دولہن والوں کی طرف۔)

دھڑا دھڑی کر کے لوٹنا — خوب لوٹنا۔ بالکل لوٹ لینا۔ صفایا کر دینا۔ جھاڑو پھیر دینا۔ (ساری منڈی دھڑا دھڑی سے لوٹ کر لے گئے۔)

خوب لوٹا دھڑا دھڑی کر کے
مجھ کو دونوں میں لے گئے پھر کے

دہلیز کی مٹی لے ڈالنا	بار بار جانا - تنگ کرنا - سخت تقاضا کرنا - میں نے تم سے قرض کیا لیا کہ تم نے تو میری دہلیز کی مٹی لے ڈالی -
دھما چوکڑی مچانا	اودھم مچانا - شور و غل کرنا (کوٹھے پر دھما چوکڑی مچا رکھی ہے)
دُھن لگنا	کسی کام کے سر ہونا - خیال ہونا در پے ہونا - شوق ہونا - (اُسے دُھن لگ رہی ہے کہ کسی نہ کسی طرح دلی جا پہنچے)
دھوں تال	تیز - چالاک - سب سے آگے - فتنہ پرداز - (بوڑھے محنت کرنے میں بڑے دھوں تال ہوتے ہیں)
دھونس دینا	چال چلنا دھمکی دینا - (یہ دھونس کسی اور کو دینا - میں آپ کی دھمکی میں آنے والا نہیں)
دھینگا دھینگی کرنا	زبردستی - جبر سے - خلاف انصاف تم دھینگا دھینگی کر کے لے گئے

	ورنہ تمہارا حق تو نہیں تھا)
ڈینا دھاڑ کرنا	شور غل مچانا۔ دمار کھائے بغیر ہی ڈنا دھاڑ کر رہا ہے۔)
دیدہ لگنا	جی لگنا۔ کسی کام میں طبیعت لگنا۔
دیدہ ریزی کرنا	بہت باریک کام کرنا۔ آنکھیں کھپانا (سلائی بڑی دیدہ ریزی کا کام ہے)
دھاڑ ماکر رونا	بہت زور زور سے چلّا چلّا کر رونا (فقرہ) دیکھو وہ عورت دھاڑ مار مار کر رو رہی ہے۔ ذرا پوچھو تو

ڈ

ڈاک بیٹھانا	جلد خبر لانے یا جلد کسی شخص کسی مقام پر خبر پہنچانے کے لئے کئی آدمیوں اور سواریوں کا راستے میں مختلف مقامات پر مقرر ہونا (اکبر کے زمانے میں دس دس کوس پر ڈاک بیٹھی رہتی تھی۔)
ڈبکا ہونا	اندیشہ۔ خوف ہونا۔ (آخر تمہیں اپنے پکڑے جانے کا اتنا ڈبکا کیوں ہے۔)

محاورہ	معنی و فقرہ
ڈالواں ڈول پھرنا	بے فائدہ یا آوارہ پھرنا۔ ۵ کہاں ہیں آج یہ سودا سے کیوں تو ڈالواں ڈول پھرے ہے جا کہیں نوکر ہوئے کے گھوڑا مول (سودا) آوارہ پھرنا۔ وقت کھونا۔ (فقرہ) "میاں شریف احمد نوکری چھوڑ کر اب ڈنڈے بجاتے پھر رہے ہیں"
ڈنڈے بجاتے پھرنا	
ڈنکے کی چوٹ کہنا۔	کھلم کھلا کہنا۔ سب پر ظاہر کر کے کہنا۔ (فقرہ) "پیٹ پیچھے غیبت کرنا بزدلوں کا کام ہے ہم جو کہتے ہیں ڈنکے کی چوٹ کہتے ہیں"
ڈور پر لگانا ڈور ڈھیلی چھوڑنا	اپنے کہنے میں چلانا۔ راہ پر لانا۔ توجہ نہ دینا۔ آزادی بخشنا۔ فقرہ "جب سے آپ نے ڈور ڈھیلی چھوڑی ہے۔ محمود شریر ہو گیا!"
ڈھاک کے تین پات	"یہ کہاوت ہے۔ یعنی وہ شخص جو اپنی حالت میں کبھی تبدیلی نہ کرے"

محاورہ	معنی
ڈیڑھ اینٹ کی جدی مسجد بنانا مسجد بنانا	کسی کے ساتھ مل کر نہ رہنا۔ علیحدہ رہنا۔ اپنی ڈیڑھ اینٹ کی جدی مسجد میر ویرانہ میں بنائے گا
ڈینگ ہانکنا ڈینگ مارنا	شیخی کرنا۔ غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ اترانا۔ آپ ڈینگ تو اتنی مار رہے ہیں مگر آپ کے ہاتھ پیروں سے کچھ نہیں ہو سکتا۔

ذ

محاورہ	معنی
ذات میں بٹّا لگنا	آبرو میں فرق آنا۔ (فقرہ) "اُس غریب مصیبت زدہ کی مزاج پُرسی سے آپ کی ذات میں کوئی بٹّہ نہ لگے گا۔

ر

محاورہ	معنی
رات بھاری ہونا	بیماری کی رات کا بُرا معلوم ہونا (فقرہ) "مریض پر رات بھاری ہوُا کرتی ہے"
رادھا کو یاد کرو	جاؤ چلے جاؤ۔ ہمیں تمہاری قطعی

	پرواہ نہیں۔ فقرہ" اگر میری بات نہیں مانتے تو جاؤ رادھا کو یاد کرو۔
راہ پر لانا	سیدھے راستہ پر لانا۔ راستہ پر لانا۔ راستہ دکھلانا۔ رہنمائی کرنا (فقرہ) "وہ بڑا بد چلن ہے۔ اُسے کوئی کس طرح راہ پر لا سکتا ہے"
راہ پر لگانا	اپنے موافق بنا لینا۔ اپنے رستہ پر لگانا۔ سے راہ پہ حضرتِ زاہد کو لگا ہی لائے سچ تو یہ ہے کہ مے آشام بُرے ہوتے ہیں
راہ دکھانا	انتظار کرانا۔ (فقرہ) " یار کل تو آپ نے بڑی راہ دکھائی۔ کال نو بجے رات تک آپ کا انتظار کر کے کھانا کھایا"
راہ راہ کی باتیں	درست باتیں۔ (فقرہ) "فضول بکواس میں کیا رکھا ہے۔ راہ راہ کی باتیں کرو"
راہ سے بے راہ ہونا	سیدھے راستہ سے بُرے رستہ پر چلنا۔ گمراہ ہونا۔ (فقرہ) دیکھو بشیر جیسے بدمعاش لڑکوں

محاورہ	معنی
	کے ساتھ نہ پھرا کرو ورنہ وہ تمہیں راہ سے بے راہ کر دینگے!
راہ کھوٹی کرنا	چلنے میں دیر لگانا۔ راستے میں رُکنا فقرہ "جلد جلد قدم اُٹھا کر چلو راہ کھوٹی نہ کرو۔"
رائی سے پربت ہونا	نہایت چھوٹی چیز سے بہت بڑا ہو جانا۔
رائی کائی ہو جانا	فقرہ "کھٹائی والے برتن میں دودھ مت گرم کرنا ورنہ پھٹ کر رائی کائی ہو جائے گا۔"
رتی جاگنا	تقدیر کھلنا۔ قسمت جاگنا۔ فقرہ "دیکھو رام سنگھ کی کیسی رتی جاگی ہے۔ ایک معمولی سپاہی سے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ بن گیا۔"
رُخ بدلنا یا رُخ پھیرنا	توجہ ہٹا لینا۔ بے رُخی اختیار کرنا۔ مُنہ پھیر لینا۔ طرف بدلنا۔ فقرہ (۱) "اب مجھے آپ کا رُخ بدلا ہوُا نظر آتا ہے۔" (۲) سو بل کھا کے ندی نکل گئی ہے رُخ اپنا اُدھر بدل گئی ہے (اسمعیل میرٹھی)
رخنہ ڈالنا	خلل ڈالنا۔ بھانجی مارنا۔

	فقرہ:- تم نے میرے بنے بنائے کام میں رخنہ ڈال دیا۔"
رد کرنا	کاٹنا - نا منظور کرنا۔ فقرہ:- آپ مہربانی فرما کر آج سے میری کوئی بات رد نہ کیا کریں"
رس پڑنا	مزہ حاصل ہونا - لطف آنا - کانوں کو اچھا لگنا۔ فقرہ:- حمید کے کانوں میں کھلنے پینے کی باتوں سے رس پڑتا ہے" اناج یا پھل میں دودھ پیدا ہونے کے لئے بھی بولتے ہیں۔
راستہ پر آنا	سیدھی راہ پر چلنا - قابو میں آنا - ٹھیک ہو جانا۔ فقرہ:- موتی پرسوں سے اپنے بھائی کے ہمراہ جانے کی ضد کر رہا تھا - آج بمشکل تمام راستہ پر آیا ہے"
راستے لگانا	راستے پر ڈالنا - ٹھیک راہ پر چلانا نیک طریق بتانا۔ فقرہ:- آپ مظفر کی طرف سے بے فکر رہیں - میں اُسے خود راستہ

	پر لگا لونگا۔"
رسی کا سانپ بنانا۔	چھوٹی سی بعت بے وجود بات کا شور مچانا۔ بات کا بتنگڑ بنانا۔ فقرہ "تم بڑے جھوٹے آدمی ہو۔ جھٹ رسی کا سانپ بنا دیتے ہو۔"
رسید نہ دینا	پتہ یا خبر نہ دینا۔ فقرہ "تم مجھے کسی چیز کی بھی رسید نہیں دیتے۔ جو چیز آتی ہے۔ پھر نظر ہی نہیں آتی۔"
رفو چکر ہونا رفو چکّر ہو جانا	بھاگ جانا۔ جلدی چلا جانا۔ روپوش ہونا۔ فقرہ "نہیں معلوم وہ مکّار فقیر ذرا سی دیر میں کہاں رفو چکر ہو گیا۔"
رنگ میں بھنگ ڈالنا	مزہ کرکرا کر دینا۔ لطف لگاڑ دینا۔ خوشی میں رنج ڈالنا۔ فقرہ۔ آپ نے تشریف لاکر تمام محفل کے رنگ میں بھنگ ڈال دی۔
رنگ رلیاں کرنا۔	مزہ اُڑانا۔ عیش کرنا۔ فقرہ "آپ تمام دن گھر میں بیٹھے

	رنگ رلیاں کرتے رہتے ہیں۔
رنگ لانا۔	گل کھلانا۔ تکلیف دینا۔ مزا چکھانا۔ ع مُفت کی پیتے تھے مے لیکن سمجھتے تھے کہ ہاں رنگ لائیگی ہماری فاقہ مستی ایک دن یہ محاورہ کبھی فتنہ و فساد پیدا کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے۔ (فقرہ) "اب مار کھا کر گھر میں چُپکے سے بیٹھ رہے ہم تو پہلے ہی جانتے تھے۔ کہ آپ کی یہ بد کلامی ایک نہ ایک دن ضرور رنگ لائیگی"
روٹیاں لگنا	غریبی کے زمانہ کو بھول کر اِترانا (فقرہ) "تم کسی کی کیا پروا کرتے ہو کیونکہ اب تم کو روٹیاں لگتی جاتی ہیں۔
روٹیوں پر جا پڑنا	دوسرے کے گھر روٹی کھانے کی غرض سے جا پڑنا۔ (فقرہ) "ہم تو خواہ بھوکے مر جائیں مگر کسی کی روٹیوں پر ہرگز پڑنا گوارا نہ کریں۔

محاورہ	معنی
رو رو کر گھر بھر دینا	حد درجہ رونا۔ چلّا چلّا کے آنسو بہا کر رونا۔ (فقرہ) "ارے بھائی خاموش بھی ہوگے یا نہیں۔ تم نے تو رو رو کر گھر بھر دیا"۔
روڑا اٹکانا	کسی چلتے ہوئے کام میں خلل ڈال دینا۔
روگ لانا۔	جھگڑا تکرار کرنا۔ غل مچانا (مجھ سے بھی روگ لاے)
رہ رہ کے	بار بار۔ آہستہ رُک رُک کر مجھے رہ رہ کر یہی خیال آتا ہے۔
ریل پیل ہونا	کثرت ہونا۔ دھکم دھکا ہونا۔ آدمیوں کی کثرت (یہاں انگریزی چیزوں کی بڑی ریل پیل ہے)
ریوڑی کے پھیر میں آجانا	دِقت یا مصیبت میں گرفتار ہو جانا بکھیڑے میں پھنس جانا۔ (شادی ہونے دو تب ذرا ریوڑی کے پھیر میں آؤگے)

ز

زبان سنبھال کر بات کرنا سوچ سمجھ کر بات کرنا۔

	(دیکھو زبان سنبھال کر بات کرو ورنہ پچھتانا ہوگا)
زبان پر چڑھنا	زبان پر ہر وقت رہنا - یاد ہونا۔
زبان پکڑنا	کہنے سے روکنا - بولنے سے بند کرنا - بات کے درمیان میں بولنا (فقرہ) محمود کی زبان نہ پکڑو - جو اُس کے مُنہ میں آئے کہنے دو۔
زبان چلنا	فر فر بولنا جلد جلد بولنا - (فقرہ) دیکھا اس کی زبان کیسی چلتی ہے
زخم ہرا ہونا -	(۱) گھاؤ کا تازہ ہو جانا - (۲) پچھلے صدمہ یا مصیبت کا یاد آجانا - (فقرہ) " بھائی صاحب پچھلی مصیبت کی داستان سُنا کر زخم ہرا نہ کرو "
زخم پر نمک چھڑکنا	گھاؤ پر نمک ڈالنا - تکلیف بڑھانا مصیبت میں ڈالنا دُکھ میں دُکھ دینا - جلے کو جلانا - ستائے ہُوئے کو ستانا - ؎ نمک چھڑکو نمک چھڑکو مزہ اس میں ہی آتا ہے قسم لے لو نہیں عادت میرے زخموں کو مرہم کی (فقرہ) بھائی ہم خود مصیبت زدہ ہیں

طعنے مار مار کر زخموں پر نمک نہ چھڑکو"۔

محاورہ	معنی
زبان کٹنا یا زبان ہارنا	زبان میں زخم ہونا ۔ بچن دینا۔ قول ہارنا فقرہ۔ اب تو میری زبان کٹ چکی ہے میں لطیف احمد کے یہاں سے رشتہ کبھی نہ ہٹاؤنگا۔
زبان منہ میں رکھنا یا زبان کو لگام لگانا	زبان کو قابو میں رکھنا۔ خاموش ہونا احتیاط سے بولنا۔ (فقرہ) "دیکھو بہت ہو چکی بس اب زبان منہ میں رکھو یا (لگام لگاؤ) ورنہ بہت پٹو گے"
زمین کا پاؤں تلے سے سرک جانا یا نکل جانا	کسی ناگہانی صدمے سے لرزنا یا خوف کھانا حواس باختہ ہو جانا۔ آپے میں نہ رہنا۔ (فقرہ) "جب ناظر کے مرنیکی خبر سُنی تو میرے پاؤں تلے سے زمین سرک (نکل) گئی۔"
زمین کی پوچھنا آسمان کی کہنا	سوال کچھ ہونا جواب کچھ دینا۔ ؎ اگر زمین کی پوچھی فلک کی اُس نے کہی یہ اُن کا آدمی اچھا فرشتہ خو آیا۔ ([illegible])
زمین میں گڑ جانا	زمین میں دب جانا ۔ شرمندہ ہو جانا

	(فقرہ) "جب مَیں نے شفیع کو اُس کی بدذاتی اور اپنی شرافت جتائی تو وہ مارے شرم کے زمین میں گڑ گیا"
زمین پر پاؤں نہ رکھنا	حد درجہ اترانا۔ بڑھ کر چلنا۔ غرور کرنا۔ (فقرہ) "ہربنس لال چار پیسے کما کر متکبر ہو گیا ہے کہ زمین پر پاؤں نہیں رکھتا۔"
زمین پکڑنا	جم کر بیٹھنا۔ (فقرہ) "اُس فقیر نے زمین کو ایسا پکڑا ہے کہ لوگ لاکھ کوشش کرتے ہیں مگر کیا مجال کہ وہاں سے تِل بھر بھی سرکے"
زمین آسمان کے قلابے ملانا	بڑھا کر بات کہنا۔ جھوٹ بولنا (فقرہ) "آپ کی بات کا کوئی کیونکر یقین کرے آپ تو زمین آسمان کے قلابے ملاتے ہیں!"
زندگی تلخ ہونا	جینا وبال ہونا۔ جینے کا لطف نہ رہنا۔ (فقرہ) "تمہاری بدچلنیوں سے میری زندگی تلخ ہو گئی!"

زندگی سے تنگ آنا

جینے سے خفا یا بیزار ہونا۔
(فقرہ) "دیکھو مجھے مت ستاؤ میں خود زندگی سے تنگ آیا ہوا ہوں۔"

زندگی سے ہاتھ اُٹھانا

جینے سے نا اُمید ہونا۔
(فقرہ) "ڈاکٹر صاحب آپ بیشک علاج کریں مگر ہم نے تو دادا صاحب کی زندگی سے ہاتھ اُٹھا لیا ہے۔"

زہر اُگلنا

زبان پر سخت الفاظ لانا۔ دِل دُکھانے والے الفاظ زبان پر لانا۔
(فقرہ) "بابو صاحب کا رُخ بدلتے ہی نوکر بھی زہر اُگلنے لگے۔"
کبھی غصّہ نکالنے کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔
(فقرہ) "آج بھائی صاحب نے مجھ پر خوب زہر اُگلا۔ مگر میں خاموشی سے سُنتا رہا اور جواب تک نہ دیا۔"

زہر کے سے گھونٹ پینا مجبوری کی حالت میں غصّہ ضبط

	کر لینا - دِل ہی دِل میں کڑھنا (فقرہ) "کیا کروں میرا بس نہیں چلتا کمبخت لطیف کی جلی کٹی باتیں سُن کر زہر کے سے گھونٹ پی کر بیٹھ جاتا ہوں"
زیر و زبر ہونا	تہ و بالا ہونا - اُوپر نیچے ہونا - برباد ہونا - ؎ یہ داستان میری ذرا کان دھر سُنو مجھ کو فلک نے کر دیا زیر و زبر سُنو
زیر بار کرنا	خرچ کرانا - نقصان کرا دینا - تُم نے مجھے مخواہ زیر بار کرایا

س

سات پردوں میں رکھنا	حفاظت سے چھپا کر رکھنا - بے انتہا پردہ کرانا - (وہ اپنی بیوی کو سات پردوں میں رکھتے ہیں)
ساکھ جانا	اعتبار جانا - آبرو نہ رہنا - اس کی ساکھ دِوالہ نکلنے سے

	پہلے ہی جاتی رہی تھی۔
سابقہ پڑنا	واسطہ پڑنا۔ ربط و ضبط ہونا۔ اس کے ساتھ سابقہ پڑ چکا ہے (۲) معاملہ پڑنا۔ لین دین ہونا۔ اگر پہلے سابقہ پڑتا تو کبھی اُس سے لین دین نہ کرتا۔
سات پانچ	مکر و فریب ۔ چالاکی ۔ یہ لڑکا بڑا ہی بھولا ہے۔ سات پانچ جانتا ہی نہیں۔
سار جاننا	قدر جاننا ۔ گُن پہچاننا ۔ قدردانی کرنا ۔ راجہ کیا جانے بھوکوں کی سار۔
سامنا کرنا	مقابلہ کرنا ۔ لڑنا جھگڑنا ۔ راجہ کی فوج شاہی فوج کا سامنا نہیں کر سکی۔ (۲) جواب دینا ۔ گستاخانہ پیش آنا۔ جواب سوال کرنا۔
سامنا رہنا	فکر اندیشہ رہنا رات دن سامنا لگا رہتا ہے۔
سب کو ایک ہی لاٹھی ہانکنا	ادنیٰ و اعلیٰ سب سے یکساں برتاؤ کرنا۔

(فقرہ) "اجی اُن سے کون بات کرے وہ تو سب کو ایک ہی لاٹھی ہانکتے ہیں"

سبز باغ دِکھانا — جھوٹے وعدہ سے بہکانا۔ چڑھاؤ اُتار کرنا۔ قابو میں لانا۔ دھوکا دینا۔ ع
"کیا سبز باغ برسوں اُمید نے دکھائے"
(فقرہ) آپ ایسے ایسے سبز باغ کسی اور کو دکھلائیے۔ بندہ آپ کی باتوں میں آنے والا نہیں ہے"

سبق پڑھانا — تعلیم دینا۔ پٹی پڑھانا۔ نصیحت کرنا
ؔ سبق ایسا پڑھا دیا تُو نے
دِل سے سب کچھ بھلا دیا تُو نے (ذوق)

سبق دینا — عبرت دینا۔ سزا دینا۔
(فقرہ) تمہاری نالائقی نے مجھے سبق دیا ہے۔ کہ دُنیا میں اگر کسی کو دشمن بنانا منظور ہو تو روپیہ قرض دے"

سبق لینا — نصیحت حاصل کرنا۔
فقرہ "اُچکے پے بید پڑتے دیکھ کر بھی کچھ سبق لیا یا

	نہیں۔ نصیحت حاصل ہونا۔ (فقرہ) آج سے مجھے سبق مل گیا ہے۔ کہ بدمعاش کی صحبت ہی انسان کو زمانہ میں بدنام کر دیتی ہے۔
سپاٹا بھرنا یا سپاٹا مارنا سپاٹا لگانا	دور تک دوڑنا۔ فقرہ "میں کل جا رہا تھا کہ یکایک باولا کتا میری نظر پڑا میں نے وہاں سے ایسا سپاٹا بھرا کہ آناً فاناً گھر پہنچ گیا۔
سپید و سیاہ کرنا	سیاہ سفید کرنا۔ خواہ بُرا کرنا خواہ بھلا۔ خواہ برائی کرنا خواہ بھلائی۔ (فقرہ) جناب آپ کو اختیار ہے۔ خواہ سپید کریں خواہ سیاہ"
ستارہ بلند ہونا	ستارہ کا بلند ہونا۔ نصیب کا زور مارنا۔ مقدر یاور ہونا۔ رفقرہ) "آج کل اُن کا ستارہ بلند ہے۔ مٹی پر ہاتھ ڈالتے ہیں سونا بنتا ہے"

ستارہ چمکنا	نصیب جاگنا۔ ف ستارہ اُس بلند اختر کا چمکیگا زمانے میں یہی ہر ایک پنڈت اور منجم کا بیان اب ہے
ستارہ گردش میں ہونا	تقدیر بگڑنا۔ مقدر ہیٹا ہونا۔ (فقرہ) "میرا ستارہ مدت سے گردش میں ہے بنے بنائے کام بگڑ رہے ہیں!"
ستم ڈھانا	غضب ڈھانا۔ ظلم کرنا۔ (فقرہ) "دیکھئے سرکار مجھ پر ہر روز ایک نیا ستم ڈھانا اچھا نہیں ہے"
سٹکنا	کھسکنا۔ چپکے سے چل دینا۔ (فقرہ) "جلسہ میں بڑا شور و غل تھا۔ میں تو چپکے سے سٹک آیا۔"
سٹی بھولنا	ہوش و حواس بجا نہ رہنا۔ (فقرہ) "اگر اُس تصویر کو آپ دیکھیں تو بلا شک سٹی بھول جائیں۔"
سٹپٹا جانا	گھبرا جانا۔ (فقرہ) "محمود مدرسہ سے بھاگ

	کر گھر جا رہا تھا کہ راستے میں جونہی اُستاد صاحب کی صُورت نظر آئی۔ تو سٹپٹا کر کھڑے رہ گئے۔"
سخی کا بیڑا ہمیشہ پار	بخشش کرنے والے کی تمام مشکلیں آسان ہو جاتی ہیں۔
سُدھ بدھ لینا یا سُدھ لینا	خبر لینا۔ چوکسی کرنا۔ (فقرہ) "جب سے روشن لال کہیں نوکر ہوئے ہیں۔ اُنھوں نے اپنے والدین کی سُدھ بُدھ کبھی بھی نہیں لی"
سُدھ بسرنا	ہوش اُڑ جانا۔ بے خود ہو جانا (فقرہ) "کرشن جی کی مُرلی کی ٹیر سُنتے ہی تمام گوپیوں کی سُدھ بسر جاتی تھی"
سر اُٹھانا	سر اونچا کرنا۔ غرُور کرنا۔ سرکشی کرنا۔ (فقرہ) "محمود کو میرے سامنے سر اُٹھانے کی جرأت کہاں ہے" (۲) شرارت یا فتنہ و فساد اُٹھانے کے موقعہ پر بھی بولا جاتا ہے۔

۵

سر کوئی اُٹھاتا نہیں آگے میرے غافل کے
بیٹھا ہے عمل جب سے میرا ملک سخن میں (غالب)

کبھی ستانا یا برباد کرنے کے موقعہ پر بولتے ہیں۔ ۵

خاک میری کو کر دیا برباد
کیا بگولے نے سر اُٹھایا ہے (ممنون)

سر اُٹھانے کی فرصت نہ ہونا

قطعی فرصت نہ ہونا۔
(فقرہ) ''میں کل سے اس قدر دفتر کے کام میں مصروف ہوں کہ سر اُٹھانے کی بھی فرصت نہیں''

سر آنکھوں پر

دل و جان سے منظور۔
(فقرہ) ''آپ کا فرمانا سر آنکھوں پر''

سر بیچنا

جان پر کھیلنا۔ جان کو خطرہ میں ڈالنا۔ سر فروشی۔

سر پاؤں نہ ہونا

ابتدا و انتہا کا پتہ نہ لگنا۔ مبہم بات۔
(فقرہ) میاں تم ایسی بات کہتے ہو جس کا نہ سر ہے نہ پاؤں''

سر پر آ پڑنا کے یا سر پر پڑنا	اُوپر آبننا - جان پر پڑنا - ذمہ پڑنا - (فقرہ) جو سر پر پڑتی ہے وہ انسان کو جھیلنی پڑتی ہے"
سر پر آ پہنچنا	نہایت ہی قریب آ جانا - (فقرہ) "جب وہ ہاتھ میں تلوار لئے میرے سر پر آ پہنچا تب میں دفعتہً اُٹھا - میرے اُٹھتے ہی وہ ظالم فوراً بھاگ گیا"
سر پر اُٹھانا	شور مچانا - ناک میں دم کرنا (فقرہ) "بھائی تم نے تو تمام محفل ہی سر پر اُٹھا لی"
	۵ ہمسائے کہتے ہیں یوں گھبرا کے غل سے میرے اس نے تو سب محلہ سر پہ اُٹھا لیا ہے
سر پر قضا کھیلنا	موت کا سر پر سوار ہونا - موت قریب آ جانا - (فقرہ) "دیکھو اُس ہرن کے سر پر قضا کھیل رہی ہے - جو بار بار شکاریوں کی طرف دوڑ کر آتا ہے"

سر پہ احسان کرنا	کسی سے بھلائی کرنا۔ (فقرہ) "تم نے آج تک میرے سر پہ کونسا احسان کیا ہے"
سر پہ بٹھانا	نہایت ہی عزت کرنا۔ کمال تعظیم کرنا۔
سر پہ چڑھانا	مُنہ لگانا۔ (فقرہ) "آپ نے تو رگھنندن لال کو ایسا سر پہ چڑھا رکھا ہے کہ اب وہ ہر ایک کو گالی دینے لگا ہے"
سر پہ پاؤں رکھ کر بھاگ جانا	بے تحاشہ بھاگ جانا۔ جلد بھاگ جانا۔ جان کے خوف سے بھاگنا (فقرہ) "میں صُبح سیر کے لئے سڑک پر جا رہا تھا۔ کہ اتنے میں دیوانہ کتّا میری طرف آتا ہوُا نظر پڑا میں اُسے دیکھتے ہی فوراً سر پہ پاؤں رکھ کر بھاگا"
سر پہ جن چڑھنا	سر پہ غصّہ سوار ہونا۔ ضد پر قائم رہنا۔ (فقرہ) "تمہارے سر تو جن چڑھا ہوُا ہے۔ جو کسی کی نہیں مانتے"

سر پر چڑھنا

مصاحب بننا - منہ لگنا - ؎

سر پہ چڑھنا تجھے پھبتا ہے پر اے طرفِ کلاہ
مجھ کو ڈر ہے کہ نہ چھینے تیرا لمبر سہرا
(ذوق)

کبھی گستاخ ہونے کے معنی میں آتا ہے -

فقرہ "نوکر کو دیکھئے - ایسا سر پر چڑھ گیا ہے - کہ مٹر گشتی کے سوا اور کوئی کام پسند ہی نہیں کرتا -"

سر پہ خاک اُڑانا

رونا پیٹنا - افسوس کرنا - ماتم کرنا -

فقرہ "مجنوں غمِ لیلیٰ میں سر پر خاک اُڑاتا پھرا کرتا تھا"

سر پہ خون سوار ہونا یا چڑھنا

جان مارنے یا قتل کرنے پر تیار ہونا - ؎

دستارِ سُرخ کیوں سرِ صیاد پر نہ ہو
بلبل کا خون سر پہ ہے اُس کے سوار آج

سر پہ دھرنا
سر دھرنا

ذمہ ڈالنا - ذمہ لگانا -

فقرہ "آپ ہر ایک قصور کو میرے ہی سر پہ دھرتے ہیں"

سر رکھنا
سر پہ سہنا

برداشت کرنا -

سر پہ شیطان چڑھنا

غصہ چڑھنا - ضد ہونا -

ع

نشہ دولت کا بد اطوار کو جب آن چڑھا
سر پہ شیطان کے اک اور بھی شیطان چڑھا

سر پہ لینا
ذمہ لینا - جھیلنا -
(فقرہ) "مشترکہ مکان خرید کر مفت کی آفت کون سر پہ لے"

سر پہ ہاتھ دھر کے رونا یا سر پکڑ کے رونا
پچھتانا - حد درجہ افسوس کرنا -
(فقرہ) "اگر میری نصیحت نہیں مانوگے تو یاد رکھنا کہ سر پہ ہاتھ دھر کر روؤگے" یا "سر پکڑ کر روؤگے"

سر پہ ہونا
سر ہونا - ذمہ ہونا ع
خوش ہو اے بخت کہ ہے آج ترے سر سہرا
باندھ شہزادہ جواں بخت کے سر پہ سہرا

سر پھرا ہے
کمبختی آئی ہے - شامت آئی ہے
قسمت نے دھکا دیا ہے -

ع

کونسی بات ہے جس بات پہ جاویگا کوئی
سر پھرا ہے کہ ترے پاس پھر آویگا کوئی

سر پیٹنا
سر میں چوٹ مارنا - ماتم کرنا - غم کرنا -
(فقرہ) "مرنے والا تو مر گیا اب

	ناحق سر پٹکنے سے کیا فائدہ ہے"
سر جوڑ کر بیٹھنا	محبت اور پیار کے ساتھ مل کر بیٹھنا۔ ؎ یارب اُٹھائی کس نے کمان تیر جوڑ کر بیٹھے ہیں سر ہرن پہ عصا فیر جوڑ کر
سر جُھکنا	(۱) سر نیچا کرنا۔ (۲) شرمندہ ہونا۔ (۳) ماننا۔ (فقرہ) "(۱) شہنشاہ اکبر کے سامنے تمام بڑے بڑے حاکم اور والیان ریاست سر جھکاتے تھے۔
سر سہرا ہونا	بُرائی بھلائی کا ذمہ دار ہونا۔ ع "آج ہے یمن و سعادت کا ترے سر سہرا"
سر سے بلا ٹالنا	پاپ کاٹنا۔ ٹال دینا۔ (فقرہ) "میری گھوڑی مدت سے بیمار تھی بمشکل تمام بیچ کر سر سے بلا ٹالی۔
سر سے پانی گزر جانا۔	پانی کا سر کو ڈھک لینا یا ڈوبا دینا۔

	۵ رو رو ہی کے مرجاؤنگا میں دیدۂ تر سے اک روز گزر جائیگا پانی میرے سر سے
سر سے پاؤں تک	ایڑی سے چوٹی تک - شروع سے آخیر تک - (فقرہ) "دولہا کا گھوڑا سر سے پاؤں تک سنہری زیور پہنے ہوئے تھا"
سر سے پاؤں تک آگ لگنا	غصہ میں جل بھن جانا - مارے غصہ کے بیتاب ہو جانا - (فقرہ) اپنے حقیقی برادر کی زبان سے اپنی برائی کے الفاظ لوگوں کے سامنے سُن کر میرے سر سے پاؤں تک آگ لگ گئی"
سر سے کفن باندھنا	جان سے ہاتھ دھونا - جان پر کھیلنا - مرنے پر آمادہ ہونا - (فقرہ) ہوائی جہاز کے ڈرائیور سر سے کفن باندھ کر جہاز اُڑاتے ہیں -"
سر کھانا	دماغ پریشان کرنا - مغز چاٹنا

	(فقرہ) "آپ تو بک بک کر کر کے میرا سر کھا گئے"
سر مارنا	مغز مارنا۔ بہت محنت سے سمجھانا۔ (فقرہ) "میں نے بہت سر مارا مگر الطاف نے اسے ب کہہ کر نہ دیا"
سر منڈاتے ہی اولے پڑنا	شروع ہی میں کام بگڑ جانا۔ آغاز ہی میں خرابی پیدا ہو جانا۔
سرگوشی کرنا	کانا پھوسی کرنا۔ کان میں چپکے سے کہنا۔ (فقرہ) "آپ کیا سرگوشی کر رہے ہیں۔ جناب مجھے آپ کے دل کی سب خبر ہے"
سر ہو جانا	پیٹ پڑنا۔ خواہ مخواہ پیچھے پڑ جانا۔ (فقرہ) "ارے بھائی اسے سمجھاؤ یہ تو بڑی طرح میرے سر ہوا جا رہا ہے"
سرخاب کا پر لگنا	دولت پر ناز کرنا۔ اپنے جیسا

	کسی دوسرے کو اچھا نہ سمجھنا (فقرہ) "کیا اب اُن کے سرخاب کا پر لگ گیا ہے جو میرے مکان تک آنا کسرِ شان سمجھتے ہیں"
سُرخرو ہونا	کامیاب ہونا۔ وعدہ وفا کر کے سبکدوش ہونا۔ عزت پانا۔ (فقرہ) "اپنی جوان بہن کی شادی کر کے سب سے پہلے سرخرو ہو۔ پھر اور کام کرو"
سرد ہونا یا ہو جانا	ٹھنڈا ہو جانا۔ مر جانا۔ (فقرہ) "گولی لگتے ہی ہرن سرد ہو گیا"
سرسوں ہتھیلی پر جمانا	"عموماً ہتھیلی پر سرسوں جمانا بولتے ہیں۔ کوئی کام بہت جلد کرنا۔ تعجب انگیز کام کرنا۔ ؎ کھلائے ہیں مٹی سے گل کیسے کیسے ہتھیلی پہ سرسوں جماتا ہے ساون (؟)
سُرمہ کھلانا	خاموش کرنا۔ ؎ اُس نے جو خط قلم سرمہ سے لکھا ہم کو لکھا اسلئے خموشی ہے یہ گویا ہم کو
سستا ہونا	گھٹیا۔ کم قیمت کا۔

سفارشی ٹٹو	(فقرہ) "یہ قلمدان بڑا سست ہوگیا ہے" وہ شخص جو بالکل جاہل اور کم لیاقت ہو مگر کسی کی سفارش سے نوکر ہوا ہو (فقرہ) سلطان احمد کو آزمایا جاتا تو خاک نہیں صرف سفارشی ٹٹو ہی ہے۔
سکتہ کا عالم طاری ہونا	بیہوشی کی حالت طاری ہونا۔ حیرت میں پڑ جانا۔ (فقرہ) بیچاری نے جوں ہی اپنے بیٹے کے مرنے کی خبر سنی اس پر سکتہ کا عالم طاری ہوگیا
سکہ بٹھانا	(سکہ جاری کرنا۔ حکم چلانا۔ رعب ڈالنا (فقرہ) "پٹھانوں نے دشمنوں پر ایسا سکہ بٹھایا کہ باید و شاید۔
سکہ بیٹھنا	عمل بیٹھنا۔ رعب بیٹھنا۔ (فقرہ) "مولوی الطاف حسین صاحب حالی کا نیچرل شاعری میں ایسا سکہ بیٹھا کہ کوئی شاعر اُن کے سامنے چوں نہ کر سکتا تھا۔"
سماں بندھنا	رنگ جمنا۔ کیفیت طاری ہونا۔ (فقرہ) "رات محفل میں ۹ بجے سے صبح تک خوب سماں بندھا"

سمجھ پر پتھر پڑنا — سمجھ گُم ہونا۔ عقل ماری جانا۔ احمق بن جانا۔
(فقرہ) آپ کی سمجھ پر ایسے پتھر پڑے کہ دو برس تک گھر بار کی خبر بھی نہ لی۔"

سن سے نکل جانا — جلدی سے نکل جانا۔ ع
دم بُلبل اسیر کا تن سے نکل گیا
جھونکا نسیم کا جو ہیں سن سے نکل گیا

سُن ہو جانا — بے حرکت ہو جانا۔ خاموش رہ جانا
(فقرہ) "میں تو الطاف کے ڈوب جانے کی خبر سُن کر سُن ہو گیا تھا۔"

سناٹے میں آ جانا — ڈر جانا۔ حیران رہ جانا۔
(فقرہ) جب وقت سیّد انشا نے بھری مجلس میں اپنی غزل باآواز بلند پڑھی تو تمام حاضرین سناٹے میں آ گئے۔"

سیندور کھلانا — سیندور کھلا کر آواز بند کرنا۔ آواز اور گلا خراب کر دینا۔
(فقرہ) موتی نے بڑا غضب کیا کہ حسد کے مارے بیچارے خوش گلو شنکر کو سیندور کھلا کر

	اُسکی آواز بٹھادی"
سو سو کوس نظر نہ آنا	کہیں پتہ نہ لگنا - دُور تک نہ ملنا (فقرہ) " بزرگوں میں جو جو خوبیاں تھیں وہ اب سو سو کوس نظر نہیں آتیں "
سو سو کوس بھاگنا	دور دُور رہنا - پرے ہٹنا - (فقرہ) مجھ سے موت بھی سو سو کوس بھاگتی ہے "
سو سو گھڑے پانی کے پڑنا - یا سینکڑوں گھڑے پانی پڑنا -	حد درجہ شرمندہ ہونا - (فقرہ) " محمود کو اُس کے دوستوں کے ہی رو برو بھائی صاحب نے وہ وہ سُنائیں کہ غریب پر پانی کے سو سو گھڑے پڑ گئے "
سو سو نام دھرنا	بہت عیب نکالنا - (فقرہ) " تمہاری مصاحبت میں آنے سے والد صاحب مجھ کو ہر روز سو سو نام دھرتے ہیں "
سوتے نصیب جاگنا	تقدیر کھُلنا - (فقرہ) " اب مدّت بعد میرے سوتے نصیب جاگ اُٹھے ہیں "
سودا ہونا	سودا بننا -

	(فقرہ) "آج اُس مکان کا سودا بن گیا ہے۔" کبھی کبھی جنون یا خبط ہو جانے کے لئے بھی بولتے ہیں۔ ع "دل کا جیب سودا ہوا تب ہو گیا سودا مجھے"
سورج کو چراغ دکھانا	دانا یا عالم فاضل کو عقلمندی کی بات بتانا۔ عالم کے رو برو اپنے تھوڑے سے علم کا اظہار کرنا۔ (فقرہ) "آپ کے سامنے غزل پڑھنا گویا سُورج کو چراغ دکھانا ہے۔"
سُوکھ کر پنجر ہو جانا یا سُوکھ کر کانٹا ہو جانا	اِتنا کمزور اور دُبلا ہو جانا کہ بدن کی تمام ہڈیاں نظر آ جائیں۔ حد درجہ دُبلا ہو جانا۔ (فقرہ) "شریف احمد دو مہینہ سے بخار میں مبتلا ہے۔ اب تو بیچارہ سُوکھ کر پنجر ہو گیا ہے۔ یا (سُوکھ کر کانٹا ہو گیا ہے)"
سُوکھی چٹائی کرنا	پانی پیئے بغیر کھانا کھانا۔ (فقرہ) "اسے پانی کی کوئی ضرورت نہیں۔ وہ تو سُوکھی ہی چٹائی کر دیا کرتا ہے۔"
سولی پر جان ہونا	زندگی سخت خطرہ میں پڑنا۔ جان عذاب میں ہونا (فقرہ) ممحاروں کی ہر وقت سولی پر جان ہے

سونے کی چڑیا ہاتھ آنا	دولتمند بے وقوف کا قابو میں پھنس جانا۔ (فقرہ) رام لال کے آج کل پوبارہ ہیں۔ دو مہینہ سے شام لال جیسی سونے کی چڑیا اُسے ہاتھ آئی ہوئی ہے۔
سونے کی چڑیا ہاتھ سے نکل جانا	دولتمند امیر کا قابو سے نکل جانا (فقرہ) "افسوس میری بد کلامی سے شام لال جیسی سونے کی چڑیا میرے ہاتھ سے نکل گئی"۔
سیدھا آنا	سامنا کرنا مقابلہ کرنا۔ (فقرہ) "تاراچند کو اور کی تو کیا پرواہ ہے۔ وہ خود اپنے باپ کے سمجھانے سے سیدھا آتا ہے"۔
سیدھا بنانا	اچھے راستہ پر ڈالنا۔ سختی سے قابو میں لانا۔ (فقرہ) اب شام سندر کو اسکول میں داخل کر دو۔ اس کا ماسٹر ہی اُسے سیدھا بنائے گا۔
سیدھی سنانا	صاف صاف کہنا۔ کوری کوری

محاورہ	معنی
	سنانا۔ لحاظ نہ کرنا۔ وہ ہر ایک کو سیدھی سناتا ہے
سیروں لہو بڑھنا	بے حد خوش ہونا۔ (تمہیں دیکھ کر میرا خون سیروں بڑھ گیا۔)
سینگ سمانا	پناہ ملنا آرام پانا (جہاں تمہارے سینگ سمائیں چلے جاؤ)
سینت سینت کر رکھنا	حفاظت سے رکھنا (اپنی چیز سینت سینت کر رکھنا)

ش

محاورہ	معنی
شادی مرگ ہو جانا	فرطِ خوشی سے اچانک مرجانا۔ بے انتہا خوشی ہونا۔ (دو لاکھ دیکھتے ہی انہیں شادی مرگ ہو گیا)
شاق گزرنا	ناگوار ہونا۔ برا معلوم ہونا۔ جی دکھنا (اُن کا گزرنا نہایت شاق گذرا۔)
شامت آنا	بُرے دن آنا کمبختی آنا۔ (فقرہ) کیا تمہاری شامت آئی ہے جو سرِ بازار کھڑے ہو کر سرکار

	کے خلاف باتیں کر رہے ہو۔"
شانہ سے شانہ چھلنا	ہجوم کی کثرت کے سبب کندھے سے کندھا چھلنا۔ (فقرہ) "آج راوی کے کنارے میلہ میں لوگوں کا اتنا ہجوم تھا کہ شانے سے شانہ چھلتا تھا۔"
شب خون مارنا	بے خبری میں سوتے دشمن پر حملہ کرنا۔ (فقرہ) "جرمن سپاہیوں نے کئی مرتبہ دھوکے سے انگریزی سپاہ پر شب خون مارا تھا۔"
شربت کے سے گھونٹ سمجھ کر پینا	ناگوار بات کو بردباری اور خوشی سے سہنا۔ (فقرہ) "رات والد صاحب نے بڑی گالیاں دیں۔ مگر میں بھی شربت کے سے گھونٹ سمجھ کر پی گیا۔"
شش و پنج میں پڑنا	سوچ بچار میں پڑنا۔ فکر و تشویش میں پڑنا (فقرہ) "میں آج کل شش و پنج میں پڑا ہوا ہوں۔ کہ بھائی صاحب

	تو روپیہ دوں یا نہ دوں"
ششدر رہنا	حیران رہنا۔ ہکّا بکّا رہنا۔ (فقرہ) "وہ میری بے وقت آمد کی خبر سن کر ششدر رہ گیا"
شعلہ بھبوکا ہونا	نہایت غصہ میں ہونا۔ غصّہ سے جل جانا" ؎ جھنجلائی وہ شعلہ ہو بھبوکا بولی کہ تجھے لگاؤں لوکا } نامعلوم
شگوفہ کھلنا	انوکھی بات ظاہر ہوتا۔ (فقرہ) "آج کل دنیا میں بڑے بڑے شگوفے کھلتے ہیں"
شہد لگا کر چاٹو	احتیاط اور عزت سے اپنے پاس رکھو۔ یہ محاورہ ایسے موقعہ پر بولا جاتا ہے۔ جب کوئی چیز کارآمد نہ ہو۔ اور اس کے پاس ہونے سے کوئی فایدہ نہ ہو مثلاً :۔ (فقرہ) "یہ دستاویز زائد المیعاد ہو کر ناجائز ہو

	گئی ہے بس اب اسے شہد لگا کر چاٹو۔
شہر میں اونٹ بدنام	یہ کہاوت ہے۔ یعنی مشہور عیبی یا چور کی طرف ہی لوگوں کی انگلی اٹھتی ہے۔ خواہ اس نے جرم کیا ہو یا نہ کیا ہو۔
شیخی بگھارنا یا شیخی مارنا	ڈینگ مارنا۔ بڑائی مارنا۔ (فقرہ) آپ فضول شیخی نہ بگھارا کریں +

ص

صابون سا منہ میں گھلنا۔	منہ کا ذائقہ خراب ہونا۔ سیٹھا ہونا آج صبح سے منہ میں صابن سا گھلا ہوا ہے۔ کوئی چیز مزے دار نہیں معلوم ہوتی۔
صاف اڑا لانا	کسی چیز کو اسطرح لانا کہ کسی کو خبر نہ ہو۔ (فقرہ) چور اپنے ساتھی کو حوالات سے صاف اڑا لے گئے۔

صاف انکار کرنا	بالکل جواب دے دینا۔ (فقرہ) "اگر آپ کو گھڑی نہیں دینی ہے۔ تو ٹال مٹول کیوں کرتے ہو۔ صاف جواب کیوں نہیں دیدیتے"
صاف جواب دینا	بالکل انکار کر دینا۔ (فقرہ) انہوں نے دعوت میں شامل ہونے سے صاف جواب دیدیا ہے"
صاف صاف سنانا	کھری کھری کہنا۔ بلا رو رعایت کہنا۔ بُرا بھلا کہنا۔ (فقرہ) دیکھو بھائی یا تو میرا چاقو دے دو۔ ورنہ لینے والے کو صاف صاف سناؤنگا۔
صاف صاف کہنا	بے لاگ کہنا۔ کھلی کھلی کہنا۔ (فقرہ) "میں صاف صاف کہے دیتا ہوں کہ یا تو تم کوٹھے پر کھڑے ہو کر تاکنے سے باز آ جاؤ۔ ورنہ سخت لڑائی ہوگی"
صبح شام کرنا یا بتانا	بہانہ بتانا۔ حیلہ کرنا۔ جھوٹا وعدہ کرنا (فقرہ) "میاں محمود روپیہ دیتے نظر نہیں آتے۔ ہر روز صبح شام بتا دیتے ہیں"۔

محاورہ	معنی
صدقے جانا	قربان ہونا۔ بے انتہا محبت کرنا اظہار محبت۔ (فقرہ) "میں صدقے جاؤں"۔ (یہ محاورہ بڑی محبت میں آکر بولتے ہیں۔)
صلواتیں سنانا	بُرا بھلا کہنا۔ سے پڑھتا تھا میں تو سبحہ لئے ہاتھ میں درود صلواتیں مجھ کو آکے وہ ناحق سنا گیا
شیخی جھڑنا	غرور ڈھلنا۔ شرمندہ ہونا۔ نیچا دیکھنا۔ (فقرہ) "ذرا حامد کو آنے دو۔ آپ کی سب شیخی جھڑ جائے گی۔"
شیر بکری ایک گھاٹ پانی پینا	کمزور کا زبردست سے ڈرنا۔ یا ظالم کا کمزوروں اور غریبوں پر ظلم نہ کر سکنا۔ کامل انصاف ہونا۔
شیر مارنا	بہادری کا کام کرنا۔ (فقرہ) "بڑے شیر مارنے والے ہو"
شیرازہ کھلنا یا بکھرنا	انتظام میں خلل آجانا۔ ترتیب بگڑ جانا۔ (فقرہ) "اورنگ زیب کے بعد سلطنت مغلیہ کا شیرازہ بکھر گیا"

شیروں کا منہ کس نے دھویا ہے	یہ کلمات بچوں کے بغیر منہ دھوئے کھانا کھانے کے وقت بولتے ہیں
شیشے میں اتارنا	باتوں میں پھسلانا۔ فریب میں پھنسا کر قابو میں لانا۔ (فقرہ) میں نے بھی موہن کو ایسا شیشے میں اتارا۔ کہ فوراً تمام رقم میرے سپرد کر گیا"۔
شیطان کی آنت	بہت ہی لمبی چیز۔
شیطان کی خالہ	وہ مکّار یا دغاباز عورت جو ہمیشہ دو آدمیوں کے درمیان لڑائی جھگڑا کراتی رہے۔
شیطان کے کان کاٹنا	شیطان سے بڑھ کر شرارت کرنا۔ (فقرہ) موہن کی شرارت کیا بتاؤں وہ تو شیطان کے بھی کان کاٹتا ہے
شیطان ہو جانا	شریر ہو جانا۔ دنگئی ہو جانا۔ لڑکا بڑا ہی شیطان ہو گیا ہے۔
شیشے میں اتارنا	جادو کے زور سے بھوت پریت بوتل میں قید کرنا۔ (بھوت بڑی ہی مشکل سے شیشے میں اترا۔) قابو میں کرنا۔ دم دلاسا دینا۔ تسخیر کرنا۔ غصہ

ٹھنڈا کرنا۔ باتوں میں موہ لینا (میں نے آخر کار ان کو شیشے میں اتار ہی لیا)

ط

طاق ہونا	بے مثال ہونا۔ یکتا ہونا۔ (وہ اب تو بڑا طاق ہو گیا ہے)
طبیعت لڑنا	رسائیٔ ذہن۔ بات سمجھ میں آ جانا (بات مشکل تھی۔ مگر طبیعت لڑ گئی)
طرح دینا	بے پروائی کرنا۔ چشم پوشی کرنا۔ ٹال دینا ۔ گردان کرنا۔ (میں اس کی غلطیاں دیکھتا ہوں اور طرح دے دیتا ہوں۔)
طرفہ یہ ہے	انوکھی بات یہ ہے۔ تعجب یہ ہے (بوڑھا آدمی طرفہ یہ کہ بدچلن)
طنطنہ کرنا۔	غرور کرنا زور دکھانا۔ (ابھی مجھ پر اتنا طنطنہ کیوں کرتے ہو)
طور بے طور ہونا	حال بگڑنا۔ قریب المرگ ہونا۔ (صبح ہی سے ان کے طور بے طور ہیں)

طوطی بولنا	رعب ہونا۔ ترقی ہونا۔ زمانہ موافق ہونا (آج کل ان کا طوطی خوب بول رہا ہے) (۲) شہرت ہونا۔ جمال باکمال کا شہرہ ہونا۔
طوفان اٹھانا	الزام لگانا۔ (اس نے بیٹھے بٹھائے مجھ پر طوفان اٹھایا) (۲) خوب شور و غل کرنا۔ حشر برپا کرنا۔ (دوپہر سے ایسا طوفان اٹھا رکھا ہے۔ کہ توبہ ہی بھلی)
طول پکڑنا	بڑھ جانا۔ مدت ہو جانا۔ (معاملہ بہت ہی طول پکڑ گیا)
طومار باندھنا	چھوٹی بات بڑھا کر طویل کر دینا جھوٹ کے پل باندھنا۔ (۱) آپ نے تو باتوں کا طومار باند دیا۔ (۲) وہ خالی بیٹھے دن رات ایسے ہی طومار باندھا کرتے ہیں۔
طیش آنا	غصہ آنا۔ (اسے طیش تو بہت

آیا تھا۔ مگر وہ غصہ پی گیا۔

ع

عادی ہونا	عادت پڑ جانا۔ مجبور ہو جانا۔ (اجی وہ تو اِن باتوں کے عادی ہو گئے ہیں۔
عاری ہو جانا	تنگ آ جانا۔ تھک جانا۔ مجبور ہو جانا۔ (میں تو جان سے عاری ہو گیا ہوں مگر آپ کو مذاق سوجھ رہا ہے)
عاقبت کے بورئیے سمیٹنا	لالچ کے مارے عرصہ تک جینا۔ (ارے میاں مرنے کے نام سے خفا کیوں ہوتے ہو۔ کیا عاقبت کے بوریئے سمیٹو گے)
عاقبت گندی کرنا	انجام خراب کرنا۔ عاقبت بگاڑنا۔ بے ایمانی کرنا۔ (فقرہ) "تم نے تو اپنی بد اعمالیوں سے میری بھی عاقبت گندی کر دی"

عذاب مول لینا	دیدہ دانستہ مصیبت میں پھنسنا۔
عرش پر دماغ ہونا یا پہنچنا	(فقرہ) "آج کل سوہن کا دماغ عرش پر (پہنچا ہوا ہے) یا (ہے) وہ کسی کو خاطر میں کب لانے لگا۔"
عزت میں بٹّا لگنا	آبرو میں فرق آنا۔ (فقرہ) "بھائی تم نے تو میری عزت میں بٹہ لگا دیا۔"
عقدہ حل ہونا یا عقدہ کھلنا	گرہ کھلنا۔ پیچیدہ بات کھلنا۔ شعر غنچہ پہ کچھ نہیں موقوف عجب فصل ہے یہ گل بہم پہنچے ہے عقدہ ہو کسی طرح حل (سودا)
عقل پر پتھر پڑنا	مت ماری جانا۔ عقل ماری جانا۔ (فقرہ) "وہ تو بے وقوف تھا ہی۔ تمہاری عقل پر بھی تو پتھر پڑ گئے"
عقل پر پتھر پڑ جانا	عقل جاتی رہنا۔ (فقرہ) "تمہاری عقل پر کیا پتھر پڑ گئے۔ کہ جو کام کرتے ہو الٹا ہی کرتے ہو۔"

عقل چرخ ہونا عقل چکرانا	ہوش و حواس گم ہو جانا۔ اوسان خطا ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ (فقرہ) اس سوال کو سوچتے سوچتے میری عقل چرخ ہو گئی"۔
عقل کے طوطے اڑنا	عقل ماری جانا۔ گھبرا جانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔ (فقرہ) "ریلوے انجن کے پرزے دیکھ کر تو میری عقل کے طوطے اڑ گئے"۔
عقل کے گھوڑے دوڑانا	رائے زنی کرنا۔ غور کرنا۔ عقل کا کام میں لانا۔ (فقرہ) "میاں الطاف بھی بیٹھے ہوئے عقل کے گھوڑے دوڑا رہے ہیں"۔
عقل کے ناخن لینا	سمجھ سے کام لینا۔ بے عقلی سے بچنا۔ (فقرہ) "بھائی صاحب ذرا عقل کے ناخن لو۔ اپنی بیوی کو بات بات پر جھڑکنا اور مارنا کوٹنا کہاں لکھا ہے"۔
عمر بھر کی روٹیاں	تمام عمر کے گذارے کے لئے روپیہ

سیدھی کرنا	کما لینا۔ بہت دولت کما لینا۔ (فقرہ) اگر مجھے جرنیلی سڑک کی مرمت کا ٹھیکہ مل گیا۔ تو بس تمام عمر کی روٹیاں سیدھی کر لوں گا"
عمر پٹا لکھا لانا	ہمیشہ زندہ رہنے کا اقرار نامہ لکھا لانا۔ ہمیشگی کا سامان کرنا۔ (فقرہ) "آپ جو روپیہ کو زمین میں گاڑ گاڑ کر رکھتے ہیں۔ تو کیا اللہ میاں سے عمر پٹا لکھا لائے ہیں۔
عید کا چاند ہونا	از حد شوق اور انتظار کے بعد ملنا بہت کم یا کبھی کبھی دکھائی دینا (فقرہ) "اب تو آپ عید کا چاند بن گئے۔ مہینوں سے شکل ہی نظر نہیں آتی"۔
عنقا ہونا	کمیاب ہونا۔ نایاب ہونا۔ قلت ہونا (روزگار عنقا ہو گیا ہے)
عندیہ لینا	رائے معلوم کرنا۔ خیال معلوم کرنا بھید لینا (آخر ان کا عندیہ کیا ہے)
عہد کر لینا	وعدہ کرنا۔ قول اقرار کرنا۔ قسم کھا لینا۔ (جناب اس نے عہد کر لیا ہے۔ کہ اب وہاں نہیں جاؤں گا)

غائب غلہ ہو جانا	جاتا رہنا - پتہ نہ لگنا - (فقرہ) نہیں معلوم ہمارے گھر کا انتظام ایسا کیوں خراب ہو گیا کہ ہر چیز آتے ہی غائب غلہ ہو جاتی ہے -
غرض باولی ہوتی ہے -	مطلب انسان سے سب کچھ کراتا ہے -
غرض کا یار	مطلب کا یار - (فقرہ) دنیا میں ہر شخص غرض کا یار ہے -
غصہ پینا -	غصہ مار لینا - غصہ برداشت کرنا. غم کھانا - (فقرہ) جب غصہ آئے تو اُسے پی جاؤ -
غصہ تھوک دینا	غصہ دور کر دینا - در گذر کرنا. معاف کرنا - (فقرہ) لو اکٹھو روٹی کھا لو اور غصہ

	تھوک دو۔
غصہ ناک پر ہونا۔	ہر وقت غصہ آنا۔ بات بات میں غصہ سے آنا۔ (فقرہ) غصہ تو ہر وقت تمہارے ناک پر رکھا رہتا ہے۔
غضب ڈھانا	از حد ظلم کرنا۔ فساد برپا کرنا۔ نہایت سختی کرنا۔ (فقرہ) چچا صاحب نے آج کل مجھ پر غضب ڈھا رکھا ہے۔
غلام ہونا۔	فرماں بردار ہونا۔ مطیع ہونا۔ (فقرہ) اگر آپ یہ سوال نکال لائیں گے تو میں آپ کا غلام ہو جاؤں گا۔
غم کھانا۔	غم برداشت کرنا۔ دکھ اٹھانا۔ ع گھبراؤ نہ پا کے نامرادی غم کھاؤ جو چاہتے ہو شادی } (گلزار نسیم)
غم غلط کرنا	غم دور کرنا۔ دل بہلانا۔ (وہ پی کر غم غلط کرتے ہیں۔)
غوزیں لڑانا	بیہودہ باتیں کرنا۔ ژٹل ہانکنا۔ (وہ دن بھر بیٹھا غوزیں لڑایا کرتا

	ہے -)
غوطے میں آنا	غش آنا - سکتے میں آ جانا - بے ہوش ہو جانا -
	(وہ یہ بات سن کر ایسے غوطے میں آئے کہ کیا بیان کروں -)

ف

فاختہ اڑانا	مزے اڑانا - عیش و عشرت کرنا - وہ دن گئے کہ جب خلیل خاں فاختہ اڑایا کرتے تھے - علی گڑھ کالج کے بعض خوش طبع طالب علم یہ حرکت کرتے ہیں کہ جب کوئی آدمی سوتا ہے تو اس کے جسم کے کسی حصے پر ذرا سی روئی رکھ کر اسے آگ یا دیاسلائی دکھا کر بھاگ جاتے ہیں - اور وہ آدمی گھبرا کر اور ڈر کر اٹھ بیٹھتا ہے - اس کو فاختہ اڑانا کہتے ہیں -
فراٹے بھرنا	جلد جلد پڑھنا - وہ تو فراٹے

بھرتا چلا جاتا ہے -
(۲) تیز دوڑنا - (وہ گھوڑا تو فراٹے بھرتا ہے -

فرشتے خاں — زبردست - ہیکڑ - (اب اگر تمہارے فرشتے خاں بھی چل کر آئیں تو میں تمہیں نہ جانے دوں -)

فرشتوں کو خبر نہ ہونا - — بالکل خبر نہ ہونا - (اب تو ان کے فرشتے خاں کو بھی خبر نہیں ہو سکتی -)

فرشتوں کے پر جلنا - — جانے کی طاقت نہ ہونا - دخل نہ ہونا - (وہاں تو فرشتوں کے بھی پر جلتے ہیں - زید بے چارے کیا پہنچ سکتے ہیں -)

فرعون بے سامان بننا - — بے حیثیت کے اِترانا - غرور کرنا - (وہ آج کل فرعون بے سامان بنا ہوا ہے)

فرش کر دینا — خوب مارنا - مارتے مارتے سر گنجا کر دینا - زمین برابر کر دینا
دیکھو زیادہ اکڑو گے تو جوتوں کے مارے فرش کر دونگا -

فرنٹ ہونا — سرکش ہو جانا - باغی ہو جانا -

	پھر جانا ۔ (اب وہ مجھ سے فرنٹ ہو گئے ہیں ۔)
فعل لانا فیل بھرنا	جھگڑنا ۔ فساد کرنا ۔ (ذرا اسے سمجھا دینا کہ مجھ سے فعل نہ لائے۔ مچلنا۔ضد کرنا ۔(بچے اتنے فیل نہ بھر)
فقروں میں آنا	باتوں میں آنا ۔ چال میں آنا ۔ (اس کے فقروں میں نہ آ جانا)
فقرہ بتانا ۔ فقرہ تراشنا	دھوکا دینا ۔ من گھڑت کہنا ۔ (واہ خوب فقرہ تراشا)
فیصلہ ٹھیرانا	فیصلہ قرار پانا ۔ (مکان کا فیصلہ دو ہزار میں ٹھیرا ۔)
فی نکالنا ۔	عیب نکالنا ۔ نقص نکالنا ۔ نکتہ چینی کرنا ۔ (تم نے میرے کام میں ہر بار فی نکالی ۔)

ق

قافیہ ملانا ۔	تک بندی کرنا ۔ ایک لفظ کے

	وزن کا دوسرا لفظ لانا۔ خراب شعر لکھنے کو بھی کہتے ہیں۔ (آپ تو بس قافیے ہی ملاتے ہیں مطلب ہو یا نہ ہو)
قائل ہو جانا	مات ہو جانا۔ عاجز ہو جانا۔ مان جانا۔ آخر وہ بھی میری باتوں کے قائل ہو گئے۔
قبالے لے ڈالنا	گھر پر قبضہ کر لینا۔ بار بار آنا۔ میں نے تم سے کتاب کیا لی کہ تم نے تو میرے گھر کے قبالے لے ڈالے۔
قبالہ لکھوانا	مالک بن کر بیٹھ جانا۔ قابض ہونا۔ (فقرہ) کچھ آپنے میری نشست کا قبالہ تو لکھوا ہی نہیں لیا ہے جو صبح سے شام تک جم کر بیٹھے رہتے ہو۔
قبر کے مُردے اُکھاڑنا	دبی دبائی باتوں کو پھر شروع کرنا۔ سوئی راڑ کا جگانا۔ (فقرہ) بھائی صاحب جانے دو

غصہ کو ضبط کرو بار بار قہر کے مردے اُکھاڑنا کونسی دانشمندی ہے۔

قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھنا — مرنے کو تیار رہنا۔ بہت ضعیفی یا بڑھاپے یا سخت مہلک مرض میں مبتلا ہونے پر کسی شخص کے لئے بولتے ہیں۔
(فقرہ) اجی ان کی باتوں کا کیا خیال کرتے ہو۔ وہ تو قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں۔

قتل پر کمر باندھنا۔ — قتل کرنے کو تیار ہونا۔ قتل کا ارادہ کرنا۔
(فقرہ) رام لال نے تو مدت سے میرے قتل پر کمر باندھ رکھی ہے

قتل کا بیڑا اٹھانا۔ — کسی کے قتل کرنے کا عہد کرنا مارنے کی قسم کھانا۔
(فقرہ) لو اب میں نے بھی اُسکے قتل کا بیڑا اٹھا لیا ہے۔

ے

سر بکف شوقِ شہادت میں ہوں کب افکار ہے
قتل کا بیڑا اٹھائے تو وہ تیغِ خوش غلاف (امیر)

قدم اکھڑنا	پیر نہ جمنا - فرار ہو جانا - (فقرہ) جنگ پلاسی میں انگریزی لشکر کے سامنے سراج الدولہ کی فوج کے قدم اکھڑ گئے -
قدم لینا	پاؤں چھونا - قدم بوسی کرنا - تعظیماً پیر چھونا - (فقرہ) پنڈت جی مجھے جہاں رل چلتے ہیں میں ان کے قدم لیتا ہوں -
قدم مار کر چلنا یا قدم بڑھا کر چلنا	قدم بڑھا کر چلنا - تیز چلنا - (فقرہ) میاں اس چال سے منزل پر کب پہنچو گے؟ ذرا قدم مار کر چلو -
قدموں سے لگے رہنا یا لگے پھرنا	ہر وقت ساتھ رہنا - (فقرہ) تم تو ہر وقت میرے قدموں سے ہی لگے رہتے ہو - ایک منٹ کو بھی مجھ سے جدا نہیں ہوتے - (فقرہ) دولت ہر وقت ان کے قدموں سے لگی پھرتی ہے -
قرض کاڑھنا	قرض لینا - اُدھار لینا -

	(فقرہ) اس نے قرض کاڑھ کر بہن کی شادی کی ہے۔
قصائی کے کھونٹے بندھنا۔	قصائی کے حوالے ہونا۔ ظالم کے بس میں آنا۔ (فقرہ) آپ نے اس سنگدل سے اپنی ہمشیرہ کی شادی کیا کی گویا گائے کو قصائی کے کھونٹے سے باندھ دیا۔
قصائی کی گھاس کتّرہ کا کھا جانا	تعجب کی بات ہے۔ کہ زبردست کے مال پر کمزور قابض ہو جائے یا ناممکن ہے کہ زور آور کی چیز کمزور لے۔
قصائی کی نظر دیکھنا۔ قصائی کی نظر سے دیکھنا	دشمن کی طرح دیکھنا۔ قہر کی نگاہ سے دیکھنا۔ ڈانٹنا۔ (فقرہ) تم بہن کو بے شک اچھے سے اچھا کھلاؤ پلاؤ مگر پڑھتے وقت قصائی کی نظر سے دیکھو۔
قسم کھانے کو جگہ رہنا۔	یہ کہاوت ہے یعنی قسم کھا سکیں۔ قسم کا موقع ملے۔ حیلہ بنانے کا موقع باقی رہے۔

قسمت لڑنا	مقدر کا موافق ہونا - طالع کا یاور ہونا - (فقرہ) غلہ کی خرید و فروخت میں اس کی قسمت ایسی لڑی کہ چند ہی سال میں وہ لکھ پتی ہو گیا" -
قسمت کا دھنی	تقدیر کا سکندر - اچھے نصیبے والا - بھاگوان - (فقرہ) تم بھی بڑے قسمت کے دھنی ہو"
قصہ پاک کرنا	جھگڑا طے کرنا - (فقرہ) ارے بھائی اُس کے جتنے پیسے نکلتے ہیں دے دلا کر قصہ پاک کرو - کبھی قتل کر ڈالنے یا مارنے کے موقعہ پر بھی بولتے ہیں - کہ (فقرہ) ترسا ترسا کر نہ مارو ایک دفعہ ہی قصہ پاک کر دو -

	؎ لگا کر تیغ قصہ پاک کیجے دادخواہوں کا کسی کا فیصلہ گر منصفی سے ہو نہیں سکتا [illegible]
قصہ تمام کرنا	کہانی پوری کرنا ۔ کام تمام کرنا ۔ (فقرہ) دوہرا دوہرا کر بات مت کہو جلد قصہ تمام کرو کبھی پاپ کاٹنے کے موقع پر بھی بولتے ہیں مثلاً (فقرہ) اگر میں آپ کی نظر میں کھٹکتا ہوں تو لیجئے میں بھی زہر کھا کر اپنا قصہ تمام کرتا ہوں ۔
قِصّہ چُکانا	فیصلہ کر دینا ۔ (فقرہ) اس کی تمام چیزیں واپس لوٹا کر قِصّہ چکاؤ ۔
قصہ کھڑا کرنا	فساد پیدا کرنا ۔ (فقرہ) ہمارے دل میں کدورت بالکل نہیں تھی ۔ آپ نے اِدھر اُدھر کی ملا کر ایک عجیب قصہ کھڑا کر دیا ۔

قضا سر پر کھیلنا۔	موت قریب آنا۔ (فقرہ) کیا تمہارے سر پر قضا کھیل رہی ہے جو زنانے محل میں سیدھے چلے آئے۔
قضا ہونا۔	ٹوٹ جانا۔ نماز کا وقت پر نہ پڑھنا۔ مر جانا۔ (فقرہ) علالت جسمانی کے سبب سے اب کے رمضان میں والد صاحب کے تین روزے قضا ہو گئے۔
قلعی کھل جانا	اصلی حالت نظر آنا۔ بناوٹی بات کا ظاہر ہو جانا۔ (فقرہ) تم نے تو مجھ سے اس معاملہ کو بہت چھپانا چاہا۔ مگر آخرکار قلعی کھل ہی گئی۔
قلم قصائی	وہ شخص جو قلم سے حکم لکھ کر غریبوں پر ظلم کرے۔ (فقرہ) اس ضلع کا جج بڑا قلم قصائی ہے۔

قول ہارنا — بچن ہارنا - زبان دینا - پختہ وعدہ کرنا -
(فقرہ) اچھا قول ہارو کہ کبھی تم سے الگ نہ ہوں گا -

قیامت اٹھانا یا قیامت برپا کرنا — آفت برپا کرنا - شور و شر کرنا - رَول مچانا -
(فقرہ) رامانند نے دو گھنٹے سے قیامت اٹھا رکھی ہے -

قیامت پر قیامت لانا یا ڈھانا — ظلم پر ظلم کرنا -
(فقرہ) کیا آپ اپنے والد صاحب کے ماتم میں جان کھو کر اب گھر کے لوگوں پر قیامت پر قیامت لانا چاہتے ہو -

ک

کاٹ کھانے کو دوڑنا — سخت جواب دینا - بد مزاجی کرنا - بد مزاجی دکھانا -
(فقرہ) آپ تو بات بات پہ

کاٹ کھانے کو دوڑتے ہیں۔

کاٹ پھانس کرنا — کسی کے روپیہ میں کچھ رکھ لینا۔ غبن کرنا۔ بددیانتی کرنا (فقرہ) "آپ میری تنخواہ میں سے کچھ کاٹ پھانس نہ کریں مجھے جو دینا ہوگا اپنے ہاتھ سے دونگا۔ بھانجی مارنا۔ برائی کرنا۔ (آپ کی کاٹ پھانس کرنے سے کیا ہوتا ہے۔)

کاٹ کرنا۔ — کاٹ ڈالنا۔ زخمی کرنا۔ گھائل کرنا۔
(یہ تلوار کاٹ بہت کم کرتی ہے)
(۲) توڑ کرنا۔ جواب دینا۔ (گو میری چال بہت عمدہ تھی مگر اُس نے ایسی کاٹ کی کہ میں دیکھتا رہ گیا۔)
(۳) اثر کرنا۔ اُسکی بات میرے دل پر کاٹ کر گئی۔
(۴) پانی کا راستہ بنا کر نکل جانا۔ دیکھو پانی نے تین جگہ سے کاٹ کیا ہے۔

کاٹو تو خون نہیں کاٹو تو لہو نہیں	بہت ڈرنا ۔ ڈر کے مارے بدن کا خون خشک ہو گیا ۔ یہ سن کر اُس کا یہ حال ہُوا کہ کاٹو تو بدن میں لہو نہیں ۔
کاٹھ کا اُلو	احمق ۔ بے وقوف ۔ وہ تو بڑا کاٹھ کا اُلو ہے ۔
کاٹے کھانا	بہت بُرا معلوم ہونا ۔ کاٹے کھاتا ہے باغ بن تیرے گل ہیں نظر نہیں داغ بن تیرے (شعر)
کاغذ کے گھوڑے دوڑانا ۔	خط و کتابت بکثرت کرنا ۔ زیادہ خط بھیجنا ۔ کاغذ کے گھوڑے دوڑانے سے کام نہیں چلے گا ۔
کارستانی دکھانا	اُستادی دکھانا ۔ ہُنر دکھانا (اجی اپنی کارستانی کیا دکھاتے ہو ۔ وہ آپ سے بہت زیادہ چالاک ہے ۔)
کاگا رول مچانا	شور و غل کرنا ۔ چیخ چیخ کرنا ۔ (مہمانوں نے ایسی کاگا رول مچا رکھی ہے ۔ کہ کان پڑی

کال کر جانا	آواز سُنائی نہیں دیتی ہے) مر جانا۔ (پتا کال کر گئے)
کالے تل چابنا	کالا دلوں کھانا۔ بُرے اعمال کی سزا بھگتنا۔ اپنے کئے کو بھوگنا۔ احسان اُٹھانا۔ دبا ہؤا ہونا۔ غلام ہونا۔ (کیا میں نے تمہارے کالے تل چابے ہیں۔ جو تمام عُمر کما کما کر کھلاؤں)
کام آنا	کاروبار کھلنا۔ چلتی ہونا۔ اب خاصہ کام آ رہا ہے۔ (۲) برتاؤ یا استعمال میں آنا۔ کام دینا۔ خدمت گذاری "بُری اولاد کس کے کام آتی ہے"۔ (۳) خرچ ہو جانا (تمام کاغذ کام میں آ گیا) (۴) کار آمد۔ مفید۔ (وقت پہ کھوٹا پیسہ بھی کام آ جاتا ہے (۵) لڑائی میں مارا جانا۔ (وہ جنگ میں کام آئے)

کافور ہونا	چلتا بننا - رفو چکر ہونا - تیزی سے چلا جانا - بھاگ جانا (فقرہ) "شنکر کبھی کا مدرسہ سے کافور ہو گیا -
کالے کوسوں	بہت دور - مدت کی راہ - (فقرہ) "میں آپ سے اس وجہ سے نہیں مل سکا کہ آپ کا گاؤں ریلوے سٹیشن سے ۵۰ میل کے فاصلہ پر واقع ہے - اور سڑک بھی کچی ہے - ایسے کالے کوسوں کی منزل کون طے کرے -
کام آخر ہونا	کام پورا ہونا - دم نکلنا - قریب المرگ ہونا - (فقرہ) "اجی اب دادی صاحبہ میں کیا رکھا ہے - اُن کا تو کام آخر ہو گیا - ع کام ہی ہو گیا اُمیدِ شفا میں آخر -
کام آنا	مطلب میں مفید ثابت ہونا سکار بتھ لگنا - کار آمد ہونا -

فقرہ " جو آڑے وقت میں اپنے کام نہ آیا۔ وہ دوست کیسا ہے"

کام پڑنا۔ واسطہ پڑنا۔
(فقرہ) انسان کو انسان سے ہزار دفعہ کام پڑتا ہے۔"

کام تمام کرنا کام پورا کرنا۔ خاتمہ کرنا۔
ع
محنتیں صبح وشام کرتے حریص
کام اپنا تمام کرتے حریص

کام تمام ہونا کام پورا ہونا۔ جہان سے گزرنا مرنا۔ ہلاک ہونا۔
(فقرہ) "بیچارہ کا سنجار بنجار میں کام تمام ہو گیا"

کام چلاؤ۔ کام چلانے کے قابل۔ ضرورت رفع کرنے کے قابل۔ زیادہ اچھا نہیں۔
(فقرہ) "ابھی تو تمہارا یہ کوٹ کام چلاؤ ہے۔ فضول دوسرا کوٹ کیوں سلاتے ہو۔

کام سے کام رکھنا اپنے مطلب یا کام سے کام

	رکھیں - دوسروں کا خیال چھوڑ دیں “
کان بجنا	بغیر آواز دیے یا بلائے ہی بول اٹھنا - یونہی آواز آنا - (فقرہ) ”کیا آپ کے کان بجتے ہیں - جو بغیر بلائے بولنے لگتے ہو - “
کان بھرنا	کسی کی طرف سے جھوٹی سچی بات لا کر بد گمانی پیدا کرنا یا فرق ڈالنا - (فقرہ) ”شاید کسی نے آپ کے کان بھرے ہیں - جو غصّہ سے لال پیلے ہو رہے ہو “
کان پر جُوں نہ چلنا	کوئی بات یا نصیحت سُن کر اُس پر عمل نہ کرنا - کہا نہ ماننا - (فقرہ) ”حمید کو لاکھ بار سمجھایا مگر اُس کے کان پر جُوں نہ چلی “
کان پہ ہاتھ رکھنا یا دھرنا	قطعی انکار کرنا - بالکل انجان بن جانا

	(فقرہ) "جب میں نے سوہن سے شیشہ ٹوٹنے کا حال پوچھا تو وہ صاف کان پر ہاتھ رکھ کر قسم کھا گیا۔"
کان پڑی آواز سنائی نہ دینا	شور و غل کے سبب سے کوئی بات سمجھ میں نہ آنا۔ شور و غل مچنا۔ (فقرہ) "بچوں نے ایسا شور و غل مچا رکھا ہے۔ کہ کان پڑی آواز سُنائی نہیں دیتی۔"
کان دبا کر چلا جانا	چُپ چاپ چلا جانا۔ (فقرہ) "جب میں نے بشیر کو ڈانٹا تو سیدھا کان دبا کر چلا گیا۔"
کان کاٹنا یا کان کترنا۔	بڑھ جانا۔ بازی لے جانا۔ سبقت لے جانا۔ (فقرہ) "اب تو موتی بڑے بڑے عالموں کے کان کاٹتا ہے یا کترتا ہے۔"
کان کا کچا ہونا کانوں کا کچا ہونا	بلا تحقیقات کئے کسی کے کہنے سے کسی طرف سے بد ظن ہو جانا۔ بغیر پوچھے گچھے ہی اِدھر

	اُدھر سے سُن سنا کر بات کا یقین کر لینا۔
کان کھڑے ہونا	چونکنا - ہوشیار ہونا - خبردار ہو جانا - خوف کھانا - سہمنا - (فقرہ) جب میں نے چھُپ کر سنا کہ والدہ صاحبہ نے میری شکایت والد صاحب سے کر دی تو میرے کان فوراً کھڑے ہو گئے -
کان کھول دینا	آگاہ کر دینا - خبردار کر دینا۔ (فقرہ) جاؤ رام پرشاد کے کان کھول دو - کہ اگر اب سے بعد کبھی بچہ کو جھڑکا یا مارا تو مار کھاؤ گے -
کان گُنگ ہونا	کان میں ہر وقت کسی کیفیت کی آواز سنائی دینا - کان بہرہ ہونا - (فقرہ) نقارچی نے اس زور سے نقارہ بجایا کہ سب لوگوں کے کان گنگ ہو گئے -
کان لگانا	دھیان دینا - توجہ کرنا -

	(فقرہ) کان لگا کر میری بات سنو تو میں کہوں ۔
کان میں تیل ڈالنا یا کان میں روئی دینا	خاموشی اختیار کر لینا ۔ اپنے آپ کو بہرہ بنا لینا ۔ چپ سادھنا ۔
	(فقرہ) دیکھو حامد پر گالیوں کی بوچھار ہو رہی ہے ۔ مگر اس طرح سن رہا ہے ۔ جیسے کان میں تیل ڈالا ہو ۔ سے سوز پروانہ یوں سنے ہے چراغ کان میں جیسے تیل ڈالا ہے
کانٹا سا آنکھوں میں کھٹکنا	بُرا معلوم ہونا ۔ (فقرہ) حمید نے جب سے میرا کہنا نہیں مانا ۔ میری آنکھوں میں کانٹا سا کھٹکتا ہے ۔
کانٹا سا کھٹکنا	ناگوار گذرنا ۔ بُرا لگنا ۔ (فقرہ) " آپ کی یہ چغلی کی باتیں میرے دل میں کانٹا سا کھٹکتی ہیں ۔
کانٹا سا نکل جانا	چین پڑ جانا ۔ تکلیف سے

	رہائی پانا۔
کانٹوں پر کھینچنا	مر رہتے جو گُل بن تو سارا یہ خلل جاتا نکلا ہی نہ دم ورنہ کانٹا سا نکل جاتا} میر تکلیف پانا سزا پانا۔ آزار پہنچنا۔
کانٹوں پر گھسیٹنا یا کانٹوں میں گھسیٹنا یا کھینچنا	۵ جلی ہیں دھوپ میں شکلیں جو ماہتاب کی تھیں کھنچی ہیں کانٹوں پہ جو پتیاں گلاب کی تھیں} حد سے زیادہ تعریف کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ (فقرہ) "آپ اس قدر میری تعریف کر کے مجھے کانٹوں پر کیوں گھسیٹتے ہو۔
کانٹے بونا	کسی کے حق میں برائی کرنا۔ بدی کرنا۔ (فقرہ) آپ نے خود اپنے حق میں کانٹے بوئے ہیں۔
کانوں کان خبر نہ ہونا۔	کسی کو بالکل ہی خبر نہ ہونا۔ (فقرہ) "دیکھو یہ بھید اپنے دل میں چھپائے رکھنا۔ کسی

کترا کر جانا	کو کانوں کان خبر نہ ہو۔ رستے سے بچ کر جانا۔ دیکھ کر الگ ہٹ کر چلنا۔ (فقرہ) تم جوتی سے پیا کرو کیں لئے اس سے کترا کر جایا کرتے ہو۔
کترنی سی زبان کا چلنا	زبان قینچی کی طرح جلد جلد چلنا۔ (فقرہ) "تمہاری زبان تو کترنی سی چلتی رہتی ہے کچھ دیر چپ بیٹھے رہا کرو۔"
کتے کو گھی نہیں پچتا	کتے کو گھی ہضم نہیں ہوتا۔ کمینے کو دولت مل جائے تو وہ مغرور ہو جاتا ہے
کتے خستی کرنا	بہت گھٹیا یا ذلیل نوکری کرنا۔ بے فائدہ کام کرنا (فقرہ) "بھائی صاحب کوئی اچھا روزگار تلاش کرو۔ کتے خسی سے کیا فائدہ

محاورہ	معنی
	ہے۔
کتے کی موت مرنا	از حد ذلت اور تکلیف سے مرنا۔ (فقرہ) "بہادر دشمن کو جوہر مردانگی دکھا کر مرو۔ کتے کی موت مرنے سے کیا فائدہ ہے۔
کٹ کٹ کے مرنا	آپس میں لڑ کر مرنا۔ (فقرہ) پدمنی کے ستی ہونے کے بعد تمام راجپوتوں نے قلعے کا دروازہ کھول دیا۔ اور دشمن کی فوج سے لڑ کر ایک ایک کٹ کٹ کر مر گیا۔
کچھ کا کچھ ہو جانا	بالکل بدل جانا۔ حالت تبدیل ہو جانا۔ (فقرہ) شریف احمد اوّل ۲۰ روپیہ پر نوکر ہوا مگر تھوڑی ہی مدت میں

محاورہ	معنی
	ترقی کرتے کرتے کچھ کا کچھ ہو گیا۔
کچھ کھو کر سیکھنا	نقصان اُٹھا کر تجربہ حاصل کرنا۔ (فقرہ) "انسان کچھ کھو کر ہی سیکھتا ہے۔ یا انسان ٹھوکریں کھا کر ہی سیدھا ہوتا ہے۔"
کچے گھڑے پانی بھرنا	سخت تکلیف اُٹھانا۔ (فقرہ) "اس قدر مت گھبراؤ ابھی تو آپ کو کچے گھڑے پانی بھرنا ہے۔" کبھی یہ محاورہ شرط کی نسبت بھی بولتے ہیں۔ مثلاً۔ (فقرہ) "اگر وہ آ جائیں تو میں کچے گھڑے پانی بھر دوں!!"
کرکری ہونا	عزت بگڑنا۔ ذلت ہونا۔ (فقرہ) دیکھو جوان بھائی ہے گالیاں مت دیا کرو۔ اگر

	اس نے اُلٹی سُنا دی تو میاں کی کِر کِری ہو جائے گی۔
کروٹ لینا	پہلو بدلنا۔ رُخ بدلنا۔ مُنہ پھیرنا۔
	۵۔ جہاں سے لیتے ہیں کروٹ عدم کو چلتے ہیں ہم اب تو اپنا مکان اور ہی بدلتے ہیں
کروٹ نہ لینا	بے خبر رہنا۔ غفلتی یاد نہ کرنا۔ (فقرہ) محمود ایسی گہری نیند سوتے ہیں۔ کہ خواہ کچھ ہی ہو جائے۔ مجال کیا کہ کروٹ تک لے جائیں۔
کروٹیں بدلنا	بار بار کروٹیں لینا۔ بے چین رہنا۔ تڑپنا ۵۔ خیال خواب کہاں سوزِ غم سے جلتے ہیں تمام رات پڑے کروٹیں بدلتے ہیں ۵۔ کباب سیخ ہیں ہم کروٹیں ہر سو بدلتے ہیں جو جل اٹھتا ہے یہ پہلو تو وہ پہلو بدلتے ہیں

کروڑ کی ایک	وہ بات جو کروڑ باتوں کا خلاصہ ہو۔ پکی بات۔ عمدہ بات۔ ع بات سن پائیں گر کروڑ کی ایک کہدیں لاکھوں میں ہم کروڑ کی ایک فقرہ۔ بس تم نے کروڑ کی ایک کہی ہے۔
کڑاکے کا جاڑا پڑنا	سخت جاڑہ پڑنا۔ (فقرہ) "اب کے کڑاکے کا جاڑہ پڑ رہا ہے۔"
کڑھی کا سا اُبال	جلد اُتر جانے والا غصہ۔ (فقرہ) "میاں اُن کا غصہ تو کڑھی کا سا اُبال ہے۔"
کس باغ کا بتھوا ہے۔ کس باغ کی مولی ہے	بے حقیقت ہے۔ کسی شمار میں نہیں۔ (فقرہ) جب میں نے اپنے حقیقی بھائی کی رعایت نہیں کی تو تم کس باغ کے بتھوے ہو۔ یا (کس باغ کی مولی ہو۔

کس برتے پر تتا پانی	یہ کہاوت ہے۔یعنی کس حوصلہ پر اتنی شیخی بگھارتے ہو۔
کس چکّی کا پسا کھایا ہے	یعنی ایسے موٹے جو ہو گئے ہو تو یہ تاثیر کس چکّی کے پسے ہوئے آٹے کی ہے۔کس کے نازو نعمت میں پلے ہو۔ (فقرہ) خدا معلوم تم نے کس چکّی کا پِسا کھایا ہے جو کپا سے پھول گئے ہو۔
کس درد کی دوا ہے	کس کام کا ہے۔ (فقرہ) تم شنکر کو بار بار کیوں بلاتے ہو وہ کس درد کی دوا ہے۔
کس گنتی میں ہے	کس شمار میں ہے۔کون پوچھتا ہے کہ کون ہے کچھ عزت نہیں۔ (فقرہ) واہ آپ نے شریف احمد کی اچھی کہی وہ بیچارہ کس گنتی میں ہے۔
کِس کِس دُکھ کو روئیں۔	کیا کیا مصیبتیں بیان کریں۔کون کون سی تکلیف بتلائیں۔ (فقرہ) بھائی صاحب آپ کے سامنے کِس کِس دکھ کو روئیں۔بس چپ ہی بھلی ہے
کس کھیت کا بتھوا ہے	(دیکھو کس باغ کا بتھوا ہے)
کس کی ماں کو ماں کہتی	کس کو دردمند بنا کر مصیبت بیان کی جاتی۔عورتیں عموماً یہ محاورہ بولتی ہیں۔خصوصاً

	ایسے موقعہ پر کہ جب کسی سبب سے بچہ ہلاک ہوتے ہوتے بچ جائے۔ مثلاً (فقرہ) اگر ننھا کوٹھے سے گر جاتا تو میں کس کی ماں کو ماں کہتی۔
کسی پر بھولے پھرنا	دوسرے کے بھروسے یا بھروسہ پر رہنا۔ (فقرہ) "آپ کسی پر بھولے نہ پھریں مصیبت میں کوئی ساتھ نہیں دیتا"۔
کسی چیز پر لات مارنا	کسی چیز کو چھوڑ دینا۔ کسی چیز کو ٹھکرانا۔ (فقرہ) "کھیر کھانڈ کی تھالی میں لات مارنے سے انسان ٹکڑہ ٹکڑہ کو محتاج ہو جاتا ہے"
کسی چیز کو بالائے طاق رکھنا۔	کسی چیز کو الگ رکھ دینا۔ علیحدہ اٹھا کر رکھ دینا۔ (فقرہ) تم نے تو ابھی سے کتاب بالائے طاق رکھ دی"
کسی کا کچھ نہیں چلنا	کسی کی پیش نہیں جاتی۔ (ع) کسی کا کچھ نہیں چلتا ہے جب تقدیر پھرتی ہے"۔
کسی کا گھر جلے کوئی تاپے	یہ کہاوت ہے۔ کسی کا نقصان ہو اور کوئی خوشی منائے۔
کسی کا ہو رہنا	کسی کا غلام یا فرمانبردار ہو رہنا۔ (فقرہ) انسان کو چاہئے کہ کسی کا ہو رہے"

محاورہ	معنی
کسی کی آگ میں پڑنا۔	دوسرے کی آفت و مصیبت اپنے سر لینا۔ دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہونا۔ (فقرہ) اپنے کام سے کام رکھو دوسرے کی آگ میں آج کل پڑنے کا زمانہ نہیں ہے"
کسی کے آگے کان پکڑنا۔	کسی کو اپنا استاد ماننا۔ کسی کو سب سے بڑھ کر عالم ماننا۔ (فقرہ) ہمارے پنڈت جی کے سامنے ہر ایک عالم کان پکڑتا ہے۔
کسی کی بات اونچی ہونا۔	کسی کی بات کا دنیا میں عزت پانا۔ سہ ترا اوصاف بالا ہے جو اپنا بول بالا ہے کبھی بات اپنی بات پر اونچی نہیں ہوتی (ظفر)
کسی کی بات پر جانا۔	کسی کی بات کا خیال کرنا۔ (فقرہ) آپ موتی کی بات پر نہ جانا۔ وہ تو دغا باز آدمی ہے"۔
کسی کے پالے پڑنا	کسی کے قابو میں آنا۔ کسی سے واسطہ پڑنا سہ اس اسیری کے نہ کوئی اے صبا پالے پڑے یک نظر گل دیکھنے کے بھی نہیں لالے پڑے (مصحفی)
کسی کے ٹکڑوں پر پڑنا یا پڑے رہنا۔	کسی کی کمائی پر گزارہ کرنا۔ مفت کی روٹیاں کھانا۔ (فقرہ) کسی کے ٹکڑوں پر پڑنا بے حیا۔

	اور بے غیرت آدمی کا کام ہے"۔
کسی کے حق میں کانٹے بونا۔	کسی کے واسطے برائی کرنا۔ کسی کی طرف سے کسی کے دل میں برے خیالات بٹھانا۔ (فقرہ) "آپ بچے کو ہر روز بازار کی چاٹ نہیں کھلاتے ہیں بلکہ اس کے حق میں کانٹے بوتے ہیں"۔
کسی کے خون کا پیاسا ہونا	کسی کی جان کا دشمن ہونا۔ کسی کے قتل کرنے کے پیچھے پڑنا۔ (فقرہ) آج کل خود ہمارے چچا صاحب ہمارے خون کے پیاسے ہیں۔
کسی کے دل میں جگہ پانا۔	کسی کے دل میں بیٹھنا۔ کسی کی نگاہوں میں عزت پانا۔ (فقرہ) "چھمن نے اپنی لیاقت سے میرے دل میں جگہ پائی ہے"۔
کسی کی مٹی خراب ہونا	کسی کی بربادی ہونا یا بے قدری ہونا (فقرہ) تم لوگوں کے ساتھ رہ کر میری مٹی خراب ہوگئی۔
کسی کے منہ لگنا کسی کے منہ چڑھنا	کسی سے دو بدو بات کرنا۔ ہمکلام ہونا۔ باتوں میں برابری کرنا۔ (فقرہ) آپ تانگ والے سے ناحق جھگڑ رہے ہیں۔ صبح صبح ان ذلیل لوگوں کے

	منہ لگنا ٹھیک نہیں ہے"۔
کسی کے نام کا گڈا بنانا۔	کسی کو رُسوا - ذلیل یا بدنام کرنا۔ (فقرہ) آخر میں نے تمہارا کیا بگاڑا ہے جو تم نے میرے نام کا گڈا بنا کر کھڑا کر دیا۔
کسی کے ہاتھوں سے تنگ آنا	کسی سے حد درجہ مجبور یا دِق ہونا۔ (فقرہ) میں آپ کے ہاتھوں سے تنگ آ گیا ہوں
کعبہ کی طرف ہاتھ اُٹھانا۔	کعبہ کی قسم کھانا۔ (فقرہ) اگر تم نے میرے روپیہ نہیں چرائے تو کعبہ کی طرف ہاتھ اُٹھاؤ"
کفِ افسوس ملنا	نہایت ہی افسوس کرنا - حد درجہ پچھتانا۔ (فقرہ) وہ اپنی نادانی پر بار بار کفِ افسوس ملتے ہیں"۔
کفر توڑنا	بے دین کو دین میں لانا - ضد توڑنا۔
	س لائے اس بُت کو التجا کر کے کفر توڑا خدا خدا کر کے (نسیم)
کفن پھاڑ کر بولنا۔	خوفناک آواز سے بولنا - اس طرح بولنا کہ دوسرا ڈر جائے۔ (فقرہ) "تمہارا چیخنا - چلّانا گویا کفن پھاڑ کر بولنا ہے"۔

۵

پیر ہو کر جو ہوا شیخ مرید اطفال
مُردے سب بولے کفن پھاڑ قیامت آئی (مصحفی)

کفن چور / کفن کھسوٹ
وہ چور جو قبر کھود کر مُردے کا کفن چرایا کرتا ہے۔ ظالم۔ بے رحم۔
(فقرہ) "آپ اس سے کیا امید رکھتے ہیں وہ تو خود کفن کھسوٹ ہے"۔

کفن سر سے باندھنا
جان خطرہ میں ڈالنا۔ موت کا سامنا کرنا۔
(فقرہ) "اگر ہمارے مزدوروں کو دیوار بنانے سے روکنے آتے ہو تو سر سے کفن باندھ کر آنا"

کفن کاٹھی کرنا
تجہیز و تکفین کرنا۔
(فقرہ) میرے پاس کل بیس روپے تھے۔ سو محمود کی کفن کاٹھی کرنے میں خرچ ہو گئے۔

کفن کو کوڑی نہ ہونا
حد درجہ غریب اور قلاش۔
(فقرہ) "وہ اتنا تنگدست ہے کہ بیچارے کے پاس کفن کو کوڑی نہیں"۔

کفن کو لگے
اپنے پاس کچھ نہ ہونے کی قسم۔ کفن کے کام آئے۔
(فقرہ) "اگر میرے پاس دس روپیہ بھی ہوں تو کفن کو لگیں۔

محاورہ	معنی
ککڑی کھیرا کرنا -	بیدردی سے کوسنا یا گالی دینا۔ (فقرہ) میں ایسے رہنے سے باز آیا - آپ نے تو میرے بچوں کو ککڑی کھیرا کر رکھا ہے۔
کل موہنا	بدبخت - (فقرہ) "میں جس دن صبح اُٹھ کر اس کل موہنے کا منہ دیکھ لیتا ہوں - شام تک ٹکڑا بھی نصیب نہیں ہوتا" -
کل مروڑنا یا کل پھیرنا	طبیعت یا دل کو پھیر دینا - (فقرہ) موہن نے سوہن کی ایسی کل مروڑی کہ اس کی طبیعت میری طرف سے قطعی پھر گئی -
کل نہ آنا کل نہ پڑنا	آرام نہ ملنا - چین نہ پڑنا (فقرہ) درد کی زیادتی سے مجھے تمام رات کل نہ آئی یا (پڑی) - ؎ میں وہ قلبِ مضطرب ہوں جسے کل سے کل نہ آئے وہ نہالِ بے ثمر ہوں جو پھلوں تو پھل نہ آئے
کل ہاتھ میں ہونا	کسی دل پر یا طبیعت پر اختیار اور قابو ہونا (فقرہ) ان کی کل تو میرے ہاتھ میں ہے میں خود اُنہیں منا لونگا -
کل آنا - یا (پڑنا)	چین آنا - آرام پانا -

	(ع) "کل سے بیکل ہوں مجھے کل آجتک آئی نہیں"
کل کی بات ہے	تھوڑے دنوں کی بات یا ذکر ہے۔
	(فقرہ) ایک پیر مرد نے فرمایا کہ غدر کا واقعہ ہمارے نزدیک کل کی بات ہے۔
کل کل کرنا	آج کل کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ ٹالنا۔
	(فقرہ) "بھائی صاحب روپیہ تو آپ کو دینا ہی پڑیگا۔ پھر کل کل کرنے سے کیا فائدہ"۔
کُل بکھانا	خاندان میں عیب نکالنا۔ کسی کے بڑوں میں بُرائی نکالنا۔
	(فقرہ) میں نے تو اُسے نصیحت کی بات کہی تھی اس کم سمجھ نے بُرا مان کر میرا کل بکھان ڈالا۔
کلام کرنا	بات چیت کرنا۔ گفتگو کرنا۔ بحث کرنا۔ جھگڑنا۔
	(فقرہ) اب آیندہ مجھ سے کلام نہ کرنا ورنہ اچھا نہ ہوگا۔
کِل کِل کرنا۔	کان کھانا۔ دماغ پریشان کرنا۔
	(فقرہ) تمھاری کِل کِل سے میرا دم ناک میں آگیا"۔
کلنک کا ٹیکا لگنا	بدنامی کا دھبا لگنا۔ عیب لگنا۔ الزام لگنا۔

	(فقرہ) "یہ کلنک کا ٹیکا میرے ماتھے پر بے قصور ہی لگ گیا"۔ (۲) "تم مجھے ناحق کلنک کا ٹیکا لگاتے ہو"۔
کلھیا میں گڑ پھوڑنا۔	کوئی کام پوشیدگی میں کرنا۔ چھپ چھپا کر کام کرنا۔ (فقرہ) جو کام کرو مشورہ لے کر کیا کرو کلھیا میں گڑ نہ پھوڑا کرو۔
کلیجہ پتھر کا ہو جانا۔	دل کا نہایت سخت اور بے رحم ہو جانا۔ (فقرہ) "رنج سہتے سہتے میرا کلیجہ پتھر کا ہو گیا ہے"۔
کلیجہ پکڑ کر رہ جانا	تڑپ کر رہ جانا۔ (فقرہ) جب باغیوں نے اس عورت کے روبرو اس کا معصوم بچہ قتل کیا تو وہ بیچاری کلیجہ پکڑ کر رہ گئی"۔
کلیجہ پکڑے ہوئے آنا۔	بےچینی سے گھبرائے ہوئے آنا۔ (فقرہ) "جب کوتوال نے قتل کے معاملہ کی تفتیش میں مجھے بلایا تو میں کلیجہ پکڑے تھانہ تک آیا"۔
کلیجہ پھٹنا۔	مصیبت نہ دیکھ سکنا۔ مصیبت دیکھ کر تاب نہ لانا۔ (فقرہ) جب دُشاشن دروپدی کے بال پکڑ

	کر اُسے کورو کے دربار میں لایا - تو دیکھنے والوں کا کلیجہ پھٹنے لگا یا (پھٹتا تھا)
کلیجہ تھام کے رہ جانا -	دل پکڑ کر رہ جانا - بے چین ہو جانا - (فقرہ) جب سلطان احمد کو پھانسی پر لٹکایا گیا تو میں کلیجہ تھام کر رہ گیا"-
کلیجہ ٹھنڈا ہونا	دل خوش ہونا - دل کو آرام ملنا - (فقرہ) جب میرے بھائی کے قاتل کو پھانسی ملیگی تب میرا کلیجہ ٹھنڈا ہوگا"-
کلیجہ چھلنی ہونا -	کسی کے طعنوں کی برداشت نہ رہنا - بولیاں سُنتے سُنتے تنگ آجانا"- (فقرہ) تمہاری بولیوں سے میرا کلیجہ چھلنی ہوگیا"-
کلیجہ دھڑکنا	دل کانپنا - خوف پیدا ہونا - (فقرہ) اس خوفناک جنگل میں رات کو سفر کرتے میرا کلیجہ دھڑکتا ہے -
کلیجہ کاڑھ کے دینا	جان نکال دینا - کسی کو نہایت ہی عزیز چیز دیدینا - مال سپرد کرنا - (فقرہ) "میں نے تو اپنا کلیجہ آپ کو نکال کر دیدیا - اب اس سے زیادہ روپیہ میرے پاس نہیں ہے"-
کلیجہ کاڑھ لینا	کسی کا روپیہ زبردستی لے لینا - دوسرے کا

	مال مارنا۔ (فقرہ) "گوبند! تو نے میرا روپیہ نہیں مارا بلکہ میرا کلیجہ کاڑھ لیا"۔
کلیجہ ملنا۔	دل مسوسنا۔ دل کو تکلیف پہنچانا۔ (فقرہ) "جب سے میری بیوی کا انتقال ہوا ہے۔ اس وقت سے مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ گویا کوئی دل میں بیٹھا ہوا کلیجہ ملتا ہے"۔
کلیجہ منہ کو آنا۔	گھبرانا۔ جی اکتانا۔ کلیجہ الٹنا۔ از حد تکلیف ہونا۔ بے حد صدمہ ہونا۔ (فقرہ) "مدت سے بیکار بیٹھے بیٹھے دل گھبرانا اور کلیجہ منہ کو آتا ہے"۔ س میرا دل رنج و غم سے ہے بہت جس وقت گھبراتا تو یہ احوال ہوتا ہے کلیجہ منہ کو آتا ہے } ظفر
کلیجے پر چھری سی چل جانا۔	دل پر چوٹ سی لگنی۔ دل کو دکھ پہنچنا۔ (فقرہ) "آپ کے طعنوں سے میرے کلیجے پر چھری سی چل گئی"۔
کلیجے سے لگالینا۔	گلے سے لگالینا۔ محبت کی زیادتی سے چھاتی سے چمٹا لینا۔ (فقرہ) جب چارپائی کے تلے سانپ نظر آیا تو

میں نے دوڑ کر سب سے پہلے اپنے ننھے بچے کو کلیجہ سے لگا لیا"۔
(۲) "جب میں دو ہفتہ بعد دسہرہ کی تعطیلات میں اپنے گھر گیا تو میری والدہ نے مجھے دیکھتے ہی کلیجے سے لگا لیا"۔

کلیجے سے لگائے رہنا۔ دم کے ساتھ رکھنا۔ اپنے سے جدا نہ ہونے دینا۔
(فقرہ) "میرے عزیز بھائی! والد صاحب تو اب زندہ ہو نہیں سکتے۔ گھبراؤ مت جب تک میرے دم میں دم ہے تم کو کلیجے سے لگائے رکھونگا"۔

کلیجے میں آگ لگنا سخت پیاس لگنا۔ کلیجہ بیقرار ہونا۔ سخت تکلیف ہونا۔
(فقرہ) اس دوا کو پی کر تو میرے کلیجے میں آگ لگ گئی"۔

کم خرچ بالانشین۔ قیمت میں کم ہو مگر عمدہ۔

کمال کرنا۔ کوئی عجیب یا حیرت انگیز کام کرنا۔ کاریگری یا اُستادی دکھانا۔
(فقرہ) "تم نے تو تصویر بنانے میں کمال کیا ہے"۔

کمر باندھنا۔	کمر ہیں پٹی لگانا۔ سفر کو تیار ہونا۔ ؎ کمر باندھے ہوئے چلنے کو یاں سب یار بیٹھے ہیں بہت آگے گئے باقی جو ہیں تیار بیٹھے ہیں (میر)
کمر توڑنا	ہمت توڑنا۔ بددل کرانا۔ ہمت ہرانا۔ ناتواں کرنا۔ (فقرہ) اُس بوجھ نے تو سفر میں میری کمر توڑ دی"۔ (۲) بھائی صاحب کے انتقال نے میری کمر توڑ دی"۔
کمر ٹوٹ جانا۔	ہمت ٹوٹ جانا۔ نا اُمید ہو جانا۔ (فقرہ) "مقدمہ کے ہارنے سے میری کمر ٹوٹ گئی"۔
کمر کھول بیٹھنا۔	کام سے فراغت پاکر آرام سے بیٹھنا۔ کام کرنے کا خیال چھوڑ دینا۔ ؎ روز و شب جوں مہر و مہ پھرتے ہیں بہر قرص ناں اہل دنیا کھول بیٹھے کب تحمل سے کمر
کمی نہ کرنا۔	کسر نہ چھوڑنا۔ ذرا نہ چوکنا۔ (ع) "تمہیں قسم ہے ہمارے سر کی ہمارے حق میں کمی نہ کرنا"۔
کنارہ کرنا	الگ ہونا۔ چھوڑ بیٹھنا۔ (فقرہ) بڑوں کی صحبت سے کنارہ کرنا ہی

محاورہ	معنی
	بہتر ہے"۔ شعر سب بڑے وقت میں کرتے ہیں کنارہ افسوس آیا ساحل نہ کبھی ماہی بے آب کے پاس } (ناسخ)
کندھا ڈالنا	بیل کا کندھے پر سے جوا گرا دینا۔ شعر گھوڑوں کا ہوا تھا حال پتلا بیلوں نے دیا تھا ڈال کندھا } (حالی) کبھی ہمت ہار دینے کے لئے بھی بولتے ہیں:- (فقرہ) تم تو ہر کام کے شروع ہی میں کندھا ڈال دیتے ہو"۔
کنوئیں میں بانس ڈالنا۔	بہت دیکھ بھال کرنا۔ بہت تلاش کرنا۔ تمام دنیا میں ڈھونڈنا۔ (فقرہ) میں نے نوکر کی تلاش میں کنوئیں میں بانس تک ڈال لئے۔ مگر مجھے اس کا کہیں پتہ نہ ملا"۔
کنوئیں جھنکانا	ناک میں دم کر دینا۔ باؤلا بنا کر پھرانا۔ شعر گھبرا کے کبھی جاتے ہیں دریا کبھی تالاب کیا ہم کو جھنکاتی ہے کنوئیں چاہ تمہاری } (امانت)
کوٹ کوٹ کر بھرنا	خوب بھرنا۔ ٹھونس ٹھونس کر بھرنا۔ (فقرہ) خدا نے تمہارے مزاج میں شرارت تو کوٹ کوٹ کر بھری ہے"۔

کوڑی کوڑی کو محتاج ہونا -	حد درجہ نادار اور مفلس ہو جانا - پائی پائی کو تنگ ہونا - (فقرہ) "خدا کے لئے میری کچھ مدد کرو - میں آج کل کوڑی کوڑی کو محتاج ہوں"-
کوڑی کو نہ پوچھنا	ذرا بھی عزت اور قدر نہ کرنا - بات نہ پوچھنا - (فقرہ) "مفلسی میں کوئی کوڑی کو نہیں پوچھتا" (۲) "فضول خرچی چھوڑ دو ورنہ یاد رکھنا تنگدستی میں کوئی کوڑی کو نہ پوچھیگا"
کوڑی کے تین تین	نہایت سستا - نہایت بے قدر - مفت کی چیز - ؎ کوڑی کے اس جہاں میں نقش نگین ہیں کوڑی نہ ہو تو کوڑی کے پھر تین تین ہیں (نظیر)
کوڑی کے کام کا نہیں -	بالکل نکما اور بے مصرف ہے - (فقرہ) "یہ انجن تو کوڑی کے کام کا نہیں - اسے مت خریدو"-
کوڑی کے مول بکنا -	نہایت سستا بکنا - ؎ بعد فنا کھلے گی تجھے قدر زندگی کوڑی کے مول بکنے کی یہ استخوان نہیں (آتش) (فقرہ) "آج کل آم کوڑی کے مول بکتے ہیں"
کوڑے کرنا	بیچنا - سستا بیچنا - (فقرہ) جناب اس کو سیدھا سادہ نہ سمجھنا

	یہ تو آپ کے بھی کوڑے کرلائے "!
کوسوں دور بھاگنا	پاس نہ پھٹکنا۔ (فقرہ) خوشی تو مجھ سے کوسوں دور بھاگتی ہے۔
کولھو کے بیل کی طرح چلنا۔	سخت محنت کرنا۔ ہر وقت کام میں لگا رہنا (فقرہ) میں رات دن کولھو کے بیل کی طرح چلتا ہوں مگر پھر بھی گھر کا گذارہ بخوبی نہیں ہوتا۔
کوئی دم کا مہمان ہے۔	جلد رخصت ہونے والا ہے۔ جلد مرنے والا ہے (فقرہ) حمید کوئی دم کا مہمان ہے صورت دیکھنی ہے تو جا کر دیکھ لو۔
کوئی دن کا مہمان ہے۔	ایک دو روز میں فنا ہونے والا ہے۔ (فقرہ) ڈاکٹر صاحب نے آج صاف کہہ دیا کہ حمید کوئی دن کا مہمان ہے دوا سے اچھا نہ ہوگا۔
کھٹ پٹ ہونا	لڑائی ہونا۔ (فقرہ) آج کل میری سوہن سے کھٹ پٹ ہے۔
کھٹائی میں ڈالنا	ٹال مٹول کرنا۔ ڈھیل ڈالنا۔ (فقرہ) آپ نے تو میرا معاملہ کھٹائی

	میں ڈال دیا۔
کھٹک جانا۔	چبھ جانا۔ اثر کر جانا۔
	؎
	کھٹک رہی ہے چمن کی بہار آنکھوں میں۔
کھچا کھچ بھرنا۔	خوب داب داب کر بھرنا۔ ٹھونس ٹھونس کر بھرنا۔
	(فقرہ) (۱) "ریلوے والے گنگا اشنان کے میلہ کے دنوں میں یاتریوں کو مال گاڑیوں میں بھی کھچا کھچ بھر دیتے ہیں"۔
	(۲) "گاڑیاں مسافروں سے کھچا کھچ بھری ہوئی تھیں"۔
کھچڑی پکانا۔	چپکے چپکے صلاح و مشورہ کرنا۔ ؎
	کھچڑی سی گھٹا میں پک رہی تھی پر بوند ابھی نہیں پڑی تھی } (اسمٰعیل میرٹھی)
	(فقرہ) آپ کا چپکے چپکے کھچڑی پکانا مناسب نہیں
کھرا کھیل فرخ آبادی۔	فرخ آبادی روپیہ کا معاملہ سب سے کھرا ہے۔ یا معاملہ کو صاف رکھنا اچھا ہے۔ مزدوری دے کر کام لینا۔ نقد قیمت دے کر چیز خریدنا۔ فوراً کام ہو جانا ۔
	(فقرہ) دوکاندار۔ جناب بابو جی چیز لے جایئے۔ قیمت پھر آجائیگی۔

	بابو جی - نہیں بھائی - کھڑا کھیل فرخ آبادی!
کھڑا پانی نہ پینا	فوراً چلا جانا - ذرا نہ ٹھیرنا - (فقرہ) "اگر آپ کی طرح اُسے میرے ساتھ وہ بڑا سلوک کریں تو میں ان کے یہاں کھڑا پانی نہ پیوں"-
کھڑے کھڑے پھرنا	بے قرار پھرنا - (فقرہ) رات ننھے کے پیٹ میں اس زور کا درد اُٹھا کہ ہم ساری رات کھڑے کھڑے پھرتے رہے -
کھلبلی ڈالنا یا کھلبلی مچانا -	خلل ڈالنا - غدر ڈالنا (فقرہ) "محفل میں کیا اچھا رنگ جما ہوا تھا مگر افسوس بارش نے کھلبلی ڈال دی"-
کھلے بندوں -	بے خوف - بے دھڑک - بے روک ٹوک - ڈنکے کی چوٹ - (فقرہ) "ان دونوں بدمعاشوں کو پانچ پانچ سال کی سزا ہوگئی ہے - اب تم شوق سے کھلے بندوں پھرو"-
کھوج پانا -	پتہ پانا - ؎ اُسے ہم نے بہت ڈھونڈا نہ پایا اگر پایا تو کھوج اپنا نہ پایا
کھود کھود کر پوچھنا -	طرح طرح سے پوچھنا -

محاورہ	معنی
	(فقرہ) "لالہ جی نے آپ کا پتہ ٹھکانا مجھ سے بہت ہی کھود کھود کر پوچھا۔ مگر میں نے انہیں باتوں ہی میں ٹرخا دیا۔"
کھیل اڑ کر منہ میں نہ جانا۔	قطعی کوئی چیز نہ کھانا۔ (فقرہ) "لڑکی کو ہر روز سخت بخار چڑھتا ہے پانچ دن سے منہ میں کھیل بھی اڑ کر نہ گئی۔"
کھیت چھوڑ جانا۔	لڑائی کے میدان سے بھاگ جانا۔ پیٹھ دکھانا (فقرہ) جرمنی فوج کئی مرتبہ کھیت چھوڑ گئی۔
کھیت رہنا۔	قتل ہونا۔ (فقرہ) "جنگ پلاسی میں سراج الدولہ کی کچھ فوج تو کھیت چھوڑ کر بھاگ گئی باقی سب کھیت رہی۔"
کھیل بکھیڑا ہونا	کام بگڑنا۔ کام میں خلل پڑنا۔ (فقرہ) "تمام لوگ میرے کہنے پر عمل کرنے کو تیار تھے۔ مگر سوہن نے آ کر کھیل بکھیڑا کر دیا۔"
کھیل کھلانا۔	دق کرنا۔ ناچ نچانا۔ (فقرہ) "محمود سارے دن مجھے کھیل کھلاتا ہے۔"
کھیل نہیں ہے	ادنی بات نہ ہونا۔ معمولی کام نہ ہونا۔

	سے نہیں کھیل اے داغ یاروں سے کہدو کہ آتی ہے اردو زباں آتے آتے (داغ)
کیفر کردار کو پہنچنا	سزا بھوگنا ۔
کیوں نہیں ۔	ضرور بالضرور ۔ (فقرہ) حامد ۔ میاں محمود کیا آپ بھی شادی میں جائینگے محمود ۔ کیوں نہیں ! ۔

گ

گاجر مولی سمجھنا	کم قیمت اور ادنےٰ سمجھنا ۔ جناب یہ زعفران ہے کوئی گاجر مولی نہیں ہے ۔
گال بجانا ۔	بیہودہ بکنا ۔ بکواس کرنا ۔ (فقرہ) تمہیں گال بجاتے شرم نہیں آتی ۔"
گالم گلوچ کرنا	گالیاں بکنا ۔ (فقرہ) شریف بچوں کا کام گالم گلوچ کرنا نہیں ہے ۔
گالیوں پر اتر آنا	گالیاں دینے لگنا ۔

(فقرہ) جب مولوی صاحب سے کچھ جواب نہ بن پڑا تو حضرت گالیوں پر اُتر پڑے۔

گالیوں پر منہ کھلنا — گالیوں کی عادت پڑ جانا۔

گالیاں زبان پر چڑھنا۔

بے زبانی باتیں سنوانے لگی
گالیوں پر منہ تمہارا کھل گیا (وزیر)

گالیوں کا جھاڑ باندھنا یا گالیوں کی بوچھاڑ کرنا — لگاتار گالیاں دیئے چلے جانا۔
(فقرہ) جناب بس اب خاموش رہیئے۔ آپ نے تو گالیوں (کا جھاڑ باندھ دیا) (کی بوچھار کر دی)

گانٹھ باندھنا۔ — یاد رکھنا۔
(فقرہ) میری نصیحت گانٹھ باندھ لو۔

گانٹھ پڑنا۔ — فرق پڑنا۔
(فقرہ) "اب میرے دل میں اُن کی طرف سے گانٹھ پڑ گئی ہے"۔

گانٹھ کا پورا۔ — مالدار۔
(فقرہ) لالہ دیوان چند گانٹھ کے پورے ہیں۔

گانٹھ سے جانا۔ — گرہ سے جانا۔ جیب سے نکلنا۔ نقصان ہونا۔

قرض احباب کو دینے سے محبت ٹوٹے
گانٹھ سے جائے رقم ہاتھ سے گاہک چھوٹے